حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، ستمبر تا دسمبر 2015

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

روٹس فار ایکوٹی

2015

حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، ستمبر تا دسمبر 2015

تحریر و ترتیب
صبیحہ حسن

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

2015

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ نمبر
مخففات	vii
ابتدائیہ	x
الف۔ ملکی زرعی خبریں	1-71
I۔ زرعی مواد	1-17
زمین	1
پانی	7
بیج	15
کسان/ مزدور	16
II۔ زرعی مداخل	17-24
کسان پیکج	17
قدرتی اور صنعتی زراعت	19
کھاد	20
زرعی مشینری	21
زرتلافی	21
زرعی قرضے	22
زرعی تحقیق	23
III۔ غربت اور غذائی تحفظ	24-28
غربت	24
غذائی تحفظ	27

IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں	28-37
غذائی فصلیں	28
پھل سبزی	32
نقد آور فصلیں	33
V۔ تجارت	37-46
برآمدات	38
درآمدات	44
VI۔ کارپوریٹ شعبہ	46-48
غذائی کمپنیاں	46
مشروبات کی کمپنیاں	47
کھاد کمپنیاں	48
VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی	49-53
مال مویشی	49
ماہی گیری	52
مرغبانی	52
VIII۔ ماحول	53-61
زمین	54
پانی	58
فضا	60
IX۔ موسمی تبدیلی	61-63
عالمی سربراہی اجلاس	62
سبز معیشت	62

X۔ قدرتی بحران	63-66
سیلاب	64
زلزلہ	64
XI۔ مزاحمت	66-69
زمین	66
پانی کی قلت	68
امدادی قیمت	68
XII۔ بیرونی امداد	69-71
عالمی بینک	69
ایشیائی ترقیاتی بینک	70
جاپانی امداد	70
جرمن امداد	71
اقوام متحدہ کی امداد	71
ب۔ عالمی زرعی خبریں	72-88
I۔ زرعی مواد	72
زمین	72
II۔ زرعی مداخل	72-73
قدرتی اور صنعتی طریقہ زراعت	72
III۔ غربت اور غذائی تحفظ	73-74
غربت	73
غذائی تحفظ	74
IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں	74-75
غذائی فصلیں	74

V۔ تجارت	75-76
برآمدات	75
VI۔ کارپوریٹ شعبہ	76-77
خوردہ فروش کمپنیاں	76
غذائی کمپنیاں	76
زرعی ادویات کی کمپنیاں	77
VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی	77-78
مال مویشی	77
مرغبانی	77
VIII۔ ماحول	78-80
زمین	78
جنگل	79
پانی	80
فضا	80
IX۔ موسمی تبدیلی	81-86
عالمی حدت	82
عالمی سربراہی کانفرنس	83
X۔ قدرتی بحران	86-88
سیلاب	86
جنگلی آگ	87
زلزلہ	88
XI۔ مزاحمت	88
XII۔ بیرونی امداد	88

مخففات

ADB	**Asian Development Bank**
AEDB	**Alternative Energy Development Board**
AMP	**Anjuman Muzareen Punjab**
ANP	**Awami National Party**
APTMA	**All Pakistan Textile Mills Association**
BISP	**Benazir Income Support Program**
BNP	**Balochistan National Party**
CAI	**Cotton Association of India**
CCBPL	**Coca-Cola Beverages Pakistan Limited**
CDA	**Capital Development Authority**
CDFA	**Corporate Dairy Farmers Association of Pakistan**
CDWP	**Central Development Working Party**
CRFG	**China Railway First Group**
DAP	**Diammonium Phosphate**
DCO	**District Coordination Officer**
DFID	**Department for International Development**
DFIs	**Development Finance Institutions**
DHA	**Defence Housing Authority**
DPP	**Department of Plant Protection**
EPZ	**Export Processing Zone**
FAO	**Food and Agriculture Organization**
FBR	**Federal Board of Revenue**
FDA	**Food and Drug Administration**
FICCI	**The Federation of Indian Chambers of Commerce and Industry**
FPCCI	**Federation of Pakistan Chambers of Commerce & Industry**
FSSAI	**Food Safety and Standards Authority of India**
FWO	**Frontier Works Organization**
GCF	**Green Climate Fund**
GPO	**General Post Office**
IAEA	**International Atomic Energy Agency**
IARC	**International Agency for Research on Cancer**
ICAC	**International Cotton Advisory Committee**
ICARDA	**International Center for Agricultural Research in the Dry Areas**
ICCBS	**International Centre for Chemical and Biological Sciences**
IFRC	**International Federation of Red Cross and Red Crescent**

	Societies's
IMF	**International Monetary Fund**
IPCC	**Intergovernmental Panel on Climate Change**
IPRs	**Intellectual Property Rights**
IRSA	**Indus River System Authority**
IUCN	**International Union for Conservation of Nature**
JICA	**Japan International Cooperation Agency**
KMC	**Karachi Metropolitan Corporation**
KPK	**Khyber Pakhtunkhwa**
KWSB	**Karachi Water and Sewerage Board**
LBOD	**Left Bank Outfall Drain**
LEGS	**Livestock Emergency Guidelines and Standards**
NARC	**National Agriculture Research Centre**
NBSAP	**National Biodiversity Strategy and Action Plan**
NDMA	**National Disaster Management Authority**
NEPRA	**National Electric Power Regulatory Authority**
NHA	**National Highway Authority**
NIO	**The National Institute of Oceanography**
NKP	**Nitro Phosphorus Potassium**
NOC	**No Objection Certificate**
NOP	**National Organic Program**
NP	**Nitro Phosphate**
PAAPAM	**Pakistan Association of Automotive Parts & Accessories Manufacturers**
PAC	**Public Accounts Committee**
PAEC	**Pakistan Atomic Energy Commission**
Pak-EPA	**Pakistan Environmental Protection Agency**
PARC	**Pakistan Agricultural Research Council**
PASSCO	**Pakistan Agricultural Storage and Services Corporation**
PCGA	**Pakistan Cotton Ginners' Association**
PCRWR	**Pakistan Council of Research in Water Resources**
PEEP	**Punjab Enabling Environment Project**
PFMA	**Pakistan Floor Mills Association**
PFVA	**All Pakistan Fruit and Vegetable Exporters, Importers & Merchants Association**
PIAIP	**Punjab Irrigated Agriculture Investment Program**
PKI	**Pakistan Kissan Etihad**
PNR	**Petroleum and Natural Resources**
PPA	**Pakistan Poultry Association**
PPAF	**Pakistan Poverty Alleviation Fund**

PSC	**Punjab Seed Corporation**
PSIC	**Punjab Small Industries Corporation**
PSMA	**Pakistan Sugar Mills Association**
RDF	**Research and Development Foundation**
REAP	**Rice Exporters Association of Pakistan**
RO	**Reverse Osmosis**
SAB	**Sindh Abadgar Board**
SAGP	**Sindh Agricultural Growth Project**
SAU	**Sindh Agriculture University Tandojam**
SCA	**Sindh Chamber of Agriculture**
SCCI	**Sialkot Chamber of Commerce and Industry**
SDPI	**Sustainable Development Policy Institute**
SEPA	**Sindh Environmental Protection Agency**
SIAPEP	**Sindh Irrigated Agriculture Productivity Enhancement Project**
SIDA	**Sindh Irrigation and Drainage Authority**
SPC	**Sindh Progressive Committee**
SPO	**Strengthening Participatory Organization**
SRSP	**Sarhad Rural Support Programme**
SUPARCO	**Space and Upper Atmosphere Research Commission**
TCP	**Trading Corporation of Pakistan**
TDAP	**Trade Development Authority of Pakistan**
TI	**Transparency International**
TRIPS	**Trade-Related Aspects of Intellectual Property Rights**
UAF	**University of Agriculture Faisalabad**
UNFCCC	**The United Nations Framework Convention on Climate Change**
USAID	**United States Agency for International Development**
USDA	**US Department of Agriculture**
USPCASW	**U.S.-Pakistan Center for Advanced Studies in Water**
UVAS	**University of Veterinary and Animal Sciences**
WAPDA	**Water and Power Development Authority**
WFP	**World Food Program**
WHO	**World Health Organization**
WMO	**World Meteorological Organization**
WPEP	**Wheat Productivity Enhancement Program**
WTO	**World Trade Organization**

ابتدائیہ

ستمبر تا دسمبر 2015 کے واقعات پر نظر ڈالیں تو صاف نظر آتا ہے کہ اقوام عالم دو تضادات کے درمیان جیے جانے پر مجبور کردی گئی ہے۔ ایک طرف موسمی تبدیلی کا چیلنج ہے تو دوسری طرف آزاد تجارت کے پیچھے اس استحصالی نظام کا تسلسل ہے جس نے موسمی تبدیلی جیسے بحران کو خود جنم دیا۔ دونوں تیزی سے مختلف سمت میں سفر کررہے ہیں اور انسانیت اس تناؤ کے بیچ کسی بھیانک تباہی کے انتظار میں ہے۔ عالمی معاشی نظام میں بنیادی تبدیلی کیے بغیر موسمی تبدیلی سے امنڈتی تباہی سے نمٹا نہیں جاسکتا ہے۔ اس کو سمجھنے کے لیے ہم پچھلے چار مہینوں کی کچھ خبروں پر نظر ڈالتے ہیں۔

دسمبر 2015 میں دو اہم بین الاقوامی اجلاس منعقد ہوئے ایک عالمی ادارہ تجارت یا ڈبلیو ٹی او کا وزارتی اجلاس جو نیروبی، کینیا میں ہوا اور دوسرا پیرس، فرانس کے نواحی علاقے میں اقوام متحدہ فریم ورک برائے موسمی تبدیلی (UNFCCC) کوپ 21 کا سربراہی اجلاس تھا۔ ایک میں آزاد تجارت کے فروغ کے لیے کسانوں کو دی جانے والی زرتلافی اور غذائی تحفظ کے لیے خوراک کے حکومتی ذخائر (پبلک اسٹاک ہولڈنگ) کے خاتمے پر اصرار تھا۔ دوسرے میں شریک ممالک نے اپنے تفصیلی منصوبے جمع کروائے جن میں بتایا گیا ہے کہ وہ کسی طرح اپنی سرحد میں کاربن اخراج کو 2020 کے بعد کم کریں گے۔ ترقی پزیر ممالک کو صاف توانائی کی طرف منتقل کرنے اور موسمی تبدیلی سے پیدا ہونے والے مسائل سے نمٹنے کے لیے کئی بلین ڈالرز درکار ہیں۔ چھ سال قبل امریکی سیکریٹری آف اسٹیٹ ہیلری کلنٹن نے موسمی تبدیلی سے متاثر غریب ممالک کی مدد کے لیے سال 2020 تک 100 بلین ڈالرز فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا اور ترقی یافتہ اقوام نے ساتھ دینے کا وعدہ بھی کیا تھا۔ اس ہدف کے لیے مقررہ وقت ختم ہونے کو ہے اور اب UNFCCC کی سیکریٹری یہ فرما چکی ہیں کہ اس ''امداد کا کوئی روڈ میپ نہیں ہے''۔ دوسری طرف ترقی پزیر ممالک کی طرف سے بھارت جیسا ملک جو گرین ہاؤس گیس خارج کرنے والا اب تیسرا بڑا ملک ہے دوٹوک الفاظ میں کہہ چکا ہے کہ اسے اپنی معاشی ترقی کے لیے رکازی ایندھن کے

استعمال میں اضافے کی ضرورت ہے یا پھر بحثیت ترقی پزیر ملک اسے کئی بلین ڈالرز امداد کے طور پر چاہیں تا کہ وہ ماحول دوست توانائی کی طرف سفر آسانی سے طے کر سکے۔ اس طرح کے خیالات کا اظہار افریقی ممالک کی طرف سے زمبابوے کے صدر رابرٹ موگا بے نے پیرس مزاکرات میں یوں کیا:

> ''افریقی ممالک پر موسمی تبدیلی کی وجوہات کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے لیکن اس سے پیدا ہونے والے خطرات افریقہ پر منڈلا رہے ہیں۔ افریقی ممالک کے پاس وہ ذرائع نہیں جن سے وہ خشک سالی اور سطح سمندر میں اضافے جیسے خطرات کا مقابلہ کر سکیں''۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ ''ہم اس سلسلے میں نہ زیادہ ذمہ داری لے سکتے ہیں اور نہ لیں گے کیونکہ ایسا کرنے سے افریقی ممالک کی ترقی اور غربت دور کرنے کی کوششیں متاثر ہوں گی''۔ کاش اس موقع پر ترقی پزیر ممالک کی طرف سے کوئی سربراہ اس ترقی کے ماڈل پر بھی آواز اٹھاتا جو ڈبلیو ٹی او اور عالمی امدادی اداروں کی طرف سے ہم پر مسلط ہے۔ ترقی پزیر ممالک کی یہ خاموشی ان کی اپنی آبادی کی اکثریت، جو موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہے پر بہت گراں گزر رہی ہے اور یہ وہ آبادی ہے جس پر قطعاً کاربن اخراج کی ذمہ داری عائد ہی نہیں ہوتی۔ موسمی تبدیلی کی عالمی سربراہی کانفرنس کے موقع پر آکسفیم کی جانب سے جاری رپورٹ میں اس حوالے سے کہا گیا کہ دنیا کی آبادی کے دس فیصد امیر لوگ دنیا میں کاربن اخراج کی آدھی مقدار کے ذمہ دار ہیں اور غریب ترین دنیا کی آدھی آبادی ایک بٹا دس فیصد کی ذمہ دار ہے۔ اس جمع اور تفریق سے یہ بات تو سامنے آ گئی کہ موسمی تبدیلی کی بحث میں معاشی انصاف کے موضوع کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور یہی بات اس بحث میں ''موسمی انصاف'' کا نعرہ لگانے والے بجا طور پر کررہے ہیں۔ آیئے اب ہم آزاد تجارت کے ''ثمرات'' کو اپنے ملک کے تناظر میں ذرا قریب سے دیکھتے ہیں۔

زراعت کے حوالے سے پاکستان میں وزیر اعظم کا کسان پیکج پچھلے چار مہینوں کی سب سے اہم خبر بن کر ابھرا۔ کسان مزدوروں کی بگڑتی ہوئی حالت زار کے بجائے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد نے

وزیراعظم کو مجبور کیا کہ وہ کسانوں پر پے در پے پڑتے زخموں پر کچھ مرہم رکھیں۔ کسان مزدوروں پر سب سے کاری ضرب تو آزاد تجارت کا نظام خود لگا رہا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن نے خوراک کے عالمی دن کے موقع پر یوں کہا:

''پاکستان میں کسان خوراک کی کم پیداوار کی وجہ سے نہیں بلکہ اضافی ذخیرے کی وجہ سے بحران کا شکار ہیں۔ غذائی اجناس کا عالمی ذخیرہ اس وقت انتہائی سطح پر ہے جبکہ ان کی قیمتیں انتہائی نچلی سطح پر ہیں''۔

پاکستان میں ستم بالائے ستم یہ ہے کہ کسانوں کی بڑی تعداد کے پاس اپنی زمین نہیں ہے اور سبز انقلاب کے بعد محتاج (صنعتی) زراعت نے زرعی پیداوار میں اضافہ تو ضرور کیا مگر کس قیمت پر؟ بیج سے لے کر ڈیزل اور پانی تک اور زرعی ادویات سے لے کر زرعی مشینری اور ذرائع آمد و رفت تک ہر مداخل پر کسان، جو قرض لے کر زراعت شروع کرتا ہے، کو قیمت ادا کرنی پڑتی ہے جو مستقل بڑھ رہی ہے۔ اس صنعتی زراعت کی قیمت کا اندازہ لگانے کے لیے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ہائبرڈ بیج، زرعی ادویات اور مصنوعی کھاد کی درآمد نے ہمارے تجارتی خسارے میں کتنا اصافہ کیا ہے؟ اس سے ہمارے ملکی قرضوں میں کتنا ضافہ ہوا ہے؟ ہمارے گیس کے ذرائع اور ماحول پر اس کا کیا اثر پڑا؟ حکومتیں ایسی زراعت کو فروغ دینے میں کتنی زرتلافی دیتی آئی ہیں؟ ایسی زراعت نے عام لوگوں، خاص طور سے کسان خاندانوں کی صحت پر کیا اثرات مرتب کیے ہیں؟ اور صحت پر ان کے اخراجات میں کتنا اضافہ ہوا ہے؟ ان سب اخراجات کو اکھٹا کرلیں اور پھر حساب لگائیں کہ اس زیادہ پیداوار کی اصل قیمت کیا ہے؟ صنعتی زراعت نے کسانوں کی خودمختاری اور پائیدار زراعت کو کمپنیوں کے ہاتھ دے کر جو کھیل کھیلا ہے وہ اب ''اضافی پیداوار'' کی صورت میں پورا چکر مکمل کرکے نیا بحران پیدا کرچکا ہے۔ عالمی ادارے جو کمپنیوں کے حق ہی میں بات کرتے ہیں کا اب تقاضہ ہے کہ کسانوں کو دی جانے والی زرتلافی ختم کی جائے کیونکہ اس سے عالمی تجارت پر منفی اثر پڑتا ہے۔ حکومتی زرتلافی ختم کرنے سے زراعت نہ صرف چھوٹے کسانوں کے بس کی بات نہیں رہی ہے بلکہ پاکستانی اشیاء عالمی منڈی میں مقابلے کی صلاحیت سے محروم ہوتی جارہی ہیں۔

گندم ہی کی مثال لے لیں، پاکستانی آٹا ملوں کے مطابق:

> ’’گندم کی عالمی قیمت میں فرق 100 ڈالرز فی ٹن تک بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے عالمی منڈی میں گندم برآمد کرنا ناممکن ہورہا ہے۔ گندم کی عالمی منڈی میں قیمت 200 ڈالرز ہے جبکہ مقامی قیمت 315 ڈالرز فی ٹن پر چلی گئی ہے‘‘۔

پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت ناصرف گندم کی بغیر محصول درآمد کی اجازت دے بلکہ گندم سے تیار کردہ اشیاء افغانستان اور وسط ایشیائی ممالک کو برآمد کرنے کی اجازت بھی دے۔ یعنی مقامی آٹا ملیں سستی درآمدی گندم کی صورت مراعات حاصل کریں لیکن کسان کو زرعی پیکج میں بھی غذائی فصلوں پر کسی قسم کی مراعات نہ ملیں۔ 341 بلین روپے کے کسان پیکج میں آدھے سے زیادہ زرعی قرضے ہیں جو چھوٹے کسانوں سے زیادہ بڑے کسانوں کے لیے مفید ہیں۔ اس میں کپاس اور چاول کے کاشتکاروں کو 5,000 روپے کی امدادی رقم دینے کا علان کیا گیا ہے جبکہ ان کاشتکاروں کو 30,000 سے 35,000 روپے فی ایکڑ نقصان کا سامنا ہے۔ گندم، گنا، سبزیاں وغیرہ اگانے والوں کے لیے پیکج میں کوئی امداد نہیں۔ گنے اور کپاس کے کاشتکاروں کے احوال کو بیان کیے بغیر یہاں پیکج کی بات مکمل نہیں ہوسکتی۔

سندھ میں وزیر اعلیٰ سید قائم عالی شاہ نے گنے کی امدادی قیمت طے کیے بغیر مل مالکان اور گنا اگانے والوں کے درمیان رابطہ پیدا کرکے انہیں خود قیمت کا تعین کرنے کو کہا ہے۔ کسانوں اور مل مالکان کے درمیان دو اجلاس بغیر نتیجے کے ختم ہوگئے۔ مل مالکان گنے کی قیمت 160 روپے فی من سے زیادہ دینے کو تیار نہیں تھے جبکہ سندھ حکومت نے گزشتہ سال 182 روپے فی من قیمت طے کی تھی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے صاف کہہ دیا ہے کہ حکومت کے پاس مالی استعداد نہیں کہ وہ اس سال گنے پر زرتلافی دے۔ وفاقی سطح پر گنے کی قیمت منڈی میں آزاد کرنے (ڈی ریگولیٹ) کی تجویز پر غور ہورہا ہے۔ یہ تجویز اقتصادی رابطہ کمیٹی نے 7 دسمبر کو پیش کی جس میں کہا گیا کہ حکومت اگلے موسم سے گنے کی قیمت منڈی پر چھوڑ دے تاکہ حکومتی مداخلت اور زرتلافی کا خاتمہ کیا جاسکے۔ کمیٹی چاہتی ہے کہ چاروں صوبے باظابطہ

طور پر زرتلافی کے خاتمے کے لیے گنے کی قیمت آزاد کریں۔ اگر قیمت آزاد ہوگی تو کسان بھی اب ''آزاد' ہوگا۔ کسان کو صنعتی زراعت اور زیادہ پیداوار کا پابند رکھنا اور اس کی اکثریت کو زمین اور بنیادی حقوق سے محروم رکھنا اب زیادہ دیر تک ممکن نہیں ہوگا۔ کسانوں کے پاس اپنی زنجیروں کے سوا اب کھونے کو کچھ نہیں یہ زنجیریں توڑ کر ہی وہ حقیقی ترقی کی منزل پاسکتے ہیں۔

خطرہ ہے زرداروں کو
گرتی ہوئی دیواروں کو
صدیوں کے بیماروں کو
خطرے میں 'کسان' نہیں

اس سال کپاس کی پیداوار پنجاب میں 30 فیصد اور سندھ میں چار فیصد کم رہی۔ تیز گرمی اور بے موسم کی بارش کے علاوہ گلابی سنڈی (pink bollworm) کا حملہ اس کی وجہ بتائی گئی ہے۔ پاکستان میں جینیاتی بی ٹی کپاس کے بیج کی مختلف اقسام کئی سالوں سے لگائی جارہی ہیں۔ بی ٹی امریکن سنڈی (American bollworm) کے خلاف مزاحمت رکھتا ہے دیگر کیڑوں کے خلاف نہیں جو کپاس کی فصل پر حملہ کرتے ہیں۔ تاہم ''غیر معیاری بیجوں'' کا بہانہ بنا کر اور سیڈ ایکٹ 2015 سے فائدہ اٹھا کر، اب جینیاتی کمپنیوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے پلانٹ بریڈرز رائٹ بل پارلیمان میں لایا جارہا ہے تاکہ مونسانٹو، پائینر اور سنجنٹا جیسی کمپنیاں ملکیتی حقوق (پیٹنٹ) کے تحفظ کے ساتھ پاکستان میں اپنا کاروبار آرام سے جما سکیں۔ پاکستان میں بڑی تیزی زرعی سے کارپوریٹ ایجنڈے کو فروغ دیا جارہا ہے، اس کی ایک اور مثال چھوٹے کسانوں کی طرح دودھ اور گوشت بیچنے والوں کا صفایا کیا جانا ہے۔ حلال فوڈ اتھارٹی کی تیاری کے ساتھ ہی پنجاب اور سندھ کی حکومتیں ''غیر معیاری'' گوشت بیچنے کے الزام میں قصابوں کو حراساں کررہی ہیں۔ دوسری طرف دودھ بیچنے والوں کے خلاف قیمت بڑھانے کے الزام میں حکومتی کاروائیوں میں تیزی آ گئی ہے۔ ان دودھ بیچنے والوں کا تعلق ان 8.3 ملین خاندانوں سے ہے جو دودھ کے کاروبار میں شامل ہیں جن میں ایک سے چھ مویشی پالنے والے 92 فیصد چھوٹے پیمانے پر کاروبار

کرنے والے ہیں۔ کارپوریٹ شعبہ اپنے ڈبہ بند دودھ کی قیمتیں باقائدگی سے بڑھارہا ہے، ان کے خلاف ایسی حکومتی کاروائی ہوتی نظرنہیں آرہی۔ دودھ کے کاروبار سے نیسلے جیسی کمپنی دنیا کی سب سے بڑی غذائی کمپنی بنی بیٹھی ہے۔ اب پاکستان چین اقتصادی راہداری کے ذریعے ایسی ہی سرمایہ کاری کو مزید تقویت ملے گی۔ اس کا اندازہ حال احوال کے اس شمارے کی کچھ خبروں سے لگایا جاسکتا ہے۔ مثلاً ایک خبر کے مطابق چین کا پاکستان کے مرغبانی کے شعبے میں 50 بلین روپے کی سرمایہ کاری کا ارادہ ہے۔ اسی طرح پچھلے دنوں خبر گرم تھی کہ ملک میں گدھے مارے جارہے ہیں ان کی کھالیں چین برآمد کی جارہی ہیں اور گوشت ملک میں بک رہا ہے۔ گدھے کی ہڈیوں کی بھی چین کو ضرورت ہے کیونکہ ان سے کریم تیار ہوتی جو چہرے کی جھریوں کو ختم کرتی ہے۔ غالباً اسی لیے چینی سرمایہ کاروں کے ایک وفد نے صوبہ خیبر پختون خواہ کے وزیر اعلیٰ پرویز خٹک سے ملاقات کے دوران نہ صرف مال مویشی بلکہ گدھے چین برآمد کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا اور صوبے میں گدھوں کی پرورش کے لیے جدید فارم بنانے میں مدد کی پیشکش کی۔ بیرونی سرمایہ کاری اور امداد کو ان شعبوں میں فروغ ملنا چاہیے جو ملک کے لیے بہت ضروری، عوامی ترجیحات اور مفادات کے مطابق ہوں یا کم از کم ان کی مخالفت میں نہ ہوں۔ ترجیحات کی بات آئی تو لاہور میں میٹروٹرین منصوبہ اس کی ایک اور اعلیٰ مثال ہے۔ جہاں حکومت کے پاس کسانوں کو زرتلافی دینے کی استعداد نہ ہو وہاں ایسے منصوبے زمانہ بادشاہت کی یاد دلاتے ہیں۔

پاکستان چین اقتصادی راہداری پاکستان میں دیگر ممالک سے سرمایہ کاری حاصل کرنے میں مدد دے گی۔ اگر پاکستان بیرونی سرمایہ کاری کا ایک مرکز بننے جارہا ہے تو ہماری قیادت کو اس وقت عوامی مفادات کے تحفظ کے حوالے سے بہت ہوشمند ہونا چاہیے۔ یہاں صرف ایک مثال دے کر پوری بحث کو سمیٹنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایک خبر کے مطابق تھائی لینڈ پاکستان میں مچھلی محفوظ کرنے کی صنعت قائم کرنے کی خواہش رکھتا ہے تاکہ وہ یہاں سے سمندری خوارک اپنے ملک برآمد کرسکے۔ یعنی دوسرے ملک اپنے عوام کے غذائی تحفظ کا انتظام ہمارے ملک سے کررہے ہیں اور ہمارے ملک کا حال یہ ہے کہ یہاں کے بچوں کی آدھی تعداد کو غذائی کمی کی وجہ سے صحیح نشو ونما نصیب نہیں۔ اپنے عوام کے گرد پالیسیاں بنانے، انہیں بااختیار بنانے، موسمی تبدیلی اور قدرتی آفات سے نمٹنے اور وسائل کے زیاں اور قبضے سے

بچنے کے بجائے اگر حکومتیں سرمایہ کاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کے اشاروں پر ناچنے لگیں تو ایسے ہی نتائج سامنے آتے ہیں اور پھر ان سے نمٹنے کے لیے غربت دور کرنے کا ڈھونگ رچایا جاتا ہے۔

الف۔ملکی زرعی خبریں

ا۔ زرعی مواد

زمین

- پاکستان چین اقتصادی راہداری

1 ستمبر: وزارت تجارت کے ایک اہلکار کا کہنا ہے پاکستان نے ایران کو پاکستان چین اقتصادی راہداری میں حصہ لینے اور ریلوے کے معیار کو بہتر کرنے، سرحد کے دونوں اطراف کی تجارتی منڈی کو مضبوط کرنے، گوداموں کی تعمیر اور سرحد پار کرنے کے لیے چوکیوں کی تعمیر میں مدد کی دعوت دی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 ستمبر، صفحہ 10)

1 ستمبر: برطانیہ اپنی گزشتہ پالیسیوں کے برعکس پاکستان چین اقتصادی راہداری کے شمالی حصے برہان حویلیاں ایکسپریس وے کی تعمیر کے لیے 121.6 ملین ڈالرز فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) اور برطانوی محکمہ برائے عالمی ترقی (DFID) مشترکہ طور پر حسن ابدال سے حویلیاں تک 59 کلومیٹر طویل ایکسپریس وے کی تعمیر کے لیے 327 ملین ڈالرز فراہم کریں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 ستمبر، صفحہ 12)

11 ستمبر: وفاقی وزیر برائے بندرگاہ و جہازرانی کامران مائیکل نے کہا ہے کہ حکومت نے گوادر بندرگاہ کو مکمل طور فعال کرنے کے لیے گوادر میں 2,281 ایکڑ زمین حاصل کرلی ہے جو خصوصی اقتصادی علاقے یعنی ایکسپورٹ پراسیسنگ زون (EPZ) کے قیام کے لیے چین کو دی جائے گی۔ (ڈان، 12 ستمبر، صفحہ 5)

31 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق پاکستان چین اقتصادی راہداری کے طویل راستے اور 210 منصوبوں پر کام کرنے والے 14,321 چینیوں کی حفاظت کے لیے 32,000 حفاظتی اہلکار بھرتی کیے جائیں گے جن کی تربیت 500 چینی اہلکار کریں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 نومبر، صفحہ 9)

15 نومبر: وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری برجیس طاہر نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان چین اقتصادی راہداری سے محصولات کی مد میں پاکستان کو سالانہ 70 بلین ڈالرز کی آمدنی ہوگی۔ چین پاکستان کو اس منصوبے کے تحت نقل و حمل اور مواصلاتی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے 11 بلین ڈالرز قرضہ فراہم کرے گا اور گوادر ہوائی اڈے کی تعمیر کے لیے 230 ملین ڈالرز کی امداد دے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 16 نومبر، صفحہ 10)

1 دسمبر: وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت پاک چائنہ سائنس و ٹیکنالوجی و تجارتی پارک اسلام آباد میں 1.5 بلین ڈالرز کی لاگت سے تعمیر ہوگا۔ پاکستان اس منصوبے کے لیے 500 ہیکٹر زمین فراہم کرے گا اور باقی تمام سرمایہ کاری چینی کمپنی کرے گی۔ اس مقصد کے لیے تین مقامات کی نشاندہی کرلی گئی ہے جس کا حتمی فیصلہ چینی کمپنی کرے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 دسمبر، صفحہ 3)

4 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق پاکستانی اور چینی حکومت کی جانب سے اقتصادی راہداری پر دیا گیا بیان تقریباً یکساں ہے۔ مختلف راستوں میں وہ راستہ جس میں بنیادی ڈھانچہ پہلے سے موجود ہے کو اولیت دی گئی ہے تاکہ منصوبے پر فوری عمل درآمد ہوسکے۔ مضمون میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اس منصوبے کی اہمیت کو پاکستان نے 2002 میں واضح کیا جبکہ چین نے اس کا تجزیہ کرنے میں کچھ وقت لیا۔ (میاں سیف الرحمان، دی نیوز، 4 دسمبر، صفحہ 4)

20 دسمبر: ایک خبر کے مطابق حکومت نے اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت ریل کی پٹریوں کو جدید بنانے اور نئی پٹریوں کی تنصیب کا منصوبہ بنایا ہے۔ اس منصوبے کے تحت ایک ریل ٹریک گوادر سے کوئٹہ، جیکب آباد بزریعہ بسمہ تحصیل اور ایک 560 کلومیٹر طویل ٹریک بوستان سے کوٹلہ جام بزریعہ ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان بچھایا جائے گا۔ مزید 682 کلومیٹر طویل ایک ٹریک حویلیاں سے خنجراب تک بچھایا جائے گا۔ (ڈان، 21 دسمبر، صفحہ 3)

بلوچستان:

18 نومبر: ایک خبر کے مطابق پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت گوادر میں 650 ایکڑ زمین پر محیط آزاد تجارتی علاقے کا قیام اپنے آخری مراحل میں ہے۔ پاکستان چین کو گوادر میں کل 2,281 ایکڑ زمین فراہم

کرے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 نومبر، صفحہ 11)

22 نومبر: بلوچستان نیشنل پارٹی (BNP) کے رہنما سردار اختر مینگل نے کہا ہے کہ پاکستان چین اقتصادی راہداری سے صرف پنجاب کو فائدہ ہوگا۔ گوادر کو غیر مقامی لوگوں کے لیے آباد کیا جارہا ہے اور بلوچ گوادر بندرگاہ میں داخل بھی نہیں ہوسکتے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 23 نومبر، صفحہ 9)

6 دسمبر: کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے BNP (بی این پی) کے صدر اختر مینگل نے اعلان کیا ہے کہ وہ اقتصادی راہداری منصوبے پر صوبے کے عوامی تحفظات پر بات چیت کے لیے جلد اسلام آباد میں سیاسی جماعتوں کا اجلاس طلب کریں گے۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 5)

گلگت بلتستان:

11 دسمبر: وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان حافظ حفیظ الرحمٰن نے وزیر تجارت خرم دستگیر خان سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران تجویز دی ہے کہ وفاقی حکومت غذر تا تاجکستان راستے کو اقتصادی راہداری منصوبے میں شامل کرے۔ غذر تاجکستان راستہ پاکستان کو وسط ایشیائی ریاستوں سے ملانے کا قابل عمل اور موزوں راستہ ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 دسمبر، صفحہ 3)

خیبر پختون خواہ:

1 دسمبر: خیبر پختون خواہ (KPK) اسمبلی کی پارلیمانی پارٹیوں کے رہنماؤں بشمول وزیر اعلیٰ پرویز خٹک نے اسمبلی ہال میں ملاقات کی جہاں انہیں پختون خواہ اولاسی تحریک کی طرف سے اقتصادی راہداری منصوبے کا مختصر جائزہ پیش کیا گیا۔ شرکاء نے فیصلہ کیا کہ ایک قرارداد اسمبلی میں پیش کی جائے گی جس میں وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا جائے گا کہ کل جماعتی کانفرنس میں منصوبے کے حوالے سے کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کیا جائے۔ KPK (کے پی کے) حکومت وفاقی حکومت پر زور دے گی کہ وہ اقتصادی راہداری کے مغربی راستے کو اہمیت دے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 دسمبر، صفحہ 3)

3 دسمبر: وزیر اعلیٰ کے پی کے پرویز خٹک نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف سید خورشید شاہ سے ملاقات کے دوران کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے تمام ترقیاتی منصوبے اقتصادی راہداری کے مشرقی راستے کی طرف موڑ دیے ہیں اور مغربی راستے کو مکمل نظر انداز کر دیا ہے۔ (دی نیوز، 4 دسمبر، صفحہ 3)

4 دسمبر: کے پی کے اسمبلی نے ایک قرارداد کے ذریعے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پاکستان چین اقتصادی راہداری کے مغربی راستے کے تمام حصوں پر کام کا آغاز کرے جن میں ریلوے، تیل اور گیس کی لائنوں کے علاوہ فائبر آپٹک کیبل، بجلی گھر اور چھ رویہ موٹروے کی تعمیر شامل ہے۔ مغربی راستے پر ان سہولیات کی فراہمی کا فیصلہ 28 مئی، 2015 کو ہو چکا تھا۔ (ڈان، 5 دسمبر، صفحہ 7)

پنجاب:

6 دسمبر: لاہور میں پاکستان چین اقتصادی راہداری پر منعقد کیے گئے مباحثے میں شرکاء نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبے کو جوہری پروگرام کی طرح قومی ترجیح کا درجہ ملنا چاہیے تاکہ بغیر کسی رکاوٹ کے ایک آزاد ٹیم کی نگرانی میں اس کے منصوبے مکمل ہوسکیں۔ چین نے اس منصوبے کا فیصلہ بدلتے ہوئے عالمی حالات کے تناظر میں کیا ہے جس میں بڑی طاقتیں اس کے گرد گھیرا تنگ کر رہی ہیں۔ رہنماء مسلم لیگ ن محمد مہدی نے اجلاس کی میزبانی کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں یہ صلاحیت ہے کہ وہ چین اور امریکہ کے درمیان پل کا کردار ادا کرسکتا ہے۔ پاکستان نے پہلے بھی یہ کام کیا ہے۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 2)

سندھ:

12 نومبر: وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے چینی حکام اور وفاقی حکومت سے درخواست کی ہے کہ حیدر آباد سے سکھر تک موٹر وے اور کیٹی بندر کو پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبے میں شامل کرلیا جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 نومبر، صفحہ 10)

- زمینی قبضہ

خیبر پختون خواہ:

20 دسمبر: تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے میانوالی میں نمل یونیورسٹی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقامی سلو برادری کو خبردار کیا ہے کہ وہ نمل یونیورسٹی کو چار ایکڑ زمین فروخت کردیں ''ورنہ ہم لینڈ ایکوزیشن ایکٹ کی دفعہ چار کے تحت اس پر قبضہ کرلیں گے''۔ سلو برادری کا کہنا ہے کہ وہ پہلے ہی عمران خان کو نمل یونیورسٹی کے قیام کے لیے زمین عطیہ کرچکے ہیں لیکن اب ان کے رویے کی وجہ سے وہ اونے پونے داموں زمین کی فروخت مسترد کرتے ہیں۔ (ڈان، 21 دسمبر، صفحہ 2)

بلوچستان:

18 ستمبر: وزیر اعلیٰ بلوچستان عبد المالک بلوچ نے گوادر صنعتی زون میں زمینوں پر قبضہ (الاٹمنٹ) فراہم کرنے پر تحقیقات کا حکم دیا ہے اور تحقیقات مکمل ہونے تک زمینوں کا قبضہ فراہم کرنے پر پابندی عائد کردی ہے۔ وزیر اعلی نے ضلع گوادر کے علاقے کروت میں زمینوں پر قبضہ فراہم کرنے میں بے قائدگیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکام کو ہر قیمت پر مقامی آبادیوں کے زمینی حقوق کا تحفظ کرنا چاہیے۔ (ڈان، 19 ستمبر، صفحہ 5)

22 نومبر: خبر کے مطابق وزیر اطلاعات و پارلیمانی امور بلوچستان رحیم زیارتوال نے صوبائی اسمبلی میں نو نومبر کو جنگل اور جنگلی حیات کے تحفظ کا ترمیمی بل 2015 پیش کیا جسے ارکان نے بغیر کسی بحث کے فوری منظور کرلیا تھا۔ بل کے مطابق وفاقی حکومت کو پاکستان اسپیس اینڈ اپر ایٹموسپھیئر ریسرچ کمیشن (SUPARCO) کے لیے لسبیلہ کے ہنگول نیشنل پارک میں محکمہ جنگلات کی 9,000 ایکڑ زمین دی جارہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے بل کے ساتھ قرارداد بھی پیش کی تھی جس میں بل کو اسمبلی میں بحث سے مستثنٰی قرار دیا گیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 23 نومبر، صفحہ 3)

پنجاب:

2 ستمبر: سپریم کورٹ میں ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (DHA) لاہور کی جانب سے DHA (ڈی ایچ اے) 7 کی توسیع کے لیے 156 کنال زمین ڈی ایچ اے کے نام کرنے پر چیف جسٹس جواد ایس خواجہ نے افسوس کا اظہار کرتے

ہوئے کہا ہے کہ چند افراد شہیدوں، بیواؤں اور یتیموں کا نام استعمال کرکے قانون، اخلاقیات اور آئین کو سراسر نظر انداز کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ 920 ملین روپے مالیت کی اس زمین پر سال 2004 سے تنازعہ چل رہا ہے۔ (ڈان، 3 ستمبر، صفحہ 16)

4 ستمبر: اخباری اداریے کے مطابق پنجاب میں ڈی ایچ اے کی توسیع اور اس میں ہونے والی بے ضابطگیوں کے خلاف سپریم کورٹ میں مقدمہ زیرِ سماعت ہے۔ ڈی ایچ اے کے تحت لاہور، راولپنڈی، بہاولپور اور گجرانوالہ میں بنی رہائشی کالونیاں فوجی افسران کے لیے ہوتی ہیں جن میں فوجی سربراہان کے ادوار میں توسیع بھی ہوتی رہی ہے۔ مگر پنجاب حکومت اس پورے عمل میں غیر فعال رہی اور کوئی کاروائی نہیں کی گئی۔ ان رہائشی منصوبوں کے ذریعے ملک میں اشرافیہ کے لیے بڑے پیمانے پر گھر بن رہے ہیں اور دوسری جانب آبادی کا ایک بڑا حصہ رہائش سے محروم ہے۔ پنجاب حکومت اس معاملے پر بھی خاموش ہے کہ بڑے پیمانے پر سرکاری زمین پر اشرافیہ قابض ہے۔ اس عمل کو روکنے اور شہریوں کے لیے سستے رہائشی منصوبے متعارف کرانے کی ضرورت ہے۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 8)

2 دسمبر: ایک اخباری خبر کے مطابق اورنج لائن میٹرو ٹرین منصوبے کے خلاف لاہور کے مختلف علاقوں کے رہائشیوں کی مزاحمت کے پیشِ نظر حکومت مختلف حکمت عملیوں پر غور کررہی ہے تاکہ باآسانی اس منصوبے کے لیے زمین حاصل کرسکے۔ (خالد حسنین، ڈان، 2 دسمبر، صفحہ 2)

5 دسمبر: لاہور میں سماجی تنظیموں کے فورم سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِاعلیٰ پنجاب کے مشیر خواجہ احمد حسن نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے بہت محنت سے لاہور اورنج لائن ٹرین منصوبے کے لیے چین کا تعاون حاصل کیا ہے۔ ”ہم نے منصوبے کی قیمت کم کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ 1.65 ٹریلین روپے مالیت سے بننے والی اس ریل سہولت سے شہر کے گنجان آباد علاقوں کے 250,000 شہری فائدہ اٹھاسکیں گے۔ تاریخی عمارتوں کو نقصان سے بچانے کے لیے اعلیٰ ماہرین کی خدمات بھی حاصل کی گئی ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 دسمبر، صفحہ 5)

سندھ:

12 ستمبر: سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں سندھ حکومت کے محکمہ لینڈ یوٹیلائزیشن نے متحدہ عرب امارات کے شہری کو جھمپیر میں دی گئی 5,522 ایکڑ زمین لیز ختم ہونے کے چار سال بعد واپس لے لی۔ یہ زمین پہلی بار 1981 میں 30 سالہ لیز پر دی گئی تھی اور مدت ختم ہونے سے پہلے ہی 2009 میں وزیر اعلیٰ سندھ نے 30 روپے فی ایکڑ کے حساب سے دوبارہ 99 سال کے لیے لیز دی تھی۔ عرب شہری اس زمین کو تلور کے شکار کے لیے استعمال کرتے تھے جس پر حال ہی میں سپریم کورٹ نے پابندی عائد کردی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 ستمبر، صفحہ 9)

2 دسمبر: ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل (TI)، پاکستان نے سپریم کورٹ میں 40,000 ایکڑ زمین کے دوبارہ قبضہ پر پابندی لگانے کی درخواست کی ہے۔ سندھ حکومت نے ملیر ندی کے ساتھ 871 ایکڑ، کلفٹن کے ساحل پر 300 ایکڑ، نوری آباد میں 300 ایکڑ اور ٹھٹھہ میں 5,222 ایکڑ زمین پر فراہم کیا گیا قبضہ عدالت کے سامنے مبینہ بدعنوانی کے شواہد پیش کیے جانے کے بعد منسوخ کردیا گیا تھا۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 3)

5 دسمبر: سندھ میں اندرون ملک ہجرت اور شہری آبادی میں اضافے کے رجحان اور اس کے نتائج کے حوالے سے اقوام متحدہ کی جاری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے زیادہ سنجیدہ طریقے اپنانے ہوں گے جس کے لیے بنیادی اصلاحات ضروری ہیں۔ زرعی زمین کو ہائی وے اور رابطہ سڑکوں میں تبدیل کرنے پر سخت پابندی ہونی چاہیے کیونکہ اس عمل سے لوگوں میں عدم تحفظ پیدا ہوتا ہے۔ (ڈان، 6 دسمبر، صفحہ 5)

پانی

- پانی کی قلت

21 اکتوبر: کراچی میں غیر قانونی ہائیڈرنٹ کے خلاف مقدمے کی سماعت کے دوران چیف جسٹس سپریم کورٹ انور ظہیر جمالی نے کہا ہے کہ کراچی میں پانی کی قلت نہیں بلکہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ (KWSB) کی غفلت اور بدانتظامی ہے۔ شہر میں پانی کی قلت ہوتی تو لوگ کس طرح پانی خرید کر استعمال کرسکتے تھے۔ واضح رہے کہ ادارے نے شہر میں یومیہ 600 ملین گیلن پانی کی قلت کا دعوی کیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 اکتوبر، صفحہ 13)

27 اکتوبر: سندھ ہائی کورٹ نے KWSB (کے ڈبلیو ایس بی) کے منیجنگ ڈائریکٹر کو شہر میں پانی کی مصنوعی قلت اور اس کی غیر قانونی فروخت کے حوالے سے طلب کیا ہے۔ عدالت میں دائر کی گئی درخواست میں درخواست گزار کا موقف ہے کہ پانی چوری کرکے شہریوں کو مہنگے داموں فروخت کیا جاتا ہے۔ شہر کے مغربی زون کا چھ ملین گیلن گھریلو پانی کا کوٹہ صنعتی علاقوں میں فروخت کرکے 7.2 ملین روپے کمائے جاتے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 اکتوبر، صفحہ 15)

2 دسمبر: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (IRSA) نے کراچی کے لیے یومیہ 1,200 کیوسک پانی دینے سے انکار کردیا ہے۔ IRSA (ارسا) کے مطابق سندھ کو فراہم کیے جانے والے پانی میں کراچی کا حصہ شامل ہے۔ حکومت سندھ نے معاملہ کو مشترکہ مفادات کونسل میں اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ (خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 2 دسمبر، صفحہ 2)

- آبپاشی

4 ستمبر: حیدرآباد میں ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن (RDF) اور یو ایس پاکستان سینٹر فار ایڈوانس اسٹڈیز ان واٹر (USPCASW) نے آکسفیم نویب کے اشتراک سے سندھ میں اسپیٹ اریگیشن (Spate Irrigation) کے امکانات اور مسائل کے حوالے سے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا جس میں آبی ماہرین نے زور دیا ہے کہ حکومت بارش اور سیلابی پانی کے ذریعے آبپاشی کے ایک نظام اسپیٹ اریگیشن متعارف کرائے جو بڑھتی آبادی کے لیے پانی کی ضروریات پوری کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ (ڈان، 5 ستمبر، صفحہ 19)

28 ستمبر: ایک خبر کے مطابق حکومت سکھر بیراج کی مرمت یا نئے بیراج کی تعمیر پر غور کررہی ہے کیونکہ صوبے کی 80 فیصد زرعی معیشت کا انحصار سکھر بیراج پر ہی ہے۔ 66 دروازوں پر مشتمل اس بیراج کو انگریزوں نے تعمیر کیا تھا جس کی معیاد ختم ہوگئی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بیراج مرمت کے بعد مزید کئی سال کام کرے گا جس پر 25 بلین روپے لاگت آئے گی جبکہ نئے بیراج کی تعمیر کے لیے 100 بلین روپے درکار ہوں گے اور 12 سال کے مدت میں تعمیر کیا جا سکے گا۔ (ڈان، 29 ستمبر، صفحہ 17)

30 ستمبر: ارسا کے مطابق ملک میں اس سال ربیع کے موسم میں 14 فیصد پانی کی کمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اندازے کے مطابق دریاؤں میں 25.6 ملین ایکڑ فٹ پانی دستیاب ہوگا جبکہ 9.46 ملین ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کیا جاسکے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 اکتوبر، صفحہ 11)

3 اکتوبر: حکومت سندھ نے صوبے میں فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے چھ بلین روپے کا سندھ اریگیٹڈ ایگریکلچر پروڈکٹوٹی انہانسمنٹ پروجیکٹ (SIAPEP) کا آغاز کیا ہے۔ یہ منصوبہ چھ سال میں مکمل ہوگا جس میں سندھ حکومت 20 فیصد، عالمی بینک 62 فیصد اور کسانوں کی 18 فیصد شراکت ہوگی۔ منصوبے کے تحت 55,000 کھالوں کو پختہ کرنے اور اخراجات میں باہمی اشتراک کی بنیاد پر 35,000 ایکڑ پر جدید اسپرنکلر اور قطرہ قطرہ آبپاشی نظام کا قیام بھی شامل ہے۔ زمین کو ہموار کرنے اور سخت زمین کو نرم بنانے والے 1,100 آلات کسانوں کو فراہم کیے جائیں گے اور شمسی توانائی سے چلنے والے 100 ٹیوب ویل بھی لگائے جائیں گے۔ (ڈان، 4 اکتوبر، صفحہ 10)

16 اکتوبر: وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے محکمہ آبپاشی کو ہدایت کی ہے کہ وہ لیفٹ بینک آؤٹ فال ڈرین (LBOD) سے واجھیار ریزروائر (Vajhiar Reservoir) تک پانی پہنچانے والی کنال کی تعمیر کا کام تیز کریں جس کے ذریعے پانی تھر کول فیلڈ بلاک II تک لایا جائے گا۔ وزیر خزانہ سندھ مراد علی شاہ وزیر اعلی کو بتایا کہ منصوبہ جون 2017 تک مکمل ہوجائے گا اور اب تک اس منصوبے پر 5.6 بلین روپے خرچ کیے جاچکے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اکتوبر، صفحہ 16)

27 نومبر: وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے سکھر بیراج کی مرمت کے لیے 12.6 بلین روپے کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے بیراج کی پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش بڑھ جائے گی اور 150,000 کیوسک سیلابی پانی کو ذخیرہ کیا جاسکے گا۔ (ڈان، 28 نومبر، صفحہ 17)

- پن بجلی/ ڈیم

18 ستمبر: اسلام آباد میں وزیر پانی و بجلی خواجہ آصف اور کوریا کے سفیر ڈاکٹر سونگ جونگ ہوآن (Song Jong

(Hwan) کے درمیان ہونے والی ملاقات میں کہا گیا ہے کہ اگلے مہینے کی 15 تاریخ کو آزاد جموں وکشمیر میں 100 میگاواٹ کے گل پور بجلی گھر کا افتتاح کیا جائے گا۔ (ڈان، 19 ستمبر، صفحہ 11)

13 نومبر: نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (NEPRA) نے کے پی کے حکومت کو پن بجلی پر ملنے والی رائلٹی (Net Hydel Profit) میں 217 فیصد اضافے کی منظوری دے دی ہے۔ اس فیصلے کے بعد کے پی کے حکومت کو سالانہ چھ بلین روپے کے بجائے 19 بلین روپے ملیں گے۔ (ڈان، 14 نومبر، صفحہ 1)

11 دسمبر: وزیر آبپاشی کے پی کے سکندر شیر پاؤ نے کہا ہے کہ منڈا پن بجلی منصوبہ دریائے سوات پر تعمیر کیا جائے گا جس سے 740 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی اور 15,000 ایکڑ زمین سیراب ہوسکے گی۔ اس کے علاوہ ڈیم کی تعمیر سے چارسدہ، پشاور اور نوشہرہ کے علاقوں میں سیلاب سے بچاؤ بھی ممکن ہوگا۔ (دی نیوز، 12 دسمبر، صفحہ 5)

نیلم جہلم:

2 دسمبر: ایک خبر کے مطابق واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (WAPDA) نے نظرثانی شدہ پی سی ون کی منظوری میں تاخیر اور سرمائے کی فراہمی میں کمی کو 969 میگاواٹ کے نیلم جہلم پن بجلی منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کی وجہ قرار دی ہے۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 3)

9 دسمبر: چیئرمین WAPDA (واپڈا) ظفر محمود نے پبلک اکاؤنٹ کمیٹی (PAC) کو بتایا ہے کہ نیلم جہلم پن بجلی منصوبے پر جلد بازی میں کام شروع کیا گیا تھا جس کی وجہ سے بڑے پیمانے پر مالی نقصان کے علاوہ جانی نقصان بھی اٹھانا پڑا ہے۔ 58 کلومیٹر طویل سرنگ پر چٹانوں کی ساخت اور مناسب جغرافیائی تجزیئے کے بغیر کام شروع کیا گیا تھا جس کی وجہ سے چٹانوں کے چٹخنے سے قیمتی جانی نقصان کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکومت تحقیق اور تجزیہ مکمل ہونے کا انتظار کرتی تو منصوبہ مزید کئی سال تاخیر کا شکار ہوتا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 دسمبر، صفحہ 12)

منگلا ڈیم:

4 دسمبر: منگلا ڈیم توسیعی منصوبے کے تحت 135 میگاواٹ کے چھ پیداواری یونٹوں کی خریداری کے لیے واپڈا ہاؤس لاہور میں تین سب سے کم بولی کی حامل حتمی پیشکشوں کو کھولا گیا۔ یہ بولیاں فرانس کی الاسٹوم ہائیڈرو (Alstom Hydro)، جرمنی کی وائتھ ہائیڈرو (Voith Hydro) اور آسٹریلیا کی اینڈ رٹز ہائیڈرو (Andritz Hydro) کی طرف سے لگائی گئی تھیں۔ اس منصوبے کی تکمیل سے منگلا ڈیم کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 1,000 میگاواٹ سے 1,310 میگاواٹ ہوجائے گی۔ (دی نیوز، 5 دسمبر، صفحہ 15)

تربیلا ڈیم:

1 اکتوبر: سینٹرل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی (CDWP) نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کی سربراہی میں تربیلا ڈیم کے 80 بلین روپے لاگت کے پانچویں توسیعی منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ منصوبے سے تربیلا ڈیم کی بجلی کی پیداواری صلاحیت 6,300 میگاواٹ ہوجائے گی۔ منصوبے کو اب حتمی منظوری کے لیے کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کو بھیجا جائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 اکتوبر، صفحہ 11)

19 نومبر: عالمی بینک نے تربیلا ڈیم کی پانچویں توسیع کے لیے مالی امداد کی تصدیق کردی ہے۔ منصوبے پر 796 ملین ڈالرز لاگت آئے گی تاہم اس میں عالمی بینک کی شراکت کا تعین بعد میں کیا جائے گا۔ منصوبہ ساڑھے تین سال میں مکمل ہوگا جس سے تربیلا ڈیم کی بجلی کی پیداواری صلاحیت میں 1410 میگاواٹ اضافہ ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 نومبر، صفحہ 11)

23 دسمبر: سیکریٹری پانی و بجلی محمد یونس ڈاگہ نے اخباری نمائندوں کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ تربیلا ڈیم کا چوتھا توسیع منصوبہ 920 ملین ڈالرز کی لاگت سے جون 2017 میں مکمل ہوجائیگا جس سے قومی گرڈ میں مزید 1,410 میگاواٹ بجلی کا اضافہ ہوگا۔ اس منصوبے کے لیے عالمی بینک 840 ملین ڈالرز فراہم کررہا ہے۔ توسیع کے بعد تربیلا ڈیم سے بجلی کی پیداوار 3,478 میگاواٹ سے بڑھ کر 4,888 میگاواٹ ہوجائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 دسمبر، صفحہ 11)

دیامر بھاشا ڈیم:

17 نومبر: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ انہوں نے چینی حکومت کو یہ تجویز پیش کی ہے کہ دیامر بھاشا ڈیم کو پاکستان چین اقتصادی راہداری کے اگلے مرحلے میں شامل کر لیا جائے۔ دیامر بھاشا ڈیم منصوبے کی تخمینی لاگت 12 بلین ڈالرز ہے جو سرمائے کی قلت کی وجہ سے تعطل کا شکار ہے۔ (ڈان، 18 نومبر، صفحہ 3)

داسو ڈیم:

17 نومبر: واپڈا نے چائنا ریلوے فرسٹ گروپ (CRFG) کے ساتھ 4.8 بلین روپے مالیت کا معاہدہ کیا ہے۔ معاہدے کے مطابق کمپنی داسو ڈیم منصوبے کی تعمیر کے لیے علاقے میں کالونی اور دیگر بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرے گی۔ اس تعمیری منصوبے میں گھر، دفاتر، مشترکہ رہائشی عمارت، مہمان خانے، ہسپتال، کمیونٹی سینٹر، باغ اور کھیل کا میدان بھی شامل ہے۔ (ڈان، 18 نومبر، صفحہ 3)

کالا باغ ڈیم:

11 اکتوبر: عوامی نیشنل پارٹی (ANP) کے صدر اسفندریار ولی خان نے کہا ہے کہ وہ کالا باغ ڈیم کسی قیمت پر نہیں بنانے دینگے۔ وزیراعظم نواز شریف اور عمران خان کالا باغ ڈیم کے بجائے دیامر بھاشا ڈیم کے کام پر توجہ دیں۔ (ڈان، 12 اکتوبر، صفحہ 7)

11 دسمبر: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق ارسا کے چیئرمین راؤ ارشاد علی خان نے پانی پر قومی پالیسی کے حوالے سے اسلام آباد میں ہونے والے ایک سیمینار سے خطاب کے دوران کہا ہے کہ 1991 کے پانی کی تقسیم کے معاہدے کے پیرا چھ میں ڈیموں کی تعمیر کی ضرورت پر چاروں صوبوں کے وزراء اعلیٰ دستخط کر چکے ہیں لہٰذا مستقبل میں ڈیموں کی تعمیر پر اتفاق رائے موجود ہے۔ اب کالا باغ دیم پر مزید اتفاق رائے پیدا کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ تکنیکی طور پر یہ سب سے مناسب منصوبہ ہے۔ (خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 11 دسمبر، صفحہ 3)

چھوٹے ڈیم:

15 اکتوبر: آزاد کشمیر میں دریائے پونچھ پر 102 میگاواٹ کے پن بجلی گھر کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ 2017 تک ملک میں بجلی کا بحران ختم ہوجائے گا۔ (ڈان، 16 اکتوبر، صفحہ 3)

21 اکتوبر: کمشنر مالاکنڈ ڈویژن عثمان گل نے اپر دیر میں چار چھوٹے پن بجلی گھروں کا افتتاح کیا ہے جو 195 کلوواٹ بجلی پیدا کریں گے۔ 21 ملین روپے کی لاگت سے بننے والے بجلی گھروں سے 600 گھرانوں کو بجلی ملے گی۔ (ڈان، 22 اکتوبر، صفحہ 7)

8 دسمبر: ایک خبر کے مطابق صوبہ کے پی کے کے ضلع بٹگرام کی انتظامیہ نے چھ چھوٹے پن بجلی منصوبے مکمل کرلیے ہیں جبکہ 14 منصوبے تکمیل کے مختلف مراحل میں ہیں۔ (دی نیوز، 9 دسمبر، صفحہ 5)

10 دسمبر: پانی پر قومی پالیسی کے حوالے سے واپڈا کے تحت اسلام آباد میں منعقد کیے گئے ایک مزاکراتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ادارے کے چیئرمین ظفر محمود نے ہر طرح کے پانی کے استعمال پر قیمت طے کرنے کے طریقہ کار پر زور دیا۔ اس موقع پر آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتوں نے شکایت کی کہ انہیں ان کا حصہ نہیں مل رہا جبکہ وہ سب سے زیادہ پانی فراہم کرنے والے علاقے میں ہیں اور کئی سالوں سے سیلابی بارشوں کا بھی سامنا کررہے ہیں۔ (ڈان، 11 دسمبر، صفحہ 3)

- فلٹریشن پلانٹ

28 ستمبر: حکومت نے سال 2005 میں ملک بھر میں پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لیے 25 بلین روپے کے ایک منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ منصوبے کے تحت ملک کی تمام تحصیلوں اور یونین کونسلوں میں پانی صاف کرنے کے پلانٹ نصب ہونے تھے۔ دس سال گزرجانے کے باوجود اس منصوبے پر عمل درآمد نہیں کیا جاسکا۔ حکام کے مطابق جن کمپنیوں کو ٹھیکہ ملا انھیں کام میں مہارت نہیں تھی اور کچھ کا تو پاکستان انجینئرنگ کونسل میں اندراج ہی نہیں تھا۔ کے

پی کے میں رقم پوری وصول کی گئی مگر صرف پانچ فیصد کام مکمل کیا جاسکا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 29 ستمبر، صفحہ 14)

2 دسمبر: تھرپارکر میں ریورس آسموسس (RO) پلانٹ کی تنصیب کے منصوبے پر پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر بنائی گئی تین رکنی کمیٹی نے تھر کے مختلف علاقوں کے ایک ہفتے پر مشتمل دورے کے بعد انکشاف کیا ہے کہ معائنہ کیے گئے 102 پلانٹ میں سے 88 پلانٹ کام نہیں کررہے تھے۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 19)

- پانی پر محصول

7 ستمبر: سندھ اریگیشن اینڈ ڈرینج اتھارٹی (SIDA) کے مینجنگ ڈائریکٹر بابر آفندی کی زیرِ صدارت منعقد ہونے اجلاس میں آبپاشی نظام پر لاگت اور آمدنی کے فرق کو کم کرنے کے لیے آبیانے کی شرح اور تجارتی صارفین کے لیے نرخوں میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ آمدنی میں اضافے کے لیے ادارے کی زمین کو ٹھیکے پر دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 7 ستمبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

7 دسمبر: حکومت پانی کے ہر طرح کے استعمال پر محصول عائد کرنے کا طریقہ کار متعارف کرانے اور ایک پارلیمانی قانون کے ذریعے پانی کی ترسیل کے نظام پر آنے والے اخراجات وصول کرنے کی منصوبہ بندی کررہی ہے۔ یہ تمام اقدامات پانی پر بنائی جانے والی قومی پالیسی کے تحت ہونگے جس کا اعلان وزیراعظم کرینگے۔ (خلیق کیانی، ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 3)

- پاک بھارت آبی تنازعہ

9 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق کشن گنگا اور رتل پن بجلی منصوبے کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے بھارت کی طرف سے غیر جانبدار ماہر کا نام تجویز نہ کیے جانے کے بعد پاکستان نے فیصلہ کیا ہے وہ عالمی بینک سے سندھ تاس معاہدے کے مطابق غیر جانبدار ماہر کی تعیناتی کے لیے رجوع کرے گا۔ (خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 9 دسمبر، صفحہ 2)

بیج

- ہائبرڈ بیج

21 ستمبر: پاکستان ایگری کلچرل ریسرچ کونسل (PARC) نے روغنی بیجوں پر جاری تحقیقی منصوبے کے تحت نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر (NARC) میں 200 ایکڑ زمین پر سویا بین کے بیج کاشت کیے ہیں۔ NARC (نارک) کے ڈائریکٹر جنرل عظیم خان نے کہا کہ PARC (پارک) فصل کے لیے سویا بین کے تصدیق شدہ بیج فراہم کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں مرغبانی کی صنعت میں اضافے سے سویا بین کی درآمد بڑھ رہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 ستمبر، صفحہ 11)

23 ستمبر: زراعت پر ہوئے ایک اجلاس کے دوران وزیر اعلی سندھ سید قائم علی شاہ نے کہا ہے کہ یہ وقت ہے جب ہمیں ہائبرڈ بیج متعارف کروانا ہے جس کے لیے ہمیں اپنے تحقیقی اداروں کی صلاحیت کو بڑھانا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ یہ وزارت زراعت کی ذمہ داری ہے کہ وہ تصدیق شدہ بیج کی منڈی میں فراہمی اور کسانوں کی رہنمائی کے لیے کھیتوں میں زرعی نمائندوں کی موجودگی ممکن بنائے۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 18)

22 اکتوبر: پارک نے تجارتی بنیادوں پر کاشت کے لیے مکئی کی نو ہائبرڈ اقسام کی منظوری دے دی ہے۔ منظور کردہ اقسام میں چار بین الاقوامی اور ملکی بیج کمپنیوں کی، دو نارک کی اور دو پارک کی ہائبرڈ اقسام بھی شامل ہیں۔ (ڈان، 23 اکتوبر، صفحہ 10)

1 نومبر: پنجاب سیڈ کارپوریشن (PSC) کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد اصغر ڈوگر نے کہا ہے کہ اس سال جاری بوائی کے موسم میں کارپوریشن صوبے میں گندم کے بیج کی 250,000 بوریاں فروخت کرے گا۔ اب تک 50 کلو کی 140,000 بوریاں فروخت ہوچکی ہیں اور یہ ہدف نومبر کے آخر تک پورا ہوگا۔ (ڈان، 2 نومبر، صفحہ 10)

- جینیاتی بیج

18 اکتوبر: پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن (PCGA) کے چیئرمین شہزاد علی خان نے کہا ہے کہ رواں موسم میں کپاس

کا غیر معیاری بیج 2.5 ملین گانٹھوں میں کمی کی بنیادی وجہ ہے۔ جن کسانوں نے بی ٹی کپاس کا بیج کاشت کیا تھا وہ نقصانات سے دوچار ہیں کیونکہ یہ بیج غیر معیاری تھا۔ (ڈان، 19 اکتوبر، صفحہ 19)

23 نومبر: ملتان اور ساہیوال کے چھوٹے کسانوں کے مطابق تقریباً 90 فیصد کپاس کی فصل تباہ ہوچکی ہے۔ ان کسانوں کے لیے جو ٹھیکے پر زمین لے کر کاشت کرتے ہیں انہیں اندازاً فی ایکڑ 40,000 روپے نقصان ہوا ہے۔ حکومت کی طرف سے کسانوں کو کپاس پر درست زرعی ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے اور یقیناً بی ٹی کپاس کا بیج اس لیے تجویز کیا جاتا ہے کہ اس میں کیڑوں کے خلاف مزاحمت پائی جاتی ہے۔ لیکن اس سال کیڑوں کے حملے نے اس دعوے کو جھوٹا ثابت کردیا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ بھارت میں بھی بی ٹی کپاس کی فصل ایسی ہی صورتحال سے دوچار ہے۔ (عذرا طلعت سعید، ڈان، 23 نومبر، صفحہ 3، بزنس اینڈ فنانس)

- پلانٹ بریڈرز رائٹس بل 2015

7 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق حکومت کی جانب سے 27 نومبر کو قومی اسمبلی میں پیش کیے گئے پلانٹ بریڈرز رائٹس بل 2015 کے نفاذ سے پاکستان بیج کے شعبے میں ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (WTO) کے ٹریڈ ریلیٹڈ ایسپیکٹس آف انٹیلکچوئل پراپرٹی رائٹس (TRIPS) معاہدے کی پاسداری کے قابل ہوجائے گا اور کمپنیوں کو اپنے پودوں کی اقسام پر انٹیلکچوئل پراپرٹی رائٹس (IPRs) کا تحفظ حاصل ہوجائے گا۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

9 دسمبر: وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات خان بوسن نے یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد (UAF) میں بیج کے حوالے سے ایک کانفرنس (سیڈ فار سیکورٹی) سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پلانٹ بریڈرز رائٹس بل زرعی شعبے کو مضبوط کرنے کے لیے لارہی ہے جس سے زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ وفاقی وزیر نے سائنسدانوں اور محققین پر زور دیا ہے کہ وہ موسمی تبدیلی کو برداشت کرنے والی نئی اقسام کو سامنے لائیں۔ (ڈان، 10 دسمبر، صفحہ 10)

کسان / مزدور

28 دسمبر: شیخوپورہ میں زمیندار نے تنخواہ کے مطالبے پر مبینہ طور پر ملازم کے دونوں ہاتھ کاٹ دیئے۔ مانا والا کا اکرم

زمیندار رانا اسرار کا ملازم تھا۔ زمیندار بار بار تقاضے کے باوجود اکرم کی تنخواہ ادانہیں کررہا تھا۔ پولیس نے واقع کی تفتیش شروع کردی ہے۔ (ڈان، 29 دسمبر، صفحہ 2)

• جبری مشقت

16 ستمبر: پولیس نے بدین اور میرپورخاص اضلاع میں زمینوں پر چھاپہ مار کر جبری مشقت پر مامور 46 کسانوں کو آزاد کرالیا۔ تفصیلات کے مطابق بدین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر 31 افراد کو آزاد کرایا گیا جن میں 12 بچے اور 13 عورتیں شامل تھیں جبکہ میرپورخاص میں 15 کسانوں بشمول عورتوں اور بچوں کو آزاد کرایا گیا۔ تمام افراد کو عدالتوں نے بیان ریکارڈ کرانے کے بعد آزاد کردیا۔ (ڈان، 17 ستمبر، صفحہ 19)

II۔ زرعی مداخل

2 ستمبر: وزیراعظم نواز شریف نے عالمی منڈی میں زرعی اجناس کی کم قیمت کی وجہ سے کسانوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کمیٹی قائم کردی ہے۔ کمیٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ایسی سفارشات تیار کریں جس سے مداخل کی قیمت کم ہو اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔ (ڈان، 3 ستمبر، صفحہ 10)

کسان پیکج

7 ستمبر: ایک خبر کے مطابق امکان ہے کہ وزیراعظم نواز شریف اگلے ہفتے زرعی مداخل کی قیمتوں میں اضافے سے متاثرہ کسانوں کے لیے ایک امدادی پیکج کا اعلان کریں گے۔ حکوت نقد امداد دینے یا فصلوں کی نئی امدادی قیمت کا اعلان کرنے پر غور کررہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 ستمبر، صفحہ 11)

15 ستمبر: وزیراعظم نواز شریف نے زرعی شعبے کی بحالی اور کسانوں کی مدد کے لیے 341 بلین روپے کے امدادی پیکج کا اعلان کیا ہے جس میں 147 بلین روپے پورے ملک کے چھوٹے کسانوں کے لیے اور 149 بلین روپے زرعی قرضوں کے لیے بھی مختص کیے گئے ہیں۔ (ڈان، 16 ستمبر، صفحہ 1)

15 ستمبر: وزیر اعظم کے کسان پیکج کے حوالے سے پاکستان کسان اتحاد (PKI) کے صدر نے کہا ہے کہ یہ پیکج بدعنوانی کے نئے دروازے کھول دے گا۔ ان کے حساب سے کپاس اور چاول پر پانچ ہزار کی امدادی رقم ناکافی ہے کیونکہ کسانوں کو فی ایکڑ 30,000 سے 35,000 روپے تک کا نقصان ہو رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 16 ستمبر، صفحہ 11)

16 ستمبر: ایک خبر کے مطابق حکومت کی طرف سے دیئے گئے 341 بلین روپے کے کسان پیکج میں آدھے سے زیادہ زرعی قرضے ہیں جو چھوٹے کسانوں سے زیادہ بڑے زمینداروں کے لیے مفید ہیں۔ (ڈان، 17 ستمبر، صفحہ 8)

23 ستمبر: وزیراعظم نواز شریف کی جانب سے کسانوں کے لیے اعلان کردہ 341 بلین روپے کے امدادی پیکج کے خلاف لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی گئی ہے۔ درخواست گزار کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ آئین کے آرٹیکل 83 کی خلاف ورزی ہے کیونکہ بجٹ میں اس پیکج کے لیے کوئی رقم مختص نہیں کی گئی تھی۔ ہائی کورٹ نے درخواست اس بنیاد پر مسترد کردی کہ درخواست گزار کا اس شعبے سے براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 4)

30 ستمبر: الیکشن کمیشن نے وزیر اعظم نواز شریف کی جانب سے کسانوں کے لیے اعلان کردہ پیکج کے کچھ اجزاء کو معطل کردیا ہے۔ سیکریٹری الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ کپاس اور چاول کے چھوٹے کسانوں کے لیے فی ایکڑ 5,000 روپے کی نقد امداد سندھ اور پنجاب میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کی وجہ سے معطل کردی گئی ہے جس پر تین دسمبر تک عمل درآمد نہیں کیا جاسکتا۔ (ڈان، 1 اکتوبر، صفحہ 1)

1 اکتوبر: وفاقی وزیر اطلاعات پرویز رشید نے الیکشن کمیشن کی جانب سے کسان پیکج پر عمل درآمد میں الیکشن تک تاخیر کے فیصلے پر کہا ہے کہ پیکج کی فراہمی میں 3 دسمبر تک کی تاخیر کھیتوں کو قبرستانوں میں تبدیل کردے گی۔ (ڈان، 2 اکتوبر، صفحہ 4)

7 اکتوبر: حکومت نے الیکشن کمیشن کی جانب سے کسان پیکج کی معطّلی کے خلاف عدالت جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ (ڈان، 8 اکتوبر، صفحہ 2)

16 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق وزیراعظم نواز شریف کی جانب سے کسانوں کے لیے اعلان کردہ پیکج کے بارے میں محکمہ زراعت کے پی کے لاعلم ہے۔ محکمے کے ایک اہلکار کا کہنا ہے کہ انھیں اعتماد میں لیے بغیر یہ فیصلہ کیا گیا ہے اور نہ ہی پیکج کے اعلان سے قبل صوبائی حکومت کے محکمہ زراعت سے رجوع کیا گیا تھا۔ (ڈان، 16 اکتوبر، صفحہ 7)

16 اکتوبر: اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزیراعظم کی جانب سے اعلان کردہ کسان پیکج کو بحال کردیا ہے۔ (ڈان، 16 اکتوبر، صفحہ 1)

3 دسمبر: فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کے جاری نوٹیفیکیشن کے مطابق کھاد پر سیلز ٹیکس کے حوالے سے نئے اصول وضع کیے گئے ہیں جن کے تحت کھاد کی پیداوار اور درآمد کرنے والوں کو یہ اجازت دی گئی ہے کہ وہ کسان پیکج میں دی گئی زرتلافی سیلز ٹیکس کی مد میں واجب الادا رقم سے منہا (ایڈجسٹ) کرسکتے ہیں۔ (ڈان، 4 دسمبر، صفحہ 11)

قدرتی اور صنعتی طریقہ زراعت

30 نومبر: UAF (یو اے ایف) کے زراعت میں جدید علوم کے مرکز (سینٹر فار ایڈوانس اسٹڈیز ان ایگریکلچر) میں 14 ممالک کے ماہرین نے پانچ روزہ ورک شاپ میں شرکت کی۔ افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے کہا ہے کہ ہمیں سبز انقلاب کے دوران متعارف کرائی گئی چھوٹے قد کی (short stature) فصلوں کی جگہ موسمی تبدیلی کو برداشت کرنے والی فصلوں کو متعارف کرانے کی ضرورت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 دسمبر، صفحہ 11)

5 دسمبر: حیدرآباد میں سندھ آبادگار بورڈ (SAB) کے صدر عبدالمجید نظامانی اور سندھ چیمبر آف ایگریکلچر (SCA) کے جنرل سیکرٹری نبی بخش سہتو نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبہ صوبائی دائرہ اختیار سے نکال کر واپس وفاق کے اختیار میں دے دینا چاہیے جیسے کہ امریکہ، روس، یورپی یونین، چین، بھارت اور ایران میں ہے۔ ابھی بھی کئی اعتبار سے زرعی معاملات وفاق چلارہی ہے، دیگر معاملات بھی وفاق کے پاس ہی ہونے چاہیں جس میں فصلوں کی امدادی قیمت مقرر کرنا شامل ہے۔ (ڈان، 6 دسمبر، صفحہ 19)

6 دسمبر: SCA (ایس سی اے) کے صدر ڈاکٹر سید ندیم قمر نے تنظیم کے جنرل سیکرٹری نبی بخش سہتو کے حالیہ مطالبے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ SAB (ایس اے بی) اور ایس سی اے کے بیان کی سخت مخالفت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہرصوبے کا اپنا زرعی نظام ہے لہذا ہرصوبے کی اپنی ضروریات اور مطالبے ہیں اور اٹھارویں ترمیم چھوٹے صوبوں کے مفادات کا تحفظ اور ترجمانی کرتی ہے۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 17)

کھاد

- کھاد کی کمپنیاں

6 ستمبر: ایک مضمون کے مطابق حکومت نے کھاد کی صنعت کے لیے گیس کے نرخوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے جس کے بعد کسان سالانہ 5.5 ملین بوریوں پر مزید 880 ملین روپے ادا کرینگے۔ گزشتہ پانچ ماہ میں چھ بار کسان مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمت اور کم ہوتی پیداوار سے پریشان ہو کر احتجاج کر چکے ہیں اور ہر بار حکومت ان سے مراعات کا وعدہ کر کے احتجاج ختم کرنے پر زور دیتی ہے۔ ایسے وقت میں جب گندم کی بوائی قریب ہے، یوریا کی قیمتوں کا بڑھ جانا کسانوں کے لیے مشکلات کا باعث ہے۔ ایک کھاد کمپنی نے فوری طور پر قیمت میں 160 روپے اضافہ کردیا جس کی تقلید دیگر کمپنیاں بھی کرینگی۔ (احمد فراز خان، ڈان، 7 ستمبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

7 اکتوبر: گیس کی قیمت میں اضافے کی وجہ سے یوریا کی قیمتیں بڑھ گئی تھیں مگر کسان پیکج کے اعلان کے بعد کمپنیوں نے قیمت میں 105 روپے فی (50 کلو) بوری کے حساب سے کمی پر رضامندی ظاہر کردی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 اکتوبر، صفحہ 10)

1 دسمبر: کھاد کے متوازن استعمال پر یو اے ایف کے مٹی اور ماحولیاتی علوم کے ادارے (انسٹیٹیوٹ آف سوائل اینڈ انوائرمنٹل سائنس) نے بارانی علاقوں میں زرعی تحقیق کے عالمی مرکز (انٹرنیشنل سینٹر فار ایگریکلچر ریسرچ ان ڈرائے ایریاز/ ICARDA) کے تعاون سے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر اقرار احمد خان نے اس موقع پر کہا ہے کہ کھاد کے متوازن استعمال سے بنیادی فصلوں کی پیداوار کو 50 فیصد تک بڑھایا جاسکتا ہے۔ (دی نیوز، 2 دسمبر، صفحہ 2)

زرعی مشینری

ٹریکٹر:

7 ستمبر: پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹو موٹیو پارٹس اینڈ ایسسر یز مینوفیکچررز (PAAPAM) کے سینئر وائس چیئر مین مشہود علی خان نے وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن سے ہونے والی ایک ملاقات میں ٹریکٹر پر زرتلافی میں تاخیر کا مسئلہ اٹھایا ہے۔ پنجاب اور سندھ حکومت نے ٹریکٹر پر زرتلافی دینے کا اعلان کیا تھا جس پر مہینوں بعد بھی صوبائی حکومتوں کی طرف سے کوئی پیش رفت نہیں ہوئی جبکہ زرتلافی کے اعلان کے بعد تیار کنندگان نے پیداوار میں اضافہ کردیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 ستمبر، صفحہ 10)

19 ستمبر: جولائی اور اگست میں زرعی مشینری کی پیداوار میں پچھلے سال کے مقابلے اضافہ ہوا ہے جبکہ میسی فرگوسن اور فیٹ ٹریکٹر کی فروخت جو پچھلے سال 5,710 تھی اس سال 3,493 یونٹ ہوگئی ہے۔ ملت ٹریکٹر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سہیل بشیر رعنا نے کہا ہے ٹریکٹر کی فروخت میں کمی کی ایک وجہ سندھ اور پنجاب میں ٹریکٹر پر زرتلافی دینے کے منصوبے میں تاخیر ہے۔ ذرائع کے مطابق منصوبے میں تاخیر کی وجہ بیلا روس کی کمپنی کو سہولت فراہم کرنا تھی۔ (ڈان، 20 ستمبر، صفحہ 10)

2 نومبر: حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ٹریکٹر کی فروخت میں واضع کمی ہورہی ہے۔ سال 2015-16 کی پہلی سہہ ماہی میں ٹریکٹر کی فروخت گزشتہ سال اسی مدت کے مقابلے 28 فیصد کمی کے ساتھ 9,363 یونٹ سے 6,745 یونٹ پر آ گئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 نومبر، صفحہ 10)

زرتلافی

22 ستمبر: وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے مطابق کھاد پر دی جانے والی 20 بلین روپے کی حکومتی زرتلافی کھاد کے کارخانوں اور درآمد کنندگان کو براہ راست فراہم کی جائے گی جو کھاد کی قیمتوں میں کمی کی صورت کسانوں تک پہنچے گی۔ زرتلافی کی فراہمی کے بعد ڈائی امونیم فاسفیٹ (DAP) کی (50 کلو) بوری کی قیمت میں 500 روپے کمی ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،، 23 ستمبر، صفحہ 11)

12 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق الیکشن کمیشن کی جانب سے وزیر اعظم کے کسان پیکج کو دسمبر تک معطل کرنے سے DAP (ڈی اے پی) پر دی جانے والی 500 روپے فی بوری زرتلافی دینے کا فیصلہ بھی متاثر ہوا ہے۔ اب کسانوں کو سندھ میں گندم کی بوائی کے وقت کھاد پر زرتلافی نہیں مل سکے گی۔ کسان زیادہ قیمت کی وجہ سے کم ڈی اے پی استعمال کررہے ہیں جس کی وجہ سے گندم کی فی ہیکٹر پیداوار بھی 8.8 فیصد کم ہوگئی ہے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 12 اکتوبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

15 اکتوبر: وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ڈی اے پی کی 50 کلو کی بوری پر 500، نائٹرو فاسفیٹ (NP) اور نائٹرو فاسفورس پوٹاشیم (NPK) کی 50 کلو کی بوری پر 217 روپے زرتلافی فراہم کی جائے گی۔ یہ زرتلافی حکومت کی طرف سے مختص کیے گئے 20 بلین روپے ختم ہونے تک جاری رہے گی۔ (ڈان، 16 اکتوبر، صفحہ 10)

9 دسمبر: وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے وزارت خزانہ سے ایک خط کے ذریعے درخواست کی ہے کہ وہ گلگت بلتستان کو رعایتی قیمت پر گندم فراہم کرنے کی مد میں واجب الادا 30 بلین روپے کی رقم پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (PASSCO) کو ادا کرے۔ وفاقی حکومت کی ہدایت پر PASSCO (پاسکو) نے 100 کلوگرام کی 1.5 ملین بوریاں 1,300 روپے فی بوری کے حساب سے گلگت بلتستان کو فراہم کی تھیں جن کی منڈی میں قیمت 3,200 روپے فی بوری تھی۔ وفاقی حکومت نے اس مد میں اب تک 2005 سے 2010 تک کی زرتلافی کی رقم ادا نہیں کی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 دسمبر، صفحہ 11)

زرعی قرضے

8 ستمبر: وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے قرض فراہم کرنے والے اداروں, ڈیولپمنٹ فنانس انسٹی ٹیوشنز (DFIs) کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ قرض کے حصول کے طریقے کو آسان بنا کر کسانوں کے لیے زرعی قرضے بڑھائیں۔ (ڈان، 9 ستمبر، صفحہ 10)

زرعی تحقیق

8 ستمبر: نارک میں وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن نے اینول ویٹ پلاننگ اینڈ ویٹ پروڈکٹوٹی انہانسمنٹ پروگرام (WPEP) کے حوالے سے کہا ہے کہ گزشتہ چار دہائیوں میں پاکستانی کسانوں نے گندم کی پیداوار میں 224 فیصد تک اضافہ کیا ہے اور زرعی تحقیق نے کسانوں کو اس قابل بنایا ہے کہ پیداوار جو 1965 میں 862 کلو گرام فی ہیکٹر تھی، 2015 میں 2,800 کلوگرام فی ہیکٹر ہوگئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 ستمبر، صفحہ 11)

29 ستمبر: پارک اور چین کی لانزے ہاؤ یونیورسٹی (Lanzhou University) کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط ہوئے ہیں جس کے تحت پاکستان اور چین زرعی سائنسی تحقیق اور ٹیکنالوجی اور معلومات کا تبادلہ کریں گے۔ (ڈان، 30 ستمبر، صفحہ 10)

9 اکتوبر: جامعہ کراچی کے عالمی مرکز برائے کیمیائی اور حیاتیاتی علوم (انٹرنیشنل سینٹر فار کیمیکل اینڈ بائیولوجیکل سائنسز/ ICCBS) اور محکمہ منصوبہ بندی و ترقی حکومت سندھ کی ایک مشترکہ ٹیم نے چار سالہ تحقیق کے بعد 140 پودوں اور جڑی بوٹیوں کی شناخت کی ہے جو جلد کے امراض کے لیے مفید ہیں۔ اس روایتی علم کو مرتب کرنے کے لیے ٹیم نے سندھ کے 27 اضلاع کے 1,250 دیہات میں سروے کرکے 7,000 افراد سے معلومات جمع کیں اور بالآخر لیباٹری میں جانچ کے بعد ان پودوں اور جڑی بوٹیوں کو جلد کے لیے مفید قرار دیا گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اکتوبر، صفحہ 14)

20 اکتوبر: پاکستان میں محکمہ تحفظ نباتات (ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن DPP) کے اہلکاروں کے لیے منعقدہ تربیتی پروگرام میں امریکی محکمہ زراعت (USDA) کے ماہرین نے کہا ہے کہ پاکستان نے زرعی اشیاء کی قدر اور معیار میں اضافے میں کامیابیاں حاصل کی ہیں لیکن یہ بات یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ برآمد کی جانے والی یہ اشیاء کیڑے مکوڑوں سے پاک ہوں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 اکتوبر، صفحہ 11)

1 دسمبر: مظفر گڑھ میں محکمہ زراعت نے گنے کی زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے ضلع بھر میں پٹ

ٹیکنالوجی (pit technology) متعارف کروائی ہے۔ محکمے کے ضلعی افسر میر عابد حسین نے یو اے ایف کے تحقیقی وفد سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تکنیک بوائی کا ایک نیا طریقہ ہے جس پر لاگت کم آتی ہے جو کسان کو زیادہ پیداوار کے حصول میں مدد دیتی ہے۔ کئی آزمائشی کھیتوں میں یہ ثابت ہوا ہے کہ اس طریقہ کار سے فی ایکڑ 2,500 من پیداوار میں اضافہ ہوسکتا ہے جو رائج طریقہ کار کے مقابلے تین گنا زیادہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 دسمبر، صفحہ 11)

III۔ غربت اور غذائی تحفظ

غربت

7 ستمبر: اسلام آباد میں کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (CDA) کی جانب سے سیکٹر الیون آئی میں کچی آبادی مسمار کیے جانے کے خلاف دائر درخواست کی سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے وفاقی اور صوبائی حکومت کو ہدایت کی ہے کہ وہ پچھلے 14 سالوں کے دوران کم آمدنی والے افراد کے لیے بجٹ میں مختص کی گئی رقم کی تفصیلی رپورٹ پیش کریں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 ستمبر، صفحہ 4)

23 ستمبر: حیدر آباد میں اسٹرینتھنگ پارٹیسپٹری آرگنائزیشن (SPO) اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کی جانب سے سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈو جام (SAU) میں منعقد کیے جانے والے کنونشن میں مقررین نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ساحلی علاقوں میں غربت کے خاتمے، سماجی و اقتصادی حالات میں بہتری کے لیے مرغبانی، ماہی گیری، گھریلو باغبانی اور مال مویشی کے شعبے میں اپنی انتظامی مہارت میں اضافہ کریں۔ سجاول اور ٹھٹھہ کا شمار شدید غربت کے شکار اضلاع میں ہوتا ہے جو پانی کی قلت اور سمندری طوفان سے براہ راست متاثر ہوتے ہیں۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 19)

10 دسمبر: اسلام آباد میں چار روزہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) کی نمائندہ لولا کاسترو (Lola Castro) نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی کے ایک بڑے حصے کو خوراک تک رسائی حاصل نہیں ہے جبکہ ملک میں وافر مقدار میں غذائی پیداوار موجود ہے۔ انہوں نے نظام کی بہتری کی بات کرتے ہوئے کہا کہ سستی خوراک معاشرے کے ہر طبقے کو میسر ہونی چاہیے۔ پاکستان میں فصلوں کی پیداواری لاگت خطے کے

دیگر ممالک کے مقابلے زیادہ ہے جسے کم کرنے کے لیے چھوٹے کسانوں کو زرتلافی ملنی چاہیے نا کہ بڑے اور بااثر کاشتکاروں کو۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 دسمبر، صفحہ 11)

- بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام

4 ستمبر: بلوچستان کے محکمہ مال مویشی نے صوبے میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت ملنے والی نقد رقم کے بجائے غریب عورتوں کو پالنے کے لیے نو مرغیاں اور ایک مرغا دینے کی تجویز پیش کی ہے۔ محکمے کی جانب سے تجویز کیا گیا ہے کہ مرغیاں 75 فیصد رعایتی قیمتوں پر دی جائیں۔ 144 ملین روپے لاگت کے اس منصوبے سے 9,600 افراد فائدہ اٹھاسکیں گے۔ عالمی بینک کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں 21 فیصد نوجوان خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں اور صوبہ بلوچستان میں غربت کی شرح سب سے زیادہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 ستمبر، صفحہ 3)

17 ستمبر: BISP (بی آئی ایس پی) کی جاری کردہ پہلی جائزہ رپورٹ کے مطابق یہ پروگرام ملک میں 22 فیصد غربت کو کم کرتا ہے اور اس سے فائدہ اٹھانے والوں میں 64 فیصد افراد بااختیار ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 ستمبر، صفحہ 3)

19 ستمبر: کوئٹہ میں ایک اجلاس میں بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن ماروی میمن سے وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور صوبائی حکومت کے اعلیٰ حکام نے بی آئی ایس پی میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کی شکایت کی ہے۔ صوبائی حکومت کا کہنا ہے کہ ادارے میں صوبے کے نوجوانوں کو ملازمت کے مواقع فراہم نہیں کیے جاتے۔ (ڈان، 20 ستمبر، صفحہ 5)

15 اکتوبر: بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن ماروی میمن نے ٹھٹھہ میں 22 عورتوں میں بلاسود قرض کے چیک تقسیم کیے۔ تقریب کے بعد انہوں نے مقامی پریس کلب میں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پروگرام کے تحت مرد اور عورتیں دونوں روزگار کے لیے 15,000 سے 50,000 روپے تک کا بلاسود قرضہ لے سکتے ہیں۔ پروگرام سے 5.1 ملین

مستحق عورتوں پہلے ہی مالی امداد حاصل کررہی ہیں جبکہ مزید 2.6 مستقبل میں مستفید ہونگی۔ (ڈان، 16 اکتوبر، صفحہ 19)

15 نومبر: بی آئی ایس پی گجرانوالہ ڈویژن کے ڈائریکٹر ندیم اسلم بٹ نے کہا ہے کہ پروگرام سے فائدہ اٹھانے والے 300 افراد کو سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (SCCI) کے تعاون سے صنعتی مہارت کی تربیت دی جائے گی۔ اس ضلع میں بی آئی ایس پی سے 20,000 افراد فائدہ اٹھاتے ہیں۔ تربیتی پروگرام کے پہلے حصے میں 300 افراد کو تربیت دی جائے گی۔ (ڈان، 16 نومبر، صفحہ 10)

22 دسمبر: بی آئی ایس پی نے دعویٰ کیا ہے کہ پروگرام سے فائدہ اٹھانے والوں کے ایک ملین بچوں کو وسیلہ تعلیم پروگرام کے تحت اسکول میں داخل کرانے کا ہدف حاصل کرلیا گیا ہے۔ وسیلہ تعلیم پروگرام عالمی بینک اور صوبائی محکمہ تعلیم کی مشاورت سے ترتیب دیا گیا تھا۔ (ڈان، 23 دسمبر، صفحہ 5)

- مائیکرو فنانس

24 ستمبر: حکومت ملک میں کسانوں اور چھوٹے پیمانے پر کاروبار کرنے والوں کو قرض فراہم کرنے کے لیے بنگلہ دیش کے گرامین بینک کی طرز پر چھوٹے قرضے فراہم کرنے والی (مائیکرو فنانس) کمپنی قائم کرنے پر غور کررہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس منصوبے کے تحت 100,000 روپے فراہم کیے جائیں گے۔ حکومت نے رواں برس زرعی قرضوں کی تقسیم کے ہدف میں بھی اضافہ کرکے 616 بلین روپے کردیا ہے جو گزشتہ سال 516 بلین روپے تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 ستمبر، صفحہ 10)

3 اکتوبر: پنجاب اسمال انڈسٹریز کارپوریشن (PSIC) کے منیجنگ ڈائریکٹر بلال احمد نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو ذاتی کاروبار کے لیے بلاسود قرضوں کی فراہمی کے منصوبے کے تحت سال 2011 سے اب تک 692,000 گھرانے مستفید ہوچکے ہیں۔ سال 2015-16 کے لیے حکومت دو بلین روپے جاری کرچکی ہے جو مستحق افراد کو بلاسود قرض فراہم کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 اکتوبر، صفحہ 5)

3 دسمبر: ملیشیاء میں پانچویں عالمی اسلامک مائیکرو فنانس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اخوت کے چیئر مین ڈاکٹر محمد امجد ثاقب نے غربت میں کمی لانے کے لیے قرض حسنہ کے اسلامی طریقہ کار کو واضح کرتے ہوئے کہا کہ ان کا ادارہ پاکستان بھر میں 0.3 ملین لوگوں کو چھوٹے قرضے فراہم کررہا ہے۔ (دی نیوز، 4 دسمبر، صفحہ 17)

غذائی تحفظ

21 ستمبر: اخباری اداریے کے مطابق ایک ترقی پسند اور جدید ریاست کا قیام ناممکن ہے اگر ملک میں لاکھوں بچے غذائی کمی میں مبتلا ہوں۔ حال ہی میں جاری کردہ گلوبل نیوٹریشن رپورٹ 2015 کے مطابق پاکستان میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کی آبادی کا بہت چھوٹا حصہ صحت مند زندگی گزارتا ہے اور زیادہ تر بچے غذائی کمی کی وجہ سے وزن اور قد میں کمی کا شکار ہیں۔ پاکستان بچوں میں غذائیت کے اعتبار سے غیر معمولی طور پر غریب ہے۔ (ڈان، 21 ستمبر، صفحہ 8 اداریہ)

16 اکتوبر: خوراک کے عالمی دن کے حوالے سے کراچی کی مقامی ہوٹل میں سماجی کارکنوں اور تحقیق سے وابستہ ماہرین نے کہا ہے کہ سندھ میں غذائی کمی کے شکار بچوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ کراچی، ٹھٹھہ، سجاول، بدین، جامشورو، سانگھڑ، خیرپور، تھرپارکر اور عمرکوٹ سمیت زیریں سندھ کو بھوک، آفات اور غذائی عدم تحفظ کا سامنا ہے۔ تھرپارکر کے ڈاکٹر سونو کھنگرانی کا کہنا تھا کہ یہاں گوداموں میں خوراک موجود ہے اور عوام بھوک اور غذائی عدم تحفظ میں مبتلا ہیں۔ یہاں وسائل اور خوراک کی تقسیم منصفانہ نہیں ہے۔ حکومت کو وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا چاہیے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اکتوبر، صفحہ 14)

31 اکتوبر: پاکستان میں اقوام متحدہ کے ادارے برائے خوراک و زراعت (FAO) کے ڈائریکٹر پیٹرک ٹی ایوانز نے اخبار کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ پاکستان میں ضرورت سے زائد خوراک کے باوجود 15 فیصد آبادی غذائی عدم تحفظ کا شکار ہے جبکہ 24 فیصد بچے غذائی کمی کا شکار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں وفاقی سطح پر ایک مضبوط وزیر زراعت کی ضرورت ہے جو تمام صوبوں کے لیے ایک موثر پالیسی تجویز کرسکے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 نومبر، صفحہ 11)

4 نومبر: وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے ملک میں غذائی فصلوں اور عوام تک خوراک کی رسائی کے حوالے سے ٹھوس اعداد و شمار حاصل کرنے کے لیے سروے کرانے کی منصوبہ بندی کی ہے۔ یہ سروے غذائی تحفظ کے تمام پہلوؤں مثلاً خوراک کی دستیابی، رسائی اور غذائیت کا احاطہ کرے گا۔ ایک اندازے کے مطابق ملک میں 24 فیصد بچے خوراک کی عدم دستیابی کے باعث غذائی کمی کا شکار ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 نومبر، صفحہ 11)

13 دسمبر: ایک اخباری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ WFP (ڈبلیو ایف پی) نے وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں شمالی اور جنوبی وزیرستان، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، کوہاٹ اور اورکزئی ایجنسی کو شدید غذائی عدم تحفظ سے دوچار علاقہ قرار دیا ہے۔ جبکہ خیبر اور مہمند ایجنسیوں کو بھی غذائی عدم تحفظ کے لحاظ سے اونچے درجے پر رکھا گیا ہے۔ (ذوالفقار علی، ڈان، 13 دسمبر، صفحہ 7)

IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں

16 اکتوبر: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن نے خوراک کے عالمی دن کے موقع پر کہا ہے کہ پاکستان میں کسان خوراک کی کم پیداوار کی وجہ سے نہیں بلکہ اضافی ذخیرے کی وجہ سے بحران کا شکار ہیں۔ غذائی اجناس کا عالمی ذخیرہ بھی اس وقت انتہائی سطح پر ہے جبکہ ان کی قیمتیں انتہائی نچلی سطح پر ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اکتوبر، صفحہ 11)

غذائی فصلیں

- گندم

9 ستمبر: فصلوں کے موجودہ ذخائر کا جائزہ لینے اور مستقبل کا لائحہ عمل ترتیب دینے کے لیے ویٹ ریویو کمیٹی (گندم کے لیے جائزہ کمیٹی) کے اجلاس میں کسانوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ گندم کے علاوہ نقد آور فصلیں بھی اگانا شروع کریں۔ تمام صوبائی محکمہ زراعت کو کہا گیا ہے کہ وہ کسانوں کو آلو، دالیں اور روغنی بیج کی کاشت پر مائل کریں تاکہ طلب و رسد میں توازن قائم رہے اور کسان بروقت فصل سے منافع حاصل کرسکیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 ستمبر، صفحہ 11)

1 اکتوبر: گلگت بلتستان حکومت نے اس بار براہ راست مقامی کسانوں سے کم قیمت پر گندم لینے کا فیصلہ کرتے ہوئے پنجاب حکومت سے گندم خریدنے سے انکار کردیا ہے۔ گلگت بلتستان پاسکو پنجاب سے ہر سال 1.5 ملین بوری گندم خریدتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 اکتوبر، صفحہ 2)

20 اکتوبر: ایک خبر کے محکمہ خوراک سندھ نے 4 سے 19 اکتوبر، 2015 تک 60,841 ٹن گندم فروخت کی ہے۔ محکمہ خوراک کے اجلاس میں وزیر خوراک منظور حسین وسان کو بتایا گیا کہ 15 دنوں میں دو بلین روپے مالیت کی گندم فروخت کی جا چکی ہے۔ (ڈان، 21 اکتوبر، صفحہ 11)

امدادی قیمت:

12 نومبر: وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کو بھیجی گئی سمری میں سفارش کی ہے کہ ملک میں اضافی ذخائر اور عالمی منڈی میں طلب کی کمی کے پیش نظر گندم کی امدادی قیمت 1,300 روپے فی من برقرار رکھی جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 نومبر، صفحہ 10)

23 نومبر: پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن (PFMA) نے کہا ہے کہ گندم کی عالمی اور مقامی قیمت میں فرق 100 ڈالرز فی ٹن تک بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے عالمی منڈی میں گندم برآمد کرنا ناممکن ہو رہا ہے۔ گندم کی عالمی منڈی میں قیمت 200 ڈالر فی ٹن تک گر گئی ہے جبکہ مقامی قیمت 315 ڈالرز فی ٹن پر چلی گئی ہے۔ ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت گندم کی بغیر محصول درآمد کی اجازت دے اور گندم کی تیار اشیاء افغانستان اور وسطی ایشیاء درآمد کرنے کی اجازت دے تاکہ وہ اپنا کاروبار محفوظ کرسکیں۔ (ڈان، 24 نومبر، صفحہ 10)

2 دسمبر: پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر میاں منظور احمد وٹو نے مطالبہ کیا ہے کہ گندم کی امدادی قیمت 1500 روپے فی من مقرر کی جائے اور مکئی کی درآمد پر پابندی عائد کی جائے کیونکہ ملک میں مکئی کی پیداوار ضرورت سے زیادہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 دسمبر، صفحہ 5)

بوائی:

21 اکتوبر: وفاقی کمیٹی برائے زراعت نے وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن کی سربراہی میں گندم کے اضافی ذخائر اور عالمی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر اس سال بھی گندم کی پیداوار کا ہدف 26 ملین ٹن رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ (ڈان، 22 اکتوبر، صفحہ 10)

6 دسمبر: سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس سال صوبہ پنجاب نے گندم بوائی کا 98 فیصد ہدف نومبر میں حاصل کرلیا تھا جبکہ بقایا دو فیصد ہدف بھی دسمبر میں حاصل کرلیا جائے گا۔ اس سال صوبے میں 13 ملین ایکڑ زمین پر گندم کاشت کی گئی ہے۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 2)

آٹا:

18 ستمبر: کراچی میں خوردہ فروشوں نے 10 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 10 روپے کا اضافہ کر دیا ہے۔ PFMA (پی ایف ایم اے) کے چیئرمین محمود حسن نے کہا ہے کہ قیمت میں اضافے کی وجہ منڈی میں گندم کی کمی ہے جس کے متعلق پہلے ہی سندھ حکومت کو آگاہ کردیا تھا۔ اضافے کی دوسری وجہ یہ ہے کے بہت سے مال برداری کرنے والوں کو زیادہ کرایہ منڈی میں جانور لانے پر مل رہا ہے جس کی وجہ سے منڈی تک گندم ترسیل نہیں ہورہی۔ سندھ حکومت کو کسی بڑے غذائی بحران سے بچنے کے لیے فوری طور پر گندم منڈی تک پہنچانی چاہیے۔ (ڈان، 19 ستمبر، صفحہ 10)

3 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق دس ہفتوں میں سات بار پی ایف ایم اے نے آٹے کی قیمت میں اضافہ کیا ہے۔ پی ایف ایم اے نے آخری بار اس ہفتے 20 کلو کے تھیلے پر 15 روپے کا اضافہ کیا۔ (ڈان، 4 اکتوبر، صفحہ 2)

23 نومبر: کراچی میں خوردہ فروشوں نے دس کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں دس روپے کا اضافہ کردیا ہے۔ ستمبر میں بھی حکومت سندھ کی طرف سے گندم جاری نہ ہونے کی وجہ سے آٹا ملوں کی جانب سے قیمت میں دو دفعہ اضافہ کیا گیا تھا۔ حالیہ اضافے کے بعد دس کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 440 روپے سے بڑھ کر 450 روپے ہوگئی ہے۔ (ڈان،

24 نومبر، صفحہ 10)

• چاول

8 اکتوبر: نومبر کے اوائل میں چاول کی نئی فصل تیار ہو جائے گی لیکن چاول کی صنعت سرمائے کی شدید کمی کا شکار ہے۔ ایک سرکاری دستاویز کے مطابق قیمت میں کمی کے باعث اس وقت 500,000 ٹن چاول سرکاری گوداموں میں پڑا ہے۔ چاول کی صنعت کے تحفظات دور کرنے کے لیے وزیر اعظم نواز شریف نے چاول کی صنعت پر واجب الادا قرضے جون 2016 تک معطل کرنے کا اعلان کیا تھا۔ (ڈان، 9 اکتوبر، صفحہ 10)

2 نومبر: ایک مضمون کے مطابق چاول کی نئی فصل کی منڈی میں آمد کے ساتھ ہی اس کی قیمتیں کم ہورہی ہیں جو پہلے ہی گزشتہ سال کے مقابلے 30 فیصد کم ہیں۔ ملک میں چاول کا شعبہ بحران کا شکار ہے جس کی وجوہات میں پیداواری لاگت میں اضافہ، کم پیداوار دینے والے بیج، گزشتہ دو سالوں سے ملک میں موجود چاول کا 500,000 ٹن کا ذخیرہ (جس کی مالیت ایک بلین ڈالرز سے زیادہ ہے) اور سرمائے کی قلت شامل ہیں۔ اس بحران کی وجہ سے مل مالکان، برآمدکنندگان اپنے ذمہ قرضہ جات واپس کرنے سے قاصر ہیں۔ 341 بلین روپے کا کسان پیکج بھی کسانوں کو خوش نہیں کرسکا کیونکہ کسانوں کو چاول کی فصل پر ہونے والے 30,000 روپے فی ایکڑ نقصان کے مقابلے دی جانے والی 5,000 روپے فی ایکڑ امداد ناکافی ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 2 نومبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

7 نومبر: محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق صوبے میں چاول کی پیداوار 3.45 ملین ٹن کے مقابلے 3.46 ملین ٹن ہونے کی امید ہے جبکہ کل پیداوار میں باسمتی 67 فیصد ہونے کی توقع ہے۔ (ڈان، 8 نومبر، صفحہ 2)

30 نومبر: ڈپٹی کمشنر قمبر شہداد کوٹ انوار الحق نے کہا ہے کہ وہ ان چاول ملوں کے خلاف کاروائی کریں گے جنہوں نے کسانوں سے دھان 900 روپے فی من پر خریدنے سے انکار کیا ہے۔ سندھ اور بلوچستان کی چاول ملوں کی تنظیم کے صدر میر محبوب علی جمالی نے کہا ہے کہ جب خریدار ہی نہیں ہیں تو دھان اور چاول کس طرح مہنگے داموں خرید سکتے ہیں۔ (دی نیوز، 1 دسمبر، صفحہ 3)

• دالیں

19 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق پاکستان کو اس سال بھی دالوں کی طلب (ایک ملین ٹن) کے مقابلے 40 فیصد کمی کا سامنا ہے۔ دالوں کی پیداوار میں کمی کی کچھ وجوہات میں غیر متوقع بارشیں اور دریا کے ساتھ کی زمین پر سیلاب سے تباہی ہے جہاں زیادہ تر دالیں ہی کاشت ہوتی ہیں۔ پیداوار میں کمی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ کسان زیادہ منافع بخش فصلوں کی طرف منتقل ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے ملک دالوں کی کمی کا شکار ہے اور دالوں کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔
(احمد فراز خان، ڈان، 19 اکتوبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

2 نومبر: ایک مضمون کے مطابق وفاقی حکومت نے صوبوں کو تجویز دی ہے کہ وہ کسانوں کو دالوں خصوصاً ماش اور مسور کی دالوں کی امدادی قیمت دینے پر غور کریں۔ ملک میں دالوں کی پیداوار میں کمی واقع ہو رہی ہے جسے درآمدات سے پورا کیا جارہا ہے۔ وفاقی کمیٹی برائے زراعت کے اجلاس کے دوران صوبائی نمائندوں کو کہا گیا ہے کہ وہ اس تجویز پر وزراء اعلیٰ سے مشاورت کریں۔ (امین احمد، ڈان، 2 نومبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

پھل سبزی

28 ستمبر: عیدالاضحیٰ کے موقع پر پیاز، ٹماٹر اور مرغی کی قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ کراچی سے ملحقہ سپر ہائی وے پر واقع سبزی منڈی کی فلاحی انجمن کے صدر حاجی شاہ جہان نے کہا کہ منڈی میں قیمتوں کی وجہ بلوچستان سے پیاز کی فراہمی میں کمی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اکتوبر کے وسط میں سندھ سے آنے والی پیاز سے منڈی میں پیاز کی قیمت میں کمی آسکتی ہے۔ (ڈان، 29 ستمبر، صفحہ 10)

آلو:

6 اکتوبر: ملکی منڈیوں میں آلو کی قیمتوں میں کمی سے بالائی سوات، شانگلہ اور ضلع کوہستان کے تقریباً 30,000 کسان متاثر ہوئے ہیں۔ خیبر پختون خواہ کے کسانوں کا کہنا ہے کہ شہری علاقوں میں آلو 30 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے جبکہ وہ مقامی منڈی میں 35 روپے کلو فروخت کر رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 7 اکتوبر، صفحہ 2)

زیتون:

2 ستمبر: پارک کے چیئرمین ڈاکٹر افتخار احمد نے کہا کے اگلے پانچ سالوں میں 50,000 ایکڑ زمین پر زیتون کی کاشت ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سال زیتون لگانے کا ہدف 8,000 ایکڑ ہے۔ زیتون کے پودے لگانے سے تیل کی درآمدات پر انحصار کم ہوگا۔ (ڈان، 3 ستمبر، صفحہ10)

14 ستمبر: پارک اور پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز (PCRWR) نے بلوچستان اور چولستان میں بڑے پیمانے پر زیتون کی کاشت کے لیے مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کیے ہیں۔ پارک PCRWR (پی سی آر ڈبلیو آر) کو تکنیکی مدد اور پودے فراہم کرے گا۔ منصوبے کے تحت شمسی توانائی کے نظام کی تنصیب اور قطرہ قطرہ آبپاشی نظام کے استعمال سے زیتون اور دیگر پودے لگائے جائینگے۔ اس اشتراک سے اب تک نظرانداز شدہ زمین پر زیتون اور دیگر پھل کاشت کیے جاسکیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 15 ستمبر، صفحہ11)

نقد آور فصلیں

- گنا

23 ستمبر: وزیراعلی سندھ کو ایک اجلاس میں سیکریٹری زراعت شاہد گلزار شیخ نے بتایا ہے کہ گزشتہ سال گنے کی کاشت کا ہدف 316,749 ہیکٹرز جبکہ اس سال کا ہدف 313,437 ہیکٹرز تھا جو حاصل کر لیا گیا ہے۔ اس سال گنے کی پیداوار تقریباً 17.5 ملین ٹن متوقع ہے۔ وزیراعلیٰ نے سیکریٹری زراعت کو ہدایت کی کہ مل مالکان سے رابطہ کرکے 10 اکتوبر تک کرشنگ شروع کروادی جائے تاکہ کسانوں کو نقصان سے بچایا جاسکے۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ18)

امدادی قیمت:

5 اکتوبر: سندھ میں گنے کی امدادی قیمت طے کرنے کے لیے حکومتی افسران، مل مالکان اور گنے کے کاشتکاروں کے مابین 29 ستمبر کو ایک اجلاس ہوا تھا جس میں مل مالکان نے نقد زرتلافی ملنے اور پچھلے سال کی طرح گنے کی قیمت 172 روپے فی من رکھنے پر زور دیا جبکہ گنا اگانے والوں نے اس کے برعکس 230 روپے فی من کا مطالبہ کیا۔ گنے کی کٹائی کا موسم یکم اکتوبر سے شروع ہوگیا ہے لیکن وزیراعلیٰ نے باہمی مشورے سے قیمت طے کرنے کے لیے دس اکتوبر تک

کا وقت دیا ہے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 5 اکتوبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

6 اکتوبر: محکمہ زراعت کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعلی سندھ قائم علی شاہ نے کہا ہے کہ اس سال گنے کی کاشت پر حکومت کوئی مراعات نہیں دے رہی لہذا گنے کی قیمت کاشتکاروں اور مل مالکان کو پہلے سے ہی طے کر لینی چاہیے تاکہ گزشتہ سال اختلاف کی وجہ سے پیدا ہونے والی دشواریوں سے بچا جاسکے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 اکتوبر، صفحہ14)

15 اکتوبر: سندھ میں گنے کے کاشتکار نقصان کے اندیشے کا شکار ہیں کیونکہ حکومت سال 2015-16 کے لیے گنے کی امدادی قیمت مقرر کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔ مل مالکان اور کسانوں کے درمیان ہونے والے دو اجلاس بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگئے ہیں۔ مل مالکان گنے کی قیمت 160 روپے فی من سے زیادہ دینے کو تیار نہیں ہیں۔ (ڈان، 16 اکتوبر، صفحہ19)

16 نومبر: ایک مضمون کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اب تک گنے کی امدادی قیمت مقرر کرنے اور کسانوں اور مل مالکان کے درمیان مسئلہ حل کرانے میں ناکام ہیں۔ خبریں ہیں کہ سندھ حکومت یا تو گزشتہ سال کی قیمت 182 روپے فی من برقرار رکھے گی یا نئی قیمت 172 روپے فی من مقرر کرے گی کیونکہ گزشتہ سال کی طرح 12 روپے فی من زرتلافی اس سال زیر غور نہیں۔ ٹنڈو الہیار اور چمبڑ شوگر ملیں پہلے ہی کرشنگ شروع کر چکی ہیں اور کسانوں کو 160 روپے فی من گنے کی قیمت ادا کررہی ہیں۔ (محمد حسین خان، ڈان، 16 نومبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

17 نومبر: وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے کہا ہے کہ حکومت کے پاس مالی استعداد نہیں ہے کہ وہ اس سال گنے پر زرتلافی ادا کرے۔ مل مالکان اور کسان کرشنگ سے پہلے گنے کی قیمت پر اتفاق کرلیں۔ کسان نمائندوں نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات میں مطالبہ کیا ہے کہ گنے کی کم سے کم امدادی قیمت 185 روپے من ہوگی۔ (ڈان، 18 نومبر، صفحہ18)

2 دسمبر: میرپور خاص میں گنے کے کاشتکاروں نے اعلان کیا ہے کہ حکومت کی طرف سے امدادی قیمت مقرر نہ کرنے

کے خلاف وہ کراچی میں وزیر اعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا دیں گے۔ سندھ کے مختلف حصوں میں ملوں نے گنے کی کرشنگ شروع کردی ہے۔ ملیں کاشتکاروں کو 160 روپے فی من قیمت دینے کو تیار ہیں جس پر کاشتکار راضی نہیں ہیں کیونکہ یہ قیمت پچھلے سال کی قیمت سے بھی 12 روپے کم ہے۔ اس وقت صرف ضلع میر پور خاص میں ہی 40,000 ایکڑ پر گنے کی فصل تیار کھڑی ہے۔ (دی نیوز، 3 دسمبر، صفحہ 3)

23 دسمبر: ایک خبر کے مطابق حکومت گنے کی قیمت کو منڈی میں آزاد کرنے (ڈی ریگولیٹ) کی تجویز پر غور کررہی ہے۔ یہ تجویز اقتصادی رابطہ کمیٹی میں 7 دسمبر کو پیش کی گئی تھی جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت اگلے موسم سے گنے کی قیمت منڈی پر چھوڑ دے تاکہ حکومتی مداخلت اور زرتلافی کا خاتمہ کیا جاسکے۔ کمیٹی چاہتی ہے کہ چاروں صوبے باظابطہ طور پر زرتلافی کے خاتمے کے لیے گنے کی قیمت آزاد کریں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 دسمبر، صفحہ 10)

مل مالکان:

19 ستمبر: وزیر اعلی کے حکم پر حکومت پنجاب نے صوبے میں نو نادہندہ شوگر ملوں کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ پنجاب شوگر فیکٹریز کنٹرول ایکٹ کے تحت تمام شوگر ملیں کاشتکاروں کو 15 دن میں گنے کی قیمت ادا کرنے کی پابند ہیں۔ تحویل میں لی گئی شوگر ملوں میں شکر گنج شوگر مل I اور II، حسین شوگر مل اور برادرز شوگر مل اور بھی شامل ہیں۔ (ڈان، 20 ستمبر، صفحہ 2)

2 دسمبر: پنجاب حکومت نے نو میں سے پانچ شوگر ملوں کی املاک ضبط کرنے کی کاروائی شروع کردی ہے جنہوں نے گنے کے کاشتکاروں کو ابھی تک ادائیگی نہیں کی ہے۔ اطلاعات کے مطابق چار ملوں نے اس سلسلے میں اخباری اشتہار دیکھنے کے بعد ادائیگی کردی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 دسمبر، صفحہ 5)

21 اکتوبر: پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (PSMA) کے چیئرمین اسکندر خان نے کہا ہے کہ ملوں کو درپیش سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ صوبوں میں گنے کی قیمت میں فرق ہے جس کی وجہ سے پیداواری لاگت میں فرق پیدا ہوتا ہے۔ ایسوسی ایشن نے فیصلہ کیا ہے کہ اگر حکومت نے ان کے مطالبات پورے نہ کیے تو تمام شوگر ملیں کرشنگ کا آغاز نہیں

کرینگی ۔ (ڈان،22 اکتوبر،صفحہ10)

چینی:

15 اکتوبر: کراچی میں چینی کی تھوک قیمت 60 روپے سے کم ہوکر 54 روپے فی کلو پر آ گئی ہے۔ تھوک قیمت میں مزید کمی کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے کیونکہ ملیں اگلے ماہ شروع ہونے والی کرشنگ سے پہلے اپنا چینی کا ذخیرہ فروخت کرنا چاہتی ہیں۔ (ڈان،16 اکتوبر،صفحہ10)

- کپاس

پیداوار:

18 ستمبر: PCGA (پی سی جی اے) کے اندازے کے مطابق اس سال کپاس کی پیداوار 15 ملین گانٹھوں کے برعکس 12.23 ملین گانٹھیں متوقع ہے۔ پیداوار میں کمی کی وجہ سندھ میں ہونے والی حالیہ بارشیں ہیں جس سے 50,000 ایکڑ زمین پر 75 فیصد کپاس متاثر ہوئی ہے۔ (ڈان،19 ستمبر،صفحہ10)

3 اکتوبر: منڈی میں پھٹی کی آمد میں 26 فیصد کمی نے کپاس کی معیشت پر گہرا منفی اثر ڈالا ہے جس سے کسانوں سے لے کر کپڑا تیار کرنے والوں تک سب متاثر ہوئے ہیں۔ پی سی جی اے کے مطابق اس موسم میں جب سے کپاس کی پیداوار شروع ہوئی ہے 30 ستمبر تک 3.073 ملین گانٹھیں پیداوار ہوئی جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں پیداوار 4.135 ملین گانٹھیں تھی۔ صرف پنجاب میں ہی کپاس کی پیداوار میں 32.7 فیصد کمی آئی ہے۔ (ڈان، 4 اکتوبر،صفحہ10)

3 نومبر: منڈی میں پھٹی کی سست آمد کپڑے کی صنعت کو درآمد پر مجبور کرسکتی ہے۔ سندھ اور پنجاب میں کپاس کی کھڑی فصل بھاری مون سون بارشوں اور سیلاب سے متاثر ہونے کے بعد اب تک منفی بڑھوتری ظاہر کررہی ہے۔ زیادہ نقصان پنجاب میں ہوا جہاں پیداوار 5.236 ملین گانٹھوں سے 3.445 ملین گھانٹھوں پر آ گئی ہے جبکہ سندھ میں کپاس کی پیداوار چار فیصد کم ہوئی۔ (ڈان، 4 نومبر،صفحہ10)

18 نومبر: پی سی جی اے کے مطابق 15 نومبر تک منڈی میں پھٹی کی آمد 23.17 فیصد کی کمی سے 8.019 ملین گانٹھیں رہی جو گزشتہ سال اسی مدت میں 10.436 ملین گانٹھیں تھی۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 10)

8 دسمبر: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق کپاس کی قیمت 250 روپے فی من کم ہو کر 5,350 روپے فی من پر آ گئی ہے جو پچھلے دو مہینوں کی سب سے کم قیمت ہے۔ قیمت میں یہ کمی پیداوار میں کمی کے باوجود پیدا ہوئی ہے۔ آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (APTMA) کے نائب چیئرمین آصف انعام نے بتایا کہ منڈی میں کم درجے کی کپاس دستیاب ہے جس کی اصل قیمت 4,700 روپے فی من تک ہے۔ اس سال کپاس کی پیداوار 9.5 ملین اور صنعتی ضرورت 15.5 ملین گانٹھیں ہے، یعنی چھ ملین گانٹھوں کی کمی کا سامنا ہے۔ کپاس کی کمی کی وجہ سے صنعت کو ہفتے میں ایک سے دو دن بند رکھنے پر غور کیا جارہا ہے جبکہ پاکستان کے کل 1450 یونٹس میں سے 60 سے 70 یونٹ بند ہو چکے ہیں اور اگلے دو مہینے میں مزید 100 یونٹ بند ہو جائیں گے۔ (سلمان صدیقی، دی نیوز، 8 دسمبر، صفحہ 15)

18 دسمبر: APTMA (اپٹما) کے سابق چیئرمین گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ کپاس کی کم پیداوار سے ملکی معیشت کو کل چھ بلین ڈالرز کا نقصان ہوگا جس میں کسانوں کو ہونے والا دو بلین ڈالرز کا نقصان بھی شامل ہے۔ (ڈان، 19 دسمبر، صفحہ 10)

V۔ تجارت

14 ستمبر: وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی ہدایت پر ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کا بیس رکنی وفد دونوں ممالک کے درمیان تجارتی مواقعوں کی تلاش کے لیے روس گیا ہے۔ TDAP (ٹی ڈی اے پی) چاہتی ہے کہ روس کو ایسے وقت میں کہ جب اس نے یورپی ممالک اور امریکی برآمدات پر پابندی عائد کر رکھی ہے، پاکستانی برآمدات میں اضافے کا موقع دیا جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 ستمبر، صفحہ 11)

7 دسمبر: حلال اشیاء کی تجارت کے فروغ کے لیے قومی اسمبلی نے پاکستان حلال اتھارٹی بنانے کا بل منظور کرلیا ہے۔ (دی نیوز، 8 دسمبر، صفحہ 10)

- وزارتی اجلاس

10 دسمبر: ایک خبر کے مطابق اگلے ہفتے کینیا میں ہونے والے WTO (ڈبلیو ٹی او) کے اجلاس میں شرکت کی تیاری کے لیے وزارت تجارت کا ایک اجلاس وفاقی وزیر خرم دستگیر کی سربراہی میں اسلام آباد میں ہوا۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ پاکستان اپنے تجارتی مفادات کا سخت تجارتی سفارتکاری سے تحفظ کرے گا۔ پاکستان صرف کچھ شرائط پر ممالک کوعوام کے لیے ذخیرہ رکھنے کی اجازت دینے پر عمل کرے گا۔ (ڈان، 11 دسمبر، صفحہ10)

برآمدات

12 دسمبر: اسلام آباد میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) نے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ زرعی شعبے میں زرتلافی کے معاملے کو نیروبی میں ہونے ڈبلیو ٹی او کے وزارتی اجلاس میں اٹھائے۔ فیڈریشن کی باغبانی اور زرعی پیداوار کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین احمد جاوید نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے (IMF) کی زراعت میں زرتلافی کے خاتمے کی شرط ملکی برآمدات کو بری طرح متاثر کررہی ہیں۔ زرعی شعبے کو زرتلافی کی سہولت ہونی چاہیے تاکہ غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ پاکستان عالمی تجارت میں مقابلہ کرنے کے قابل ہوسکے۔ انہوں نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ڈبلیو ٹی او کے وزارتی اجلاس میں شرکت سے پہلے حکومت نے نجی شعبے سے کوئی مشاورت نہیں کی اور تمام معاملات متعلقہ شعبوں کو اعتماد میں لیے بغیر حکومتی اہلکار خود طے کررہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 دسمبر، صفحہ11)

- گندم

31 اگست: پاکستانی نجی کمپنی سنی ٹریڈنگ نے افغانستان کی مانگ پر 500,000 ٹن گندم برآمد کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے مگر برآمدکنندگان کو وفاقی حکومت کی اعلان کردہ زرتلافی حاصل کرنے میں دشواری کا سامنا ہے جس کی وجہ سے جنوری سے اب تک حکومت 300,000 ٹن گندم بھی برآمد نہیں کرپائی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 1 ستمبر، صفحہ11)

18 ستمبر: اقتصادی رابطہ کمیٹی نے کوئی وجہ بتائے بغیر وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کی طرف سے پیش کردہ نجی کمپنی کی جانب سے افغانستان کو 500,000 ٹن گندم برآمد کرنے کی سمری مسترد کردی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 ستمبر،

صفحہ10)

2 اکتوبر: عالمی منڈی میں گندم کی قیمت 209 ڈالرز سے کم ہوکر 180 سے 185 ڈالرز فی ٹن پر آ گئی ہے جبکہ مقامی گندم کی قیمت منڈی میں 330 ڈالر فی ٹن ہے۔ عالمی منڈی میں قیمت میں کمی نے پاکستان سے 1.2 ملین ٹن گندم کی برآمد کو حکومت کی جانب سے زرتلافی دیے جانے کے باوجود خطرے میں ڈال دیا ہے۔ (ڈان، 3 اکتوبر، صفحہ10)

- چاول

7 ستمبر: ریپ کے اراکین حکومت پر زور دے رہے ہیں کہ وہ ایران سے خریدی جانے والی بجلی کی مد میں واجب الادا رقم پاکستان سے ایران چاول برآمد کرنے والوں کو ادا کردے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق اگر پاکستانی اور ایرانی حکومت اس تجویز پر رضامند ہوجاتے ہیں برآمدکنندگان جلد ایک ملین ٹن باسمتی چاول ایران برآمد کرینگے۔ ایران پر مغربی پابندیوں سے پہلے پاکستان سالانہ سات لاکھ ٹن باسمتی چاول ایران برآمد کررہا تھا جو پاکستانی چاول کی سب سے بڑی منڈی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 ستمبر، صفحہ11)

12 ستمبر: رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (REAP) کے چیرمین رفیق سلمان اور دیگر نمائندگان نے وزیر اعظم نواز شریف سے ملاقات کے دوران بینک کے قرضوں کی ادائیگی کا وقت 180 دن سے بڑھا کر 360 دن کرنے، چاول پر ودہولڈنگ ٹیکس کو ایک فیصد سے 0.25 فیصد کرنے، چاول کی مقامی منڈی سے خریداری پر عائد 3.5 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس کوختم کرنے اور چاول کی ملوں کو صنعت کا درجہ دینے اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کم کرنے کے کا مطالبہ کیا ہے۔ تاجروں کا مزید کہنا تھا کہا کہ پاسکو کی چاول کی برآمد میں مداخلت نہیں ہونی چاہیے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 ستمبر، صفحہ11)

19 ستمبر: بین الاقوامی منڈی میں چاول کی گرتی ہوئی قیمت سے پریشان دھان کے کسانوں نے وزیر اعظم کے اعلان کردہ کسان پیکج سے اختلاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ فی ایکڑ 30,000 روپے کے نقصان کے ازالے کے لیے 5,000 روپے کی حکومتی امداد ناکافی ہے۔ REAP (ریپ) کے سابق نائب چیرمین توفیق احمد نے کہا ہے کہ چاول کی

گرتی ہوئی قیمت برآمد کنندگان کو نقصان پہنچا رہی ہے جنہیں ذرائع آمدورفت اور جہاز رانی پر بھی کافی خرچ کرنا ہوتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 ستمبر، صفحہ 11)

17 اکتوبر: ریپ کے سینئر وائس چیئرمین نعمان احمد شیخ نے کہا ہے کہ وزیراعظم کا زراعت کے لیے امدادی پیکج درست سمت میں ایک قدم ہے لیکن یہ پیکج چاول کی صنعت کا موجودہ بحران حل نہیں کرسکتا۔ یہ پیکج چاول کی صنعت کو کچھ تحفظ تو فراہم کرتا ہے لیکن چاول کی صنعت سے وابستہ افراد خصوصاً برآمد کنندگان چاہتے ہیں کہ جون 2016 تک ان کے قرضے معطل کردیے جائیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 اکتوبر، صفحہ 11)

12 دسمبر: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق چاول کے تاجر عالمی منڈی میں چاول کی قیمت پھر سے بڑھنے کے آثار دیکھ رہے ہیں۔ یورپ اور مشرق وسطیٰ سے چاول کی طلب میں اضافے کی وجہ سے پچھلے ایک مہینے میں چاول کی قیمت تقریباً 25 فیصد بڑھی ہے۔ ریپ کے سابق وائس چیئرمین اور برآمد کنندہ توفیق احمد نے کہا ہے کہ یہ سال چاول برآمد کرنے والوں کے لیے بہترین سال ہوسکتا ہے کیونکہ انہوں نے اس سال کاشت کاروں سے نہایت سستے داموں چاول خریدا ہے۔ (عمران رعنا، دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 دسمبر، صفحہ 11)

12 دسمبر: سابق چیئرمین ریپ عبدالرحیم جانو نے کہا ہے کہ پاکستانی چاول برآمد کنندگان کو دو طرح کے مسائل کا سامنا ہے ایک عالمی سطح پر مندی ہے اور دوسرا بھارتی چاول جس پر بھارتی حکومت بھاری زرتلافی دے رہی ہے۔ (ڈان، 13 دسمبر، صفحہ 10)

- چینی

8 دسمبر: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے وزیرخزانہ اسحاق ڈار کی سربراہی میں بااثر مافیا کو 500,000 ٹن چینی برآمد کرنے اور حکومت کی جانب سے 13 روپے فی کلو زرتلافی دینے کی منظوری دے دی ہے۔ زرتلافی کی کل رقم 6.5 بلین روپے بنتی ہے جو پچھلے ہفتے منظور کیے گئے 40 بلین روپے کے منی بجٹ کا 16 فیصد بنتا ہے۔ اس وقت عالمی منڈی میں چینی کی قیمت مقامی قیمت سے کم ہے اور کمیٹی نے یہ اجازت وزارت صنعت و

پیداوار کی مخالفت کے باوجود دی۔ وزارت نے PSMA (پی ایس ایم اے) کے اضافی چینی کے ذخائر پر سوال اٹھایا تھا اور تجویز دی تھی کہ عالمی منڈی میں سستی چینی بیچنے کے بجائے اپنے عوام کو سستی چینی فراہم کی جائے۔ (شہباز رعنا، دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 دسمبر، صفحہ 10)

18 دسمبر: وفاقی حکومت نے چینی کی برآمد پر دی جانے والی زرتلافی کا بوجھ آدھا صوبوں پر منتقل کردیا ہے جس کے لیے تین بلین روپے درکار ہونگے۔ یہ فیصلہ ظاہر کرتا ہے کہ وفاقی حکومت 250,000 ٹن چینی کی برآمد پر زرتلافی دے گی اور اتنی ہی مقدار پر صوبائی حکومتیں زرتلافی دیں گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 دسمبر، صفحہ 10)

9 دسمبر: تجارتی زرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے 500,000 ٹن چینی کی برآمد سے چینی بھارتی اور مشرق وسطیٰ کی شوگر ملوں میں مقابلے میں اضافہ ہوگا اور عالمی قیمتیں مزید کم ہوں گی۔ پاکستان اس سال 500,000 ٹن چینی 13,000 فی ٹن کی زرتلافی کے ساتھ برآمد کرے گا۔ پاکستان نے افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے لیے کم سے کم برآمدی قیمت 450 ڈالرز فی ٹن مقرر کی ہے۔ (ڈان، 10 دسمبر، صفحہ 10)

- پھل سبزی

19 نومبر: چیئرمین آل پاکستان فروٹ اینڈ ویجیٹبل ایکسپورٹرز، امپورٹرز اینڈ مرچنٹس ایسوسی ایشن (PFVA) وحید احمد کے مطابق اس سال باغبانی سے متعلق 82 ملین ڈالرز کی برآمدی مانگ (آرڈر) موصول ہوئی ہے۔ کچھ طلب کردہ مانگ پہلے ہی مکمل کی جاچکی ہیں جبکہ دیگر تیاری کے مراحل میں ہیں۔ (ڈان، 20 نومبر، صفحہ 11)

آم:

10 نومبر: یورپ کو آم کی پاکستانی برآمدات 47 فیصد اضافے کے بعد 4,132 ٹن سے بڑھ کر 6,085 ٹن ہوگئی ہے۔ (ڈان، 11 نومبر، صفحہ 11)

کینو:

22 ستمبر: فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین احمد جواد نے کہا ہے کہ یورپی یونین کو پاکستانی کینو کی برآمد انتہائی معمولی حصہ یعنی 0.09 فیصد ہے جبکہ دوسرے درجے کے کینو کی قسم کا منڈی میں حصہ 0.04 فیصد ہے۔ پاکستان میں کینو کی پیداوار بڑھانے کی ضرورت ہے۔ فلحال اس کی ترسیل اور طلب و رسد مستحکم نہیں ہے۔ (دی ایسپریس ٹریبیون، 23 ستمبر، صفحہ 11)

19 نومبر: انڈونیشیا کی جانب سے جنوری 2016 سے پاکستانی کینو کی درآمد پر پابندی عائد کیے جانے کا امکان ہے۔ زرائع کے مطابق انڈونیشیا کے درآمد کنندگان نے پاکستانی تاجروں کو ممکنہ پابندی سے آگاہ کردیا ہے۔ پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کے مطابق انڈونیشیا پاکستان کو کینو کی برآمد پر رعایت فراہم کرتا ہے جس کے بدلے اسے پام آئل پاکستان برآمد کرنے پر رعایت حاصل ہے۔ دونوں ممالک کے مابین باہمی تجارت 2014 میں 2.2 بلین ڈالرز تک پہنچ گئی تھی جو اب تک انڈونیشیا کے لیے ہی فائدہ مند رہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 نومبر، صفحہ 11)

27 نومبر: کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل نے تاجروں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ ان کا ملک پاکستانی کینو کی درآمد جاری رکھے گا۔ PFVA (پی ایف وی اے) کے وفد نے قونصل جنرل سے انڈونیشیا کی طرف سے کینو کی درآمد پر پابندی کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ انڈونیشیا کے محکمہ قرنطینہ نے حال ہی میں پاکستان میں کینو کے باغات کا دورہ کیا تھا جس میں موجودہ صورتحال کو تسلی بخش قرار دیا گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 نومبر، صفحہ 11)

30 نومبر: اس سال کینو کی پیداوار کم از کم دوملین ٹن ہونے کی توقع ہے جو گزشتہ سال 1.9 ملین ٹن تھی۔ گزشتہ سال 200 ملین ڈالرز مالیت کے 350,000 ٹن کینو برآمد کیے گئے تھے جس میں اس سال اضافہ ہوسکتا ہے۔ (محی الدین عظیم، 30 نومبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

خشک میوہ جات:

16 نومبر: ٹی ڈی اے پی کے اندازے کے مطابق خشک میوہ جات کی برآمد 120,000 ٹن تک متوقع ہے۔ ان میوہ

جات میں چھوہارے، مونگ پھلی، خشک خوبانی، اخروٹ، بادام، چلغوزہ، پستہ، کشمش وغیرہ شامل ہیں۔ 2008 سے خشک میوہ جات کی برآمد متاثر تھی جو گزشتہ سال 100,000 ٹن تک پہنچی تھی۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 16 نومبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- حلال گوشت

2 اکتوبر: محمد علی جناح یونیورسٹی، کراچی میں ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ٹی ڈی اے پی کے سینئر ڈائریکٹر جنرل نصرت جمشید نے حلال اشیاء کی برآمدات میں اضافے کے لیے اسلامی تجارتی بلاک بنانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حلال اشیاء کی منڈی اس وقت 7.1 ٹریلین ڈالرز پر مشتمل ہے جس میں سے 3.92 ٹریلین ڈالرز کی اسلامی ممالک کی منڈی بھی شامل ہے۔ انہوں نے کراچی اور لاہور میں حلال پروسیسنگ زون بنانے پر زور دیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 اکتوبر، صفحہ 10)

7 دسمبر: ایک اخباری مضمون کے مطابق چین دنیا میں سب سے بڑا گوشت درآمد کرنے والا ملک بن چکا ہے۔ آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، یوروگوئے، ارجنٹائن اور برازیل چین کو گائے اور بکرے کا گوشت برآمد کررہے ہیں جبکہ بھارت اور پاکستان سے ویت نام اور ہانگ کانگ کے ذریعے بڑے پیمانے پر گوشت چین غیر قانونی طور پر جارہا ہے کیونکہ چین میں گوشت کے معیاری ضابطے سخت ہیں۔ (ضیا باڈے، دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 دسمبر، صفحہ 10)

سمندری غذا:

3 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق تھائی لینڈ نے پاکستان میں مچھلی کو محفوظ کرنے کی (فش پروسسنگ) صنعت قائم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے جہاں سے وہ سمندری خوراک اپنے ملک برآمد کرسکے۔ تھائی لینڈ کے سرکاری وفد نے پاکستانی حکام سے ملاقات میں کہا ہے کہ سال 2017 تک باہمی آزاد تجارت کے معاہدے کیے جائیں گے۔ (ڈان، 4 اکتوبر، صفحہ 10)

2 نومبر: ایک مضمون کے مطابق رواں سال سمندری غذا کی برآمد میں گزشتہ سال کی نسبت کمی واقع ہوئی ہے۔ سال

2014 میں 370 ملین ڈالرز مالیت کی سمندری غذا برآمد کی گئی تھی جو سال 2015 میں کم ہوکر 350 ملین ڈالرز ہوگئی ہے۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 2 نومبر، صفحہ 3، بزنس اینڈ فنانس)

درآمدات

- گندم

14 ستمبر: ایک مضمون کے مطابق یوکرین سے برآمد کی جانے والی گندم پاکستان میں 17 روپے فی کلوگرام دستیاب ہوتی ہے اور 50 فیصد درآمدی محصول لگنے کے بعد بھی قیمت 25 روپے فی کلوگرام رہتی ہے جبکہ مقامی گندم کی قیمت 32 روپے فی کلو ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوبہ پنجاب کے پاس ابھی بھی 5.2 ملین ٹن گندم کا ذخیرہ موجود ہے۔ (احمد فراز خان، ڈان، 14 ستمبر، صفحہ 4 بزنس اینڈ فنانس)

- کپاس

1 دسمبر: بھارت نے اکتوبر سے شروع ہونے والے کپاس کے موسم میں دوملین گانٹھیں (170 کلوگرام فی گانٹھ) برآمد کرنے کے سودے کیے ہیں جس میں سے آدھی مقدار پاکستان خریدے گا۔ کاٹن ایسوسی ایشن آف انڈیا (CAI) کے صدر دھیرن سیٹھ کے مطابق وہ پاکستان سے کپاس کی اتنی طلب کی توقع نہیں کررہے تھے۔ پاکستان مزید پانچ سے سات لاکھ گانٹھیں خرید سکتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 دسمبر، صفحہ 10)

- سوتی دھاگہ

17 اکتوبر: حکومت نے سوتی دھاگہ اور تیار کپڑے کی درآمد پر ملکی صنعت کو تحفظ دینے کے لیے 10 فیصد درآمدی محصول (ریگولیٹری ڈیوٹی) عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے بعد ان اشیاء کی درآمد پر کل محصولات کی شرح 15 فیصد ہوجائے گی۔ اضافی محصول کا اطلاق یکم نومبر سے ہوگا۔ حکومت نے محصول میں اضافے کا فیصلہ اپٹما کے پرزور مطالبے پر کیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 اکتوبر، صفحہ 1)

2 دسمبر: انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی (ICAC) کے مطابق پاکستان نے پچھلے کئی سالوں سے چین میں سوتی دھاگے

کی بڑھتی ہوئی طلب سے فائدہ اٹھایا تھا لیکن اب چین کو پاکستانی برآمدات میں کمی آ گئی ہے۔ پاکستان میں توانائی کے بحران، توانائی کی قیمت اور محصولات میں اضافے سے پاکستانی ملوں کی پیداواری لاگت بہت بڑھ گئی ہے جس کی وجہ سے دھاگہ ملوں نے پیداوار کم کردی ہے یا بند کردی ہے۔ (دی نیوز، 3 دسمبر، صفحہ 15)

- خشک دودھ

2 دسمبر: ایک خبر کے مطابق ملک میں بچوں کے خشک دودھ کی مطلوبہ آدھی مقدار درآمد کی جاتی ہے جس پر پہلے ہی 29 سے 30 فیصد محصولات عائد ہیں۔ ان محصولات میں اب مزید ایک فیصد اضافہ کردیا گیا ہے۔ حاملہ عورتوں کے لیے غذائیت سے بھرپور تیار خوراک (nutritional supplement) بھی اس فہرست میں شامل ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 دسمبر، صفحہ 10)

- مرغیوں کی خوراک

9 دسمبر: پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن (PPA) نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مرغبانی میں افزائش نسل کے لیے استعمال ہونے والے خام مال زندہ بیج کی درآمد پر اضافی 10 فیصد محصول عائد کرنے سے مقامی مرغبانی کی صنعت کو نقصان کا سامنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مرغبانی سے متعلق تیار اشیاء ملیشیا سے بغیر محصول، چین سے خصوصی رعایتی قیمت پر اور بھارت سے پانچ فیصد محصول پر درآمد کی جارہی ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ تیار اشیاء کی درآمد کو فروغ دیا جارہا ہے۔ ضروری خام مال پر محصول عائد کیے جانے سے مقامی صنعت کی حوصلہ شکنی ہورہی ہے جبکہ مکئی پر 30 فیصد درآمدی محصول عائد کیے جانے سے بھی مرغبانی کی صنعت پر منفی اثر پڑے گا کیونکہ 70 فیصد درآمدی مکئی اسی شعبے میں استعمال ہوتی ہے۔ (ڈان، 10 دسمبر، صفحہ 11)

- کھاد

9 ستمبر: اقتصادی رابطہ کمیٹی نے 3 ستمبر کو ہونے والے ایک اجلاس میں خریف کے موسم میں بوائی کے لیے درکار یوریا کی مانگ پوری کرنے کے لیے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (TCP) کو 150,000 ٹن یوریا درآمد کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم و قدرتی وسائل شاہد خاقان عباسی نے اس فیصلے کی مخالفت کی ہے اور کہا

ہے کہ ملکی صنعت کاروں میں یہ صلاحیت ہے کہ وہ یوریا کی مطلوبہ پیداوار کرسکیں تاہم ان کے لیے ایک اہم مسئلہ گیس کی فراہمی کا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 ستمبر، صفحہ 10)

- زرعی مشینری

7 ستمبر: بیلا روس ٹریکٹر کمپنی کو پاکستان میں پیداوار کی اجازت دینے کے فیصلے سے مقامی ٹریکٹر کی صنعت کو اپنا غلبہ کم ہونے کا خدشہ ہے۔ وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن کے مطابق اس وقت دو کمپنیاں چوبیس ماڈل بنا رہی ہیں جو بیرونی مصنوعات سے کافی سستے ہیں لیکن درحقیقت یہ غیر معیاری ہیں اور برآمدی معیار کے نہیں ہیں۔ بیلا روس جنوری سے پاکستان میں ٹریکٹر تیار کرنا شروع کرے گا۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 7 ستمبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

VI۔ کارپوریٹ شعبہ

26 اکتوبر: عالمی ادارہ صحت (WHO) کی سرطان پر تحقیق کرنے والی تنظیم انٹرنیشنل ایجنسی فار ریسرچ آن کینسر (IARC) کی جاری کردہ تجزیاتی رپورٹ کے مطابق کمپنیوں کا تیار کردہ (پراسیسٹ) گوشت، جیسے ہاٹ ڈاگ اور سور کے گوشت (بیکن)، سے انسانوں میں آنتوں کا سرطان ہوسکتا ہے۔ تنظیم نے کمپنیوں کے تیار کردہ سرخ گوشت (یعنی گائے، بکرے اور سور کا گوشت) کو اپنی فہرست ایک میں رکھا ہے جس میں تمباکو اور ایبسٹس (abestos) بھی شامل ہیں۔ اس فہرست میں شامل اشیاء کے سرطان سے تعلق کے کافی شواہد پائے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ سرخ گوشت کو فہرست دوا ے (2 A) میں رکھا گیا ہے جن سے سرطان ہونے کا امکان ہوسکتا ہے۔ (ڈان، 27 اکتوبر، صفحہ 15)

غذائی کمپنیاں

20 ستمبر: اسلام آباد کی شہری انتظامیہ نے سیکٹر ایف چھ (F-6) اور ایف سات (F-7) میں چھاپہ مار کر حفظان صحت کے ناقص انتظامات اور کھانے کا غیر معیاری تیل استعمال کرنے پر ہارڈیز (Hardee's) اور کے ایف سی (KFC) مراکز کو سربمہر کرکے 200,000 روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 ستمبر، صفحہ 4)

30 اکتوبر: کراچی کی حصص منڈی میں اندراج کے بعد گوشت کی خوردہ فروش اور برآمدی کمپنی ال شہیر کارپوریشن

نے جولائی تا ستمبر سہ ماہی میں 76 ملین روپے خالص منافعے کا اعلان کیا ہے جو گزشتہ سال اسی مدت کے مقابلے 52 فیصد زیادہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 اکتوبر، صفحہ 11)

- نیسلے

11 ستمبر: گزشتہ دنوں دودھ فروشوں کی جانب سے کھلے دودھ کی قیمت میں اضافے کے بعد یہ توقع کی جارہی ہے کہ ملک میں ڈبہ بند دودھ (ٹیٹرا پیک) کی فروخت میں اضافہ ہوگا جس سے دودھ فروخت کرنے والی نیسلے، اینگرو اور دیگر کمپنیوں کے کاروبار میں اضافہ ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 ستمبر، صفحہ 10)

16 اکتوبر: نیسلے پاکستان نے جنوری تا ستمبر 2015 میں 7.7 بلین روپے خالص منافع کمایا جو گزشتہ سال اسی مدت میں 6.4 بلین روپے تھا۔ منافع میں ہونے والا یہ اضافہ بیس فیصد ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اکتوبر، صفحہ 11)

مشروبات کی کمپنیاں

- کوکا کولا

13 ستمبر: رحیم یار خان میں ضلعی انتظامیہ نے چھاپے کے بعد کوکا کولا بوٹلرز پرائیوٹ لمیٹڈ (CCBPL) کے مشروب بنانے والے پلانٹ کو سربمہر کردیا۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر (DCO) کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ صحت کے ضلعی افسر پر مشتمل ٹیم کی جانچ کے دوران پیداواری علاقے میں چھپکلی سمیت حشرات پائے گئے تھے جن کے سدباب کے لیے کمپنی کے انتظامات ناقص تھے۔ مشروب کے نمونے تجزیئے کے لیے لیبارٹری بھیج دیے گئے ہیں اور انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اسپرائیٹ کی ایک لیٹر والی شیشے کی تمام بوتلوں کو منڈی سے واپس لے کر ضائع کردے۔ (ڈان، 14 ستمبر، صفحہ 2)

8 اکتوبر: کوکا کولا کمپنی کے ایک وفد نے کمپنی کے یوروایشیا اور افریقہ گروپ کے صدر نیتھن کالمبو (Nathan Kalumbu) کی سربراہی میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی اور پاکستان میں کمپنی کی سرمایہ کاری منصوبے سے آگاہ کیا ہے۔ کمپنی پاکستان میں 350 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کے منصوبے کا آغاز کرچکی ہے۔ (ڈان، 9 اکتوبر، صفحہ 10)

کھاد کمپنیاں

- اینگرو فرٹیلائزر

29 ستمبر: اینگرو کارپوریشن کے صدر خالد سراج سبحانی نے وزیر اعظم کی جانب سے کسانوں کے لیے اعلان کردہ پیکج کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر حکومت کسانوں کے مسائل حل کرنا چاہتی ہے تو انھیں براہ راست زرتلافی فراہم کرے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 ستمبر، صفحہ 11)

26 اکتوبر: اینگرو فرٹیلائزر کے اعلامیے کے مطابق کمپنی نے جولائی تا ستمبر تیسری سہہ ماہی میں 31 فیصد اضافے سے 2.789 بلین روپے منافع کمایا ہے جو گزشتہ سال اسی مدت میں 2.137 بلین روپے تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 اکتوبر، صفحہ 11)

5 نومبر: وفاقی وزیر پٹرولیم و قدرتی وسائل شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ اینگرو فرٹیلائزر کو دی جانے والی گیس دسمبر میں بجلی کی پیداوار میں اضافے کے لیے گڈو پاور پلانٹ کو فراہم کی جائے گی۔ کمپنی کی گیس کی ضرورت دیگر ذرائع سے پوری کی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 نومبر، صفحہ 10)

- فوجی فرٹیلائزر

4 نومبر: ایک خبر کے مطابق فوجی فرٹیلائزر ملک میں گیس کی قلت کی وجہ سے تنزانیہ میں اپنا کھاد کا کارخانہ قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 نومبر، صفحہ 10)

- فاطمہ فرٹیلائزر

2 نومبر: فاطمہ فرٹیلائزر نے 30 ستمبر، 2015 کو ختم ہونے والی سہہ ماہی میں 612 ملین روپے کا منافع حاصل کیا جو گزشتہ سال اسی مدت کے مقابلے 78 فیصد کم ہے۔ کمپنی کے مطابق منافع میں کمی کی وجہ کھاد پر دی جانے والی حکومتی زرتلافی کے حوالے سے پائی جانے والی غیر یقینی کیفیت اور زرتلافی ملنے کی صورت یوریا کی قیمتوں میں کمی کے امکانات ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 نومبر، صفحہ 11)

VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی

مال مویشی

3 ستمبر: اسلام آباد میں FAO (ایف اے او) اور USDA (یو ایس ڈی اے) نے مشترکہ طور قومی اور صوبائی سطح پر مال مویشی شعبے میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کے تربیتی منصوبے لائیو اسٹاک ایمرجنسی گائیڈ لائنز اینڈ اسٹینڈرڈز (LEGS) کا آغاز کیا ہے۔ پاکستان میں آٹھ ملین سے زیادہ دیہی خاندان مال مویشی کے شعبے سے جڑے ہیں جو ان کے لیے غذائیت اور روزگار کا اہم زریعہ ہے۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 5)

3 ستمبر: پاکستان اور بھارت میں بہت بڑی تعداد میں گدھے پائے جاتے تھے مگر اب پاکستان میں ان کی کم ہوتی تعداد کی وجہ سے حکومت نے عارضی طور پر گدھے کی کھال برآمد کرنے پر پابندی عائد کی ہے۔ چین کو گدھے کی ایک کھال کی برآمد پر 18,000 سے 20,000 روپے آمدنی ہوتی ہے جس کے حصول کے لیے گدھوں کو زہر کھلا کر مار دیا جاتا ہے۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 10)

6 ستمبر: پنجاب میں غیر معیاری اور مضر صحت گوشت کی فروخت کے حوالے سے بڑھتی ہوئی خبروں کے باعث اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے خوراک کے قانون میں ترمیم پر غور کرنا شروع کردیا ہے۔ اس وقت غیر معیاری گوشت بیچنے کی سزا صرف تین ماہ قید اور چند سو روپے جرمانہ ہے۔ شہر میں کوئی بھی مذبحہ خانہ نہیں ہے جس کی وجہ سے گوشت ساہالہ اور روات سے اسلام آباد لایا جاتا ہے۔ (ڈان، 7 ستمبر، صفحہ 4)

16 اکتوبر: کراچی کسٹم حکام نے کراچی میں گدھے کی کھالیں غیر قانونی طور پر چین برآمد کرنے کی کوشش ناکام بنادی ہے۔ ضبط شدہ کھیپ میں 1,200 گدھے کی کھالیں اور 2,500 کلوگرام بکری کے بال بھی شامل ہیں جن کا ذکر برآمدی دستاوزات میں نہیں کیا گیا تھا۔ حکومت نے گزشتہ ماہ گدھے کی کھالیں برآمد کرنے پر پابندی عائد کردی تھی کیونکہ کھالیں حاصل کرنے کے لیے ملک میں بالخصوص پنجاب میں بڑے پیمانے پر گدھوں کو ہلاک کرنے اور گوشت بازار میں فروخت کرنے کی خبریں عام تھیں۔ (ڈان، 17 اکتوبر، صفحہ 17)

26 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق ملک میں بھینسوں سمیت مال مویشیوں کی کل تعداد 76 ملین ہے جس کا 42 فیصد حصہ پنجاب میں ہے۔ افزائش نسل کے لیے استعمال ہونے والے بیلوں کی تعداد ایک اندازے کے مطابق سات ملین ہے جن میں چار ملین ساہیوالی اور دو ملین چولستانی نسل کے بیل شامل ہیں۔ (احمد فراز خان، ڈان، 26 اکتوبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

7 نومبر: چینی سرمایہ کاروں کے ایک وفد نے کے پی کے کا دورہ کیا ہے اور وزیر اعلیٰ پرویز خٹک سے ملاقات کے دوران مال مویشی بالخصوص گدھے صوبے سے برآمد کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ چینی وفد نے کہا ہے کہ وہ صوبے میں گدھوں کی پرورش کے لیے جدید فارم قائم کرنے میں مدد کرینگے۔ (ڈان، 8 نومبر، صفحہ 7)

8 نومبر: ملک کے شمالی علاقوں میں گزشتہ دنوں آنے والے زلزلے سے مال مویشی بھی متاثر ہوئے ہیں جن میں بڑی تعداد بھیڑ اور بکریوں کی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 27,659 جانوروں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، 28,824 جانوروں کو ٹیکے لگوائے گئے اور 40,000 جانوروں پر ادویات کا چھڑکاؤ کیا گیا تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہیں۔ واضح رہے کہ سال 2010 میں آنے والے سیلاب کی وجہ سے کے پی کے میں 5.34 بلین روپے مالیت کے مال مویشی ہلاک ہوگئے تھے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 نومبر، صفحہ 2)

9 نومبر: پارک کے اندازے کے مطابق ملک میں مال مویشیوں کی خوراک کی 51 فیصد طلب چارے کی فصلوں سے پوری کی جاتی ہے جبکہ بقیہ 49 فیصد کھل، گھاس اور فصلوں سے حاصل ہونے والے دیگر اجزاء سے پوری کی جاتی ہے۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 9 نومبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- ڈیری

1 ستمبر: پنجاب میں غیر معیاری خوراک کی فروخت کے خلاف جاری مہم کے تحت رحیم یار خان کی ضلعی فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری دودھ کی فروخت پر دو دکانوں کو سربمہر کردیا گیا۔ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اس قسم کے مقدمات کے لیے ضلعی سطح پر عدالتیں قائم کی جائیں گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 ستمبر، صفحہ 5)

7 ستمبر: کراچی میں دودھ کی قیمت 73 روپے فی کلو سے بڑھا کر 84 روپے فی کلو کردی گئی ہے۔ شہری انتظامیہ نے اضافے کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے دودھ کے کاروبار سے منسلک کئی افراد کو گرفتار کیا ہے۔ واضع رہے کہ دودھ کی سرکاری قیمت 70 روپے فی کلو مقرر ہے۔ (ڈان، 8 ستمبر، صفحہ 17)

21 ستمبر: کراچی میں پچھلے چند ہفتوں سے شہری تازہ دودھ کی کمی کی وجہ سے پریشان ہیں۔ کراچی ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی سکندر کے مطابق شہر میں تیں فیصد دودھ کی ترسیل میں کمی آئی ہے جس کی وجہ ڈیری مالکان نے قیمتوں میں کمی اور ہارمون والے ٹیکہ آکسی ٹوسن (Oxytocin) پر پابندی بتائی ہے۔ (ڈان، 22 ستمبر، صفحہ 18)

5 ستمبر: ایک خبر کے مطابق دنیا میں کھلے دودھ کے استعمال کا 75 فیصد حصہ پاکستان اور بھارت پیدا کرتے ہیں۔ پاکستان سالانہ 39.5 بلین لیٹر دودھ پیدا کرتا ہے جس میں ڈبہ بند دودھ کا حصہ 1.71 بلین لیٹر ہے جبکہ ترسیل کا موثر نظام نہ ہونے کی وجہ سے ہر سال 6.7 بلین لیٹر دودھ ضائع ہوجاتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 ستمبر، صفحہ 11)

19 ستمبر: کارپوریٹ ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن (CDFA) کے چیف ایگزیکٹو ہارون لودھی نے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں وزیراعظم کی جانب سے کسانوں کے لیے اعلان کردہ پیکج سے دودھ فروشوں کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ دودھ کی پیداواری لاگت میں اضافہ، عالمی منڈی میں خشک دودھ کی قیمت میں کمی اور پاکستان میں اس کی درآمد پر محصول میں کمی کی وجہ سے پاکستان غیرملکی خشک دودھ کی منڈی بن گیا ہے۔ حکومت کی کسان دشمن پالیسیوں کی وجہ سے اس شعبے سے منسلک کسانوں کو نقصان اٹھانا پڑرہا ہے۔ (ڈان، 20 ستمبر، صفحہ 18)

5 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق پاکستان دودھ کی پیداوار کے لحاظ سے دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہے۔ ملک میں 8.5 ملین خاندان دودھ کے کاروبار سے منسلک ہیں جن میں سے 92 فیصد چھوٹے پیمانے پر مویشی پالنے والے خاندان ہیں جو ایک سے چھ مویشی پالتے ہیں۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 5 اکتوبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

18 نومبر: یونیورسٹی آف ویٹری اینڈ اینمل سائنسس لاہور (UVAS) نے پنجاب این ایبلنگ انوائرمنٹ پروجیکٹ

(PEEP) کے اشتراک سے لاہور میں کھلے دودھ کی ترسیل کی جانچ کرنے اور اعدادوشمار جمع کرنے کے حوالے سے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ وائس چانسلر نے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ خوراک کے تحفظ میں مسائل کی وجہ کھلا دودھ ہے اس لیے باظابطہ طور پر کم از کم جراثیم سے پاک (پیسچرائزڈ) دودھ کی ترسیل کا نظام وضع کرنا چاہیے۔ ورکشاپ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ڈائریکٹر آپریشنز عائشہ ممتاز نے بھی شرکت کی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 نومبر، صفحہ 11)

ماہی گیری

9 دسمبر: وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے گھارو جھینگا فارم کی تعمیری لاگت میں بے تحاشہ اضافے پر محکمہ انسداد بدعنوانی کو تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے۔ فارم کی تعمیر پر 201.79 ملین روپے خرچ ہو چکے ہیں جبکہ مزید 606.21 ملین روپے اسے مکمل کرنے کے لیے درکار ہیں۔ (ڈان، 9 دسمبر، صفحہ 19)

مرغبانی

7 ستمبر: PPA (پی پی اے) کے چیئرمین مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ چین پاکستان میں مرغبانی کے شعبے میں 50 بلین روپے کی سرمایہ کاری کا ارادہ رکھتا ہے جو اس شعبے کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ چونکہ گوشت منڈی میں 40 فیصد حصہ مرغبانی کا ہے اس لیے حکومت کو چاہیے کہ اس صنعت کی مناسب دیکھ بھال کرے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 ستمبر، صفحہ 10)

10 ستمبر: لاہور میں تین روزہ مرغبانی کی عالمی نمائش کا آغاز ہو گیا ہے جس میں 18 ممالک کے 200 مندوبین شرکت کررہے ہیں۔ چین، جاپان، ترکی، ملیشیا، برازیل، برطانیہ، یمن، بیلجیم اور ہالینڈ کی کمپنیوں نے مرغبانی سے متعلق سازوسامان اور مشینیں نمائش کے لیے رکھی ہیں۔ پی پی اے کے سیکرٹری جاوید بخاری نے کہا ہے کہ نمائش دیکھنے کے لیے 6,500 افراد نے اندراج کروایا ہے۔ (ڈان، 11 ستمبر، صفحہ 11)

17 نومبر: پی پی اے کی جانب سے ملک کے مختلف اخبارات میں مرغی کے گوشت اور انڈوں کے نرخ پر مشتمل

اشتہارات چھپوانے پر مسابقتی کمیشن نے ایسوسی ایشن کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کر دیا ہے۔ کمیشن کا کہنا ہے کہ یہ اقدام کمپیٹیشن ایکٹ 2010 کی دفعہ چار کی خلاف ورزی ہے۔ (ڈان، 18 نومبر، صفحہ 11)

VIII۔ ماحول

27 اکتوبر: حیدرآباد میں ڈائریکٹر سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (SEPA) کی زیر صدارت کراچی تا حیدرآباد موٹروے منصوبے کے حوالے سے عوامی سماعت کے موقع پر ایجنسی نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) اور فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (FWO) کے لیے منصوبے سے ہونے والی آلودگی سے بچاؤ کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی ہیں۔ (ڈان، 28 اکتوبر، صفحہ 19)

5 نومبر: اسلام آباد میں وزارت موسمی تبدیلی اور انٹرنیشنل یونین فار کنزرویشن آف نیچر (IUCN) کے زیر اہتمام منعقدہ ورکشاپ میں تمام صوبوں نے حیاتیاتی تنوع اور اس کے تحفظ کے لیے نیشنل بائیوڈائیورسٹی اسٹریٹیجی اینڈ ایکشن پلان (NBSAP) کے نظر ثانی شدہ مسودے کی حمایت کی ہے۔ مرتب کردہ حکمت عملی کا مقصد حیاتیاتی تنوع کو درپیش مسائل کم کرنا، قدرتی وسائل کا پائیدار استعمال، ماحولیاتی نظام کی بحالی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 نومبر، صفحہ 4)

10 نومبر: گلگت میں فوکس ہیومین ٹیرین (Focus Humanitarian) کی جانب سے مقامی صحافیوں کے لیے ماحول سے متعلق آگاہی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل غلام رسول نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں 36 برفانی جھیلیں غیر محفوظ ہیں جو پھٹ سکتی ہیں اور جس سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان کا سامنا ممکن ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 نومبر، صفحہ 12)

13 نومبر: SEPA (سیپا) نے کے ڈبلیو ایس بی کو کے فور (K-IV) منصوبے کا نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ (NOC) فراہم کر دیا ہے۔ ایجنسی کے مطابق منصوبے سے ماحولیات کو کوئی خطرہ نہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 نومبر، صفحہ 14)

زمین

- فضلہ

20 ستمبر: کے پی کے حکومت کے حکم پر صنعتکاروں نے صوبے میں تلف ہونے والی تھیلیاں بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پلاسٹک کی تھیلیاں بنانے اور فروخت کرنے والوں کی انجمن کے صدر دیدار گل صافی نے کہا ہے کہ اب پلاسٹک کی تھیلیوں کی موٹائی 40 مائیکرونز سے کم کر کے 30 مائیکرونز کردی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 ستمبر، صفحہ 2)

24 اکتوبر: اخباری اداریے کے مطابق نوجوان رضا کاروں کی ایک ٹیم نے گلگت بلتستان میں واقع بلتورو گلیشیئر (Baltoro Glacier) کا دورہ کر کے وہاں سیاحوں اور دیگر لوگوں کی جانب سے پھیلایا گیا 2,500 کلوگرام کچرا جمع کیا۔ اس بلندی پر جراثیم کی غیر موجودگی کی وجہ سے کچرا قدرتی طور پر ختم نہیں ہوتا۔ پاکستان میں پائے جانے والے برفانی پہاڑ دنیا بھر میں مشہور ہیں اور ہر سال بڑی تعداد میں سیاح یہاں آتے ہیں لیکن حکومت کی جانب سے انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے آلودگی کا مسئلہ ماحول کے لیے خطرناک ہوتا جارہا ہے۔ (ڈان، 24 اکتوبر، صفحہ 8)

- ساحلی زمین

25 اکتوبر: جامعہ کراچی کے شعبہ ماحولیاتی علوم کی جانب سے کی جانے والی ایک تحقیق کے مطابق کلفٹن کے ساحل پر کچرے کے ڈھیر میں سب سے زیادہ پلاسٹک شامل ہے جس کی مقدار 50 فیصد ہے۔ اس کے علاوہ اس میں 20 فیصد کھانے کے اجزاء، چھ فیصد کاغذ، 25 فیصد لکڑی اور 9.8 فیصد دھات شامل ہیں۔ زیادہ تر کچرا ساحل سمندر پر تفریح کے لیے آنے والے افراد پھیلاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہوٹلوں اور کلفٹن کنٹونمنٹ بورڈ کی غفلت بھی آلودگی میں اضافے کی ایک وجہ ہے جس سے آبی حیات متاثر ہوتی ہیں۔ (ڈان، 26 اکتوبر، صفحہ 16)

- جنگلات

7 ستمبر: وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ صنوبر کے درختوں کی کٹائی کو سماجی جرم قرار دینا چاہیے اور جنگلات کی کٹائی کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے۔ جنگلات کی حفاظت کر کے زیارت کو بھی مری اور ایوبیہ کی طرح سیاحتی مقام بنایا جاسکتا ہے جو صوبے کی معیشت کے لیے فائدہ مند ہوسکتا ہے۔ (ڈان، 8 ستمبر، صفحہ 7)

30 ستمبر: ماہرین کے مطابق شیشم کے درخت تیزی سے نایاب ہوتے جارہے ہیں جو فرنیچر کی صنعت اور ماحول کے لیے نہایت نقصاندہ ہے۔ جنگلات کے ڈائریکٹر برائے تحقیق و ترقی ملک جاوید کا کہنا ہے کہ شیشم کا شمار ان خاص اقسام کے درختوں میں ہوتا ہے جو ماحول سے نائٹروجن جذب کر کے مٹی میں منتقل کرتے ہیں اور زمین کی ذرخیزی کو برقرار رکھتے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 1 اکتوبر، صفحہ 2)

21 اکتوبر: اسلام آباد ہائی کورٹ کے قائم کردہ کمیشن نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ شہر میں جدید تعمیرات بشمول شکرپڑیاں میں پاک چائنا فرینڈشپ سینٹر اور دامن کوہ اور پیرسوہاوا میں قائم ہوٹل اسلام آباد ماسٹر پلان کی خلاف ورزی ہیں۔ اس کے علاوہ پریڈ گراونڈ کو شکرپڑیاں منتقل کرنا اور مارگلہ قومی پارک سے متصل سڑکوں کی کشادگی بھی ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ کمیشن اسلام آباد میں ماحولیاتی مسائل کے جائزے اور اس کے حل کی تجاویز دینے کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ (ڈان، 22 اکتوبر، صفحہ 4)

10 اکتوبر: جامعہ کراچی میں قائم ICCBS (آئی سی سی بی ایس) میں منعقد کیے گئے سیمنار میں مقررین نے انکشاف کیا ہے کہ حکام کی لاپرواہی اور غفلت کے باعث ملک سے غیر قانونی طور پر پودوں کی اقسام پڑوسی ممالک بھیجی جاتی ہیں۔ (ڈان، 11 اکتوبر، صفحہ 18)

6 نومبر: سیکریٹری وزارت موسمی تبدیلی عارف احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے جنگلات میں بین الاقوامی معیار کے تحت مجوزہ اضافہ نہیں کرسکتا۔ موسمی حالات اور پانی کی کمی کی وجہ سے پاکستان یہ ہدف پورا نہیں کرسکتا۔ انتہائی کوششوں کے بعد جنگلات میں صرف پانچ سے آٹھ فیصد اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ (ڈان، 7 نومبر، صفحہ 4)

3 دسمبر: سابق وزیرمملکت برائے ماحولیات اور موجودہ نائب صدر IUCN (آئی یو سی این) ملک امین اسلم نے پیرس میں 190 ممالک کے ارکان کو موسمی تبدیلی پر سربراہی کانفرنس کے بعد آئی یو سی این کے پویلین میں کے پی کے حکومت کے درخت لگانے کے منصوبے ''ملین ٹری سونامی'' کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس منصوبے کے تحت صوبے میں اگلے کچھ سالوں میں 1.5 بلین درخت لگائے جائیں گے۔ (ڈان، 4 دسمبر، صفحہ 3)

12 دسمبر: صوبہ پنجاب میں جنگلات اور باغبانی کے فروغ کے لیے حکمت عملی مرتب کرلی گئی ہے۔ اس حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف کی صدارت میں ایک اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ لاہور میں تین مقامات پر جنگل پارک بنائے جائیں گے۔ ایک پارک رائے ونڈ میں اور دو جلو کے علاقے میں بنائیں جائینگے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 دسمبر، صفحہ 5)

- جنگلی حیات

8 ستمبر: سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے جسٹس جواد ایس خواجہ کی سربراہی میں نایاب پرندوں کے شکار کے لیے دیے جانے والے اجازت ناموں سے متعلق دائر درخواست کی سماعت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''قانون کوئی بیچنے والی شے نہیں ہے''۔ عدالت نے وفاقی وصوبائی حکومت کو ہدایت کی ہے کہ کسی بھی فرد کو تلور اور دیگر نایاب پرندوں کے شکار کے لیے اجازت نامے جاری نہ کیے جائیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 ستمبر، صفحہ 9)

14 ستمبر: تھرپارکر میں آئی یو سی این پاکستان نے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے اشتراک سے ماحولیاتی نظام میں گدھ کی اہمیت پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا جس میں مقررین نے کہا کہ ملک میں گدھ کی تعداد کم ہوتی جارہی ہے۔ اس پرندے کا ختم ہونا ماحول کے لیے نقصاندہ ہے۔ اس کی تعداد روز بروز کم ہونے کی ایک وجہ مال مویشی کو دی جانے والی ایک دوا ڈائیکلوفینک سوڈیم (Diclofenac Sodium) ہے جس پر سال 2006 میں پابندی لگائی گئی تھی۔ (ڈان، 15 ستمبر، صفحہ 18)

5 اکتوبر: محکمہ جنگلی حیات سندھ نے جامشورو کے پہاڑی علاقے میں چھاپے کے دوران کم از کم 12 باز (Laggar falcon) برآمد کرکے پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ اس واقعے کے بعد علاقے کا بااثر جاگیردار ملزمان کی رہائی کے لیے محکمہ کی چھاپہ مار ٹیم پر دباؤ ڈال رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 اکتوبر، صفحہ 13)

26 اکتوبر: کراچی میں شہریوں اور سماجی کارکنان نے حکومت کی جانب سے خلیجی ممالک کے رہنماؤں کو تلور اور دیگر نایاب پرندوں کے شکار کے لیے اجازت نامے جاری کرنے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ واضع رہے کہ اگست کے

مہینے میں سپریم کورٹ نے اس طرح کے شکار کے اجازت نامے جاری کرنے پر پابندی عائد کردی تھی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 اکتوبر، صفحہ 13)

1 نومبر: ایک خبر کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے خصوصی اجازت نامے حاصل کرنے کے بعد سعودی شہزادے فہد بن سلطان بن عبدالعزیز نے 10 باز برآمد کیے ہیں۔ واضح رہے کہ پرندوں کی یہ قسم معدومیت کے خطرے سے دوچار جانوروں کی فہرست میں شامل ہے۔ (ڈان، 2 نومبر، صفحہ 3)

12 نومبر: سپریم کورٹ میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے تلور کے شکار پر عائد پابندی کے فیصلے پر نظر ثانی کے لیے دائر درخواست کی سماعت کے دوران جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے حیرانگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کو تلور کے شکار کے لیے اجازت نامے فراہم کرنے میں اتنی دلچسپی کیوں ہے۔ یہ قدرتی ورثہ نہیں بلکہ ایک جاندار ہے۔ حکومت کے غلط فیصلے کی وجہ سے گزشتہ چند دہائیوں میں ان پرندوں کی تعداد میں کمی ہوگئی ہے۔ اگر شکار کھیلنا عربوں کی روایت اور ثقافت کا حصہ ہے تو وہ اپنے ملک میں کھیلیں۔ (ڈان، 13 نومبر، صفحہ 1)

8 دسمبر: ایک خبر کے مطابق وفاقی حکومت نے قطر کے امیر، ان کے والد اور بھائی کو 200 باز درآمد کرنے اور دوبارہ برآمد کرنے کے خصوصی اجازت نامے جاری کردیے ہیں۔ ان پرندوں کو عرب شکاری تلور کے شکار کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ (ڈان، 9 دسمبر، صفحہ 3)

10 دسمبر: تین ججوں پر مشتمل سپریم کورٹ کے بینچ نے جسٹس میاں ثاقب نثار کی سربراہی میں وفاقی، پنجاب، سندھ اور بلوچستان حکومتوں کی نایاب پرندوں کے شکار پر پابندی کے فیصلے پر نظر ثانی درخواست دوبارہ چیف جسٹس انور ظہیر جمالی کو بھیج دی ہے تاکہ تلور کے شکار کے معاملے پر بڑا بینچ تشکیل دیا جاسکے۔ (ڈان، 11 دسمبر، صفحہ 3)

پانی

- آلودگی

28 ستمبر: سندھ ہائی کورٹ نے کراچی میٹروپولٹن کارپوریشن (KMC) کو ہدایت کی ہے کہ ایک ماہ کے اندر نکاسی آب اور برساتی نالوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کرے۔ جسٹس عرفان چوہدری کی سربراہی میں بنے اس بینچ نے کراچی کے تمام اضلاع کے منتظمین (ایڈمنسٹریٹرز) کو ہدایت دی ہے کہ متعلقہ علاقوں میں برساتی نالوں کی صفائی کے لیے فراہم کی گئی رقم کی تفصیلات جمع کرائیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 29 ستمبر، صفحہ 15)

20 اکتوبر: کراچی کی مقامی ہوٹل میں سمندری علوم کے ادارے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی (NIO) کے زیر اہتمام منعقد کیے گئے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا ہے کہ سندھ کے ساحلی علاقوں میں زمین میں سمندری پانی داخل ہونے اور نمکیات میں اضافے کی وجہ سے عوام بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ ٹھٹھہ کی 70 فیصد آبادی آلودہ پانی پینے پر مجبور ہے۔ سمندری پانی کی وجہ سے 46,137 ہیکٹر زمین متاثر ہوگئی ہے جس کی وجہ سے لوگ ہجرت کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ (ڈان، 21 اکتوبر، صفحہ 18)

8 دسمبر: لاہور ہائی کورٹ نے حکومت پنجاب کو حکم دیا ہے کہ دریائے راوی کے پانی سے صنعتی فضلے کی صفائی کے منصوبے پر فوری توجہ دی جائے۔ (ڈان، 9 دسمبر، صفحہ 2)

7 دسمبر: حیدرآباد شہر کے منتظم اعلی اعجاز الحسن کے مطابق تعلقہ حیدرآباد کا یومیہ 660 ٹن فضلہ پھلیلی نہر میں ڈالا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ یومیہ 300 ٹن فضلہ لطیف آباد سے اس نہر میں شامل ہوتا ہے۔ یہ نہر حیدرآباد، ٹنڈو محمد خان اور بدین کے دیہی اضلاع کو آبپاشی اور پینے کا پانی فراہم کرنے کا ذریعہ ہے۔ اس سلسلے میں سیپا نے حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس کے دوران فوری اقدامات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 دسمبر، صفحہ 13)

- آبی حیات

20 ستمبر: جامعہ کراچی کے طلباء کی جانب سے کی گئی ایک تحقیق کے مطابق ساحل سمندر پر شہریوں کی جانب سے

پھیلائی جانے والی آلودگی انسانی زندگی اور سمندری حیات دونوں کو خطرے میں ڈال رہی ہے۔ تحقیق کے مطابق کراچی کے ساحل سمندر پر جون کے مہینے میں ایک کلومیٹر پر 50.7 کلوگرام کچرا پایا گیا جبکہ جولائی اور اگست میں یہ شرح بالترتیب 64.7 کلوگرام اور 49.1 کلوگرام ہے۔ اس کچرے کا آدھا حصہ پلاسٹک پر مشتمل ہے۔ تحقیقی ٹیم کے سربراہ پروفیسر شمس کا کہنا ہے کہ یہ آلودگی نہ صرف سمندری حیات کے لیے خطرہ ہے بلکہ غذائی چکر (food chain) پر بھی منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 ستمبر، صفحہ 14)

29 ستمبر: ایک خبر کے مطابق ورلڈ وائڈ فنڈ (WWF) پاکستان اور فوجی فرٹیلائزر نے دریائے سندھ میں موجود ڈولفن کے تحفظ کے لیے مل کر کام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ میٹھے پانی کی ڈولفن کا شمار معدومیت کے خطرے سے دوچار اقسام میں ہوتا ہے۔ پاکستان میں چشمہ بیراج اور کوٹری بیراج کے درمیان 1,452 ڈولفن موجود ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 ستمبر، صفحہ 10)

8 اکتوبر: بلوچستان اسمبلی کے سابق اسپیکر اسلم بھوتانی کی جانب سے دائر درخواست کی سماعت کرتے ہوئے بلوچستان ہائی کورٹ نے حبکو پاور کمپنی کو نوٹس جاری کردیا ہے۔ کمپنی کے پلانٹ میں فرنس آئل استعمال کیا جاتا ہے۔ درخواست گزار کا کہنا ہے کہ فرنس آئل کا استعمال نہ صرف انسانی صحت کے لیے مضر ہے بلکہ اس سے آبی حیات کو بھی خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ (ڈان، 9 اکتوبر، صفحہ 5)

18 دسمبر: عالمی سطح پر معدومیت کے خطرے سے دوچار لوگر ہیڈ نسل کا کچھوہ کراچی سے 166 کلومیٹر دور جنوب مغرب میں پایا گیا ہے۔ WWF (ڈبلیو ڈبلیو ایف) پاکستان کے مطابق پاکستانی سمندری حدود میں اس نایاب کچھوے کی موجودگی کی پہلی بار تصدیق ہوئی ہے۔ 30 کلو وزنی یہ کچھوا ماہی گیر کے جال میں پھنس گیا تھا جسے واپس سمندر میں چھوڑ دیا گیا۔ (ڈان، 19 دسمبر، صفحہ 18)

فضا

- آلودگی

7 ستمبر: ایک خبر کے مطابق کراچی کے علاقے مچھر کالونی میں ریل کی پٹری کے ساتھ ہزاروں ٹن کوئلہ کھلی فضا میں رکھا جاتا ہے۔ کوئلے کی دھول سے وہاں بغیر حفاظتی انتظامات کے کام کرنے والے مزدور اور ارد گرد کے رہائشی بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کوئلے کی دھول سے آنکھوں کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اور ان کا نظام تنفس متاثر ہوتا ہے۔ ماحولیاتی ماہرین نے کھلی فضاء میں کوئلے کا ذخیرہ صحت عامہ کے لیے خطرناک قرار دیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 ستمبر، صفحہ 13)

4 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق راولپنڈی اور اسلام آباد میں موجود اینٹوں کے بھٹوں کی وجہ سے ماحول پر برے اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق ایک بھٹے میں ماہانہ 5.5 ٹن کوئلہ جلایا جاتا ہے۔ مجموعی طور پر دونوں شہروں میں موجود ان بھٹوں میں ماہانہ 3,400 ٹن کوئلہ استعمال ہوتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 اکتوبر، صفحہ 4)

16 اکتوبر: اسلام آباد میں پاکستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (Pak-EPA) کی نگراں ٹیم نے ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر فولاد کے دو کارخانوں پر پابندی عائد کردی ہے۔ سیکٹر آئی نو میں واقع دونوں کارخانوں میں صفائی کے انتظامات نہیں تھے اور آلودگی سے بچاؤ کے لیے نصب آلات بھی فعال نہیں تھے۔ کارخانوں سے اڑتا دھواں آس پاس کے ماحول کو آلودہ کررہا تھا۔ ٹیم کے مطابق ان کارخانوں میں کام کرنے والے ملازمین بھی حفاظتی آلات استعمال نہیں کررہے تھے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اکتوبر، صفحہ 4)

7 دسمبر: کراچی پریس کلب میں ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سابق چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن (PAEC) ڈاکٹر انثر پرویز نے جوہری بجلی گھر کے۔ٹو (K2) اور کے۔تھری (K3) پر مختصر جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جوہری بجلی گھر تابکاری کو قابو میں رکھنے والے جدید آلات سے لیس ہوں گے اس لیے ان سے تابکاری کا کوئی خطرہ نہیں۔ چین کی امداد سے بننے والے یہ بجلی گھر 1,130 میگاواٹ بجلی پیدا کرسکیں گے جس کی قیمت سات روپے فی یونٹ ہوگی جو ملک میں سب سے سستی ہوگی۔ دونوں بجلی گھر یومیہ 10 ملین گیلن سمندری پانی بھی صاف

کریں گے جس سے کراچی میں صاف پانی کی قلت کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 دسمبر، صفحہ 14)

IX۔ موسمی تبدیلی

2 ستمبر: گلگت بلتستان کی وادی بگروٹ میں برفانی پہاڑوں کے پگھلنے سے ہونے والی تباہی سے متعلق پیشگی مطلع کرنے والا نظام نصب کیا گیا ہے۔ اس نظام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل محکمہ موسمیات غلام رسول نے کہا کہ گلگت بلتستان اور چترال میں 7,000 برفانی پہاڑ اور 3,044 جھیلیں موجود ہیں۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے برفانی پہاڑ پگھل رہے ہیں جن سے 36 جھیلوں کے پھٹنے کا خطرہ ہے۔ (ڈان، 3 ستمبر، صفحہ 7)

20 ستمبر: محکمہ موسمیات کے ترجمان عبدل الرشید کے مطابق کراچی میں 64 سالوں بعد ستمبر کے مہینے میں درجہ حرارت 42.8 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا پہنچا۔ اس سے پہلے 30 ستمبر 1951 میں کراچی کا درجہ حرارت 42.8 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 ستمبر، صفحہ 1)

9 اکتوبر: انٹر گورمنٹل پینل آن کلائمٹ چینج (IPCC) نے وفاقی وزارت موسمی تبدیلی کے ڈائریکٹر جنرل محمد عرفان طارق کو اپنے ایک ورکنگ گروپ کا وائس چیئرمین منتخب کیا ہے۔ یہ گروپ موسمی نظام اور موسمی تبدیلی کا سائنسی جائزہ لیتا ہے جس کے موضوعات میں زمینی اور سمندری درجہ حرارت، بارشیں، برف باری، گرین ہاؤس گیسوں کے ماحول پر اثرات وغیرہ شامل ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اکتوبر، صفحہ 3)

12 اکتوبر: موسمی تبدیلی سے ہونے والے نقصانات کے حوالے سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک اس وقت موسمی تبدیلی کے خلاف موثر اقدامات کرنے کی حیثیت نہیں رکھتا ہے کیونکہ قدرتی بحران کی وجہ سے معاشی طور بری طرح متاثر ہوگیا ہے اور بنیادی ڈھانچہ کو 2010 کی سطح تک بحال کرنے کے لیے پاکستان کو 20 بلین ڈالرز درکار ہیں۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 12 اکتوبر، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

8 نومبر: قومی اسمبلی میں پیش کی جانے والی ایک رپورٹ کے مطابق ملک کو موسمی تبدیلی کی وجہ سے 20 بلین ڈالرز کا

نقصان ہوا ہے۔ پاکستان موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں سے ایک ہے جس کے ساحلی اور خشک علاقے، سمندری ماحول، ماحولیاتی نظام، زراعت اور مال مویشی کے شعبے متاثر ہورہے ہیں۔ (ڈان، 9 نومبر، صفحہ 1)

9 نومبر: عالمی بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق موسمی تبدیلی کے اثرات توقع سے زیادہ پریشان کن ہیں۔ سال 2030 تک نچلی سطح کے 40 فیصد افراد کی آمدنی میں آٹھ فیصد کمی واقع ہوسکتی ہے۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے سب سے زیادہ منفی اثرات پاکستان اور سہارن افریقہ (Saharan Africa) پر مرتب ہورہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 10 نومبر، صفحہ 10)

عالمی سربراہی اجلاس

9 دسمبر: پیرس میں موسمی تبدیلی کی عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستانی وزیر برائے موسمی تبدیلی زاہد حامد نے کہا ہے کہ موسمی تبدیلی پاکستان کی پائیدار ترقی کی راہ میں حائل ہے۔ پاکستان کی جانب سے کاربن کے اخراج اور موسمی تبدیلی کے حوالے سے ملکی سطح پر کیے جانے والے اقدامات ایک صفحے پر مشتمل تھے جس میں کاربن اخراج میں کمی کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ (رینا سعید خان، ڈان، 9 دسمبر، صفحہ 5)

22 دسمبر: وفاقی وزیر برائے موسمی تبدیلی زاہد حامد نے اسلام آباد میں ایک ورکشاپ سے خطاب میں موسمی تبدیلی پر ہونے والے پیرس معاہدے کے حوالے سے کہا ہے کہ یہ معاہدہ ترقی یافتہ اور ترقی پزیر ممالک کے درمیان تنازعے پر ایک سمجھوتا ہے۔ تمام ممالک اوسط عالمی درجہ حرارت میں اضافے کو 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ تک لانے پر متفق ہوئے ہیں۔ کاربن کے اخراج کے حوالے سے ترقی پزیر ممالک پر کوئی اعتراض نہیں کیا جائے گا۔ مستقبل میں کاربن اخراج میں کمی بڑے پیمانے پر اخراج کرنے والے ممالک کے ہاتھ میں ہے۔ (ڈان، 23 دسمبر، صفحہ 3)

سبز معیشت

3 دسمبر: پاکستان میں امریکی سفیر رچرڈ اولسن نے واشنگٹن میں صاف توانائی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے

کہ پاکستان صاف توانائی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے اور امریکہ اس کی شروعات میں پاکستان کی مدد کرے گا۔ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے حکومتی سرمایہ کاری ضروری ہے لیکن اس کے لیے نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی بھی ضرورت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 دسمبر، صفحہ 9)

6 دسمبر: چیف ایگزیکٹو آلٹرنیٹ انرجی ڈیولپمنٹ بورڈ (AEDB) امجد علی اعوان نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک سال میں قابل تجدید توانائی کے شعبے میں تین بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری ہوچکی ہے جس سے اس شعبے میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی واضح ہوتی ہے۔ عالمی بینک کی مدد سے پورے ملک کے ہوائی توانائی، شمسی توانائی اور بائیو ماس توانائی کے وسائل کا تجزیہ ہوچکا ہے۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 5)

8 دسمبر: پارک کے چیئرمین ڈاکٹر ندیم امجد نے سکھر میں ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارہ کھجور اور کیلے کے کاشتکاروں کو شمسی توانائی سے چلنے والے فصل کو خشک کرنے والے آلات (سولر ڈرائرز) فراہم کرے گا جس سے کسان پیداوار اور آمدنی میں اضافہ کرسکیں گے۔ (ڈان، 9 دسمبر، صفحہ 9)

- شمسی توانائی

5 دسمبر: سرحد رورل سپورٹ پروگرام (SRSP) نے چترال میں ایک تقریب کے دوران محکمہ صحت کو ہسپتالوں میں بجلی کی بحالی کے لیے شمسی توانائی کا نظام فراہم کیا ہے۔ اس علاقے کا ریشم پن بجلی گھر حالیہ سیلاب میں بہہ گیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 دسمبر، صفحہ 2)

X۔ قدرتی بحران

27 اکتوبر: نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (NDMA) کے رکن احمد کمال نے کہا ہے کہ ملک میں 157 اضلاع میں سے 17 اضلاع قدرتی آفات کے حوالے سے انتہائی نازک ہیں۔ (ڈان، 28 اکتوبر، صفحہ 3)

5 نومبر: وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں میں قدرتی آفات کی وجہ سے پاکستان کو 14.2 بلین

ڈالرز کا نقصان ہوا ہے جس میں سے 697.2 ملین ڈالرز بین الاقوامی عطیہ دہندگان نے فراہم کیے جو کل نقصان کا پانچ فیصد حصہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 نومبر، صفحہ 3)

سیلاب

22 ستمبر: محکمہ موسمیات گلگت بلتستان نے خبردار کیا ہے کہ علاقے میں جاری بارشوں کے سلسلے کی وجہ سے جھیلیں پھٹ سکتی ہیں اور سیلاب آ سکتا ہے جس سے زیریں علاقے میں گاؤں اور قصبوں میں تباہی ہوسکتی ہے۔ اس سے قبل گلگت میں آنے والے سیلاب کی وجہ سے 17 افراد ہلاک اور 1.5 بلین روپے کا نقصان ہوا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 23 ستمبر، صفحہ 2)

24 ستمبر: بلوچستان اسمبلی کے قائم مقام اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو نے آوران میں آنے والے زلزلے کی دوسری برسی کے موقعے پر خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نواز شریف نے دو سال قبل زلزلہ متاثرین سے علاقے میں 15 میگاواٹ کا بجلی گھر قائم کرنے کا وعدے کیا تھا جس پر تاحال عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ سڑکوں اور اسکولوں کی بحالی کا کام بھی ابھی تک نہیں کیا گیا ہے۔ 200 اسکولوں میں سے صرف چند کو ابھی تک بحال کیا گیا ہے۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 5)

20 ستمبر: لاہور میں کابینہ کمیٹی برائے سیلاب کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں کی وجہ سے ایک مرتبہ پھر سیلاب آنے کا امکان ہے اس لیے متعلقہ محکمے چوکنا رہیں اور ضروری انتظامات کریں۔ متاثرین کے لیے خوراک، ادویات اور مال مویشیوں کے لیے خوراک کا مناسب انتظام کیا جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 ستمبر، صفحہ 5)

زلزلہ

7 اکتوبر: سال 2005 میں کے پی کے کے مختلف علاقوں میں آنے والے تباہ کن زلزلے کی وجہ سے ہزاروں اسکول بھی تباہ ہوگئے تھے جو 10 سال گزرنے کے باوجود تاحال تعمیر نہیں کیے گئے ہیں جس کی وجہ سے ہزاروں طلبہ کی تعلیم

متاثر ہورہی ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق 3,669 اسکول اور کالج مکمل طور پر تباہ ہوگئے تھے جن میں سے صرف 1,605 تعلیمی اداروں کی تعمیرنو کا کام مکمل ہوا ہے۔ (ڈان، 8 اکتوبر، صفحہ 10)

26 اکتوبر: ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز آنے والا زلزلہ پاکستان کی تاریخ کا 40 واں زلزلہ تھا۔ 1971 سے اب تک زلزلے سے 88,000 سے زائد اموات ہوئی ہیں اور لاکھوں افراد متاثر ہوچکے ہیں۔ پاکستان نے زلزلوں کی اس تاریخ سے کچھ نہیں سیکھا اور بھاری نقصان کے بعد بھی کسی قسم کے اقدامات نہیں کیے گئے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 اکتوبر، صفحہ 3)

27 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق ملک میں 8.1 میگنی ٹیوٹ کی شدت سے آنے والے زلزلے کی وجہ سے کے پی کے سب زیادہ متاثر ہوا ہے۔ زلزلے سے کے پی کے میں 202، فاٹا میں 30، گلگت بلتستان میں نو، پنجاب میں پانچ اور آزاد جموں وکشمیر میں دو افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ اس کے علاوہ مجموعی طور 4,392 گھر تباہ ہوگئے ہیں اور ہزاروں افراد زخمی ہیں۔ (ڈان، 28 اکتوبر، صفحہ 10)

3 نومبر: NDMA کے مطابق زلزلے سے متاثرہ شمالی علاقوں خصوصاً چترال، شانگلہ اور لوئر دیر میں امدادی کام جاری ہیں اور 19,192 خیمے، 27,667 کمبل، 1,775 گدے، 8,700 کھانے کی اشیاء کے ڈبے، 1,000 آٹے کی بوریاں، 11,000 ترپال اور 11 جنریٹر تقسیم کیے گئے ہیں۔ متاثرین امدادی کام سے مطمئن نہیں ہیں کیونکہ چترال اور لوئر دیر میں سخت سردی ہے اور بعض مقامات پر برف باری ہورہی ہے۔ سڑکیں تباہ ہونے کی وجہ سے صرف ہیلی کاپٹر کے ذریعے امدادی سامان پہنچایا جارہا تھا۔ یہ سہولت بھی موسم کی خرابی کی وجہ سے معطل ہوگئی ہے۔ (ڈان، 4 نومبر، صفحہ 16)

5 نومبر: این ڈی ایم اے کے مطابق 26 اکتوبر کو ملک کے شمالی علاقہ جات میں آنے والے زلزلے سے تقریباً 300 افراد جاں بحق ہوئے اور 81,792 گھر تباہ ہوگئے ہیں۔ متاثرین کی بحالی کے لیے صوبائی حکومت نے چھ بلین روپے اور وفاقی حکومت نے 1.5 بلین روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ (ڈان، 6 نومبر، صفحہ 7)

10 نومبر: وفاقی اور کے پی کے حکومت نے مشترکہ طور پر گزشتہ ماہ آنے والے زلزلے سے مکمل طور پر تباہ ہونے والے گھروں کی تعمیر کے لیے دو لاکھ روپے فی گھر امداد کا اعلان کیا ہے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ یہ رقم ناکافی ہے اور اس سے ایک کمرہ بھی تعمیر نہیں کیا جاسکتا۔ واضح رہے 26 اکتوبر کو آنے والے زلزلے کی وجہ سے کے پی کے میں 92,816 گھر تباہ ہوگئے تھے۔ (ڈان، 11 نومبر، صفحہ 3)

19 نومبر: گلگت کی وادی پھندار گزشتہ ماہ آنے والے زلزلے کے بعد سخت مشکلات سے دوچار ہے۔ علاقے میں زلزلے سے بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا تھا اور کئی گھر مکمل طور پر تباہ ہوگئے تھے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ زلزلے کے بعد ہونے والی برف باری نے مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ درجہ حرارت منفی آٹھ ڈگری سنٹی گریڈ ہے جس کی وجہ سے خیمے میں رات گزارنا بہت مشکل ہے۔ گھروں کی دیواروں میں دراڑیں پڑ جانے کی وجہ سے وہ گھر میں بھی قیام نہیں کرسکتے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 نومبر، صفحہ 2)

22 نومبر: ایبٹ آباد کی تحصیل حویلیاں میں مٹی کے تودے گرنے سے سمندر کتھا نالے کا بہاؤ رک گیا ہے۔ مزید تودے گرنے کے خدشے کے پیش نظر 30 خاندان گھربار چھوڑ کر محفوظ مقام پر منتقل ہوگئے ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق گزشتہ ماہ آنے والے زلزلے کی وجہ سے پہاڑ میں شگاف پڑ گئے تھے جس سے یہ تودے گرگئے اور پانی کا بہاؤ رک گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 23 نومبر، صفحہ 1)

XI۔ مزاحمت

زمین

- انجمن مزارعین پنجاب

2 ستمبر: انجمن مزارعین پنجاب (AMP) نے اپنے ایک کارکن کی رہائی کے لیے احتجاج کے دوران جی ٹی روڈ بند کردی۔ اس احتجاج میں بہت بڑی تعداد میں مزارعین شریک ہوئے۔ AMP (اے ایم پی) کے جنرل سیکریٹری مہر عبدالستار نے ذرائع ابلاغ کو بتایا کہ صبح سے دوپہر ایک بجے تک پولیس سے بات چیت کے لیے انتظار کیا گیا۔ انتظامیہ کی عدم توجہ کی وجہ سے سڑک بند کرنی پڑی۔ (ڈان، 3 ستمبر، صفحہ 2)

3 ستمبر: اوکاڑہ میں اے ایم پی نے پولیس کی جانب سے کارکنوں کی گرفتاری کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے 55 گھنٹوں تک جی ٹی روڈ کو آمد و رفت کے لیے بند کردیا۔ بعد ازاں حکام کے ساتھ کامیاب مزاکرات کے بعد سڑک کھول دی گئی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 ستمبر، صفحہ 2)

11 نومبر: کے پی کے کے علاقے اپر دیر کے زلزلہ متاثرین نے شکایت کی ہے کہ امدادی اشیاء ان تک نہیں پہنچ رہی ہیں۔ متاثرین کے لیے آئی ہوئی امدادی اشیاء کی سیاسی کارکنان میں تقسیم کے خلاف تین یونین کونسلوں جبار، تارپتر اور پالام کے متاثرین نے احتجاجی مظاہرہ کیا اور تین گھنٹے تک دیر سے پشاور جانے والے شاہراہ کو بند کیے رکھا۔ (ڈان، 12 نومبر، صفحہ 7)

- اورنج لائن میٹروٹرین منصوبہ

2 نومبر: لاہور کے شہریوں اور سول سوسائٹی نے اورنج لائن میٹروٹرین منصوبے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ میٹروٹرین منصوبے سے شالیمار باغ، چوبرجی اور جنرل پوسٹ آفس (GPO) سمیت شہر کے تاریخی ورثے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ (ڈان، 3 نومبر، صفحہ 2)

12 نومبر: لاہور میں شہری تنظیموں کے کارکنان اور شہری منصوبہ سازوں نے اورنج لائن میٹروٹرین منصوبے کے خلاف شدید احتجاج کیا اور اس منصوبے کو ثقافتی ورثے کے خلاف قرار دیا ہے۔ مظاہرین نے حکومت کی جانب سے آثار قدیمہ کے ڈائریکٹر جنرل کے تبادلے کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ مبینہ طور پر ڈائریکٹر جنرل کا تبادلہ تعمیری کام کا اجازت نامہ دینے سے انکار کے بعد کیا گیا۔ (ڈان، 13 نومبر، صفحہ 2)

19 نومبر: لاہور میں کپور تھالہ ہاؤس، پرانی انارکلی کے کئی رہائشیوں نے لاہور ہائی کورٹ میں اورنج لائن ٹرین منصوبے کے خلاف درخواست دائر کی ہے۔ درخواست گزاروں کا کہنا ہے کہ حکومت ایک بے مقصد منصوبے کے لیے زمین کا ایک بڑا حصہ استعمال کررہی ہے جس کی وجہ سے کئی خاندان بے گھر ہونگے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 نومبر، صفحہ 5)

پانی کی قلت

18 ستمبر: دادو میں کاکول واہ نہر سے پانی حاصل کرنے والے کسانوں کی بڑی تعداد نے پانی کی کمی اور نہروں پر تجاوزات کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا ہے۔ کسان رہنما عبدالجبار جمالی ور لال خاتون کا کہنا تھا کہ بااثر زمیندار آبپاشی ملازمین کی ملی بھگت سے پانی چوری کرتے ہیں جس سے آخری سرے پر چاول کی کاشت متاثر ہوتی ہے۔

(ڈان، 19 ستمبر، صفحہ 19)

امدادی قیمت

12 ستمبر: کسان راج اور کسان بورڈ پاکستان نے مختلف اجناس اور کپاس کی امدادی قیمت مقرر نہ کرنے اور پیداواری لاگت میں اضافے کے خلاف پنجاب اسمبلی کے سامنے احتجاج کیا۔ وزیر زراعت فرخ جاوید نے کسانوں کو یقین دلایا ہے کہ جلد ہی وزیر اعظم ایک تاریخی پیکج کا اعلان کریں گے جس کے بعد کسانوں نے اپنا احتجاج ختم کردیا۔

(ڈان، 13 ستمبر، صفحہ 2)

- چاول

23 نومبر: ایس اے بی اور دیگر کسان تنظیموں نے چاول کی امدادی قیمت مقرر نہ کرنے اور حکومتی بے حسی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی۔ کسانوں کے مطابق ضلع قمبر شہداد کوٹ میں آبادی کی اکثریت چاول کی کاشت پر انحصار کرتی ہے اور ان کے پاس کوئی متبادل روزگار نہیں ہے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ کسان نمائندوں کی تجاویز کے مطابق چاول کی امدادی قیمت کا اعلان کیا جائے۔ چاول کی ملیں اور بیوپاری 650 روپے فی من سے بھی کم پر کسانوں سے چاول خرید رہے ہیں۔ لاگت اور قیمت کے فرق کی وجہ سے کسان فصل پر بھاری نقصان اٹھارہے ہیں۔ (ڈان، 24 نومبر، صفحہ 19)

- گنا

5 دسمبر: ڈیرہ اسماعیل خان کے چیمبر آف ایگریکلچر نے گنے کی کرشنگ نہ شروع کرنے پر شوگر ملوں کے خلاف 7 دسمبر کو احتجاجی مظاہرے کا فیصلہ کیا ہے۔ گنے کی کاشت کے حوالے سے ڈیرہ اسماعیل خان صوبے کا سب سے اہم ضلع

ہے جہاں کے پی کے کی آٹھ میں سے چار شوگر ملیں قائم ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹربیون، 6 دسمبر، صفحہ 2)

6 دسمبر: ٹوبہ ٹیک سنگھ میں گنے کے کاشتکاروں نے سرکاری قیمت پر کسانوں سے گنا نہ خریدنے پر کمالیہ شوگر مل کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا اور دھرنا دیا۔ مظاہرین کے مطابق مل انہیں 158 روپے فی من کے حساب سے ادائیگی کررہے ہیں جبکہ پچھلے سال کے بقایاجات کئی وعدوں کے باوجود ادا نہیں کیے گئے ہیں۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 7)

10 دسمبر: ایس اے بی کی قیادت میں ایک ہزار سے زیادہ کسانوں نے ٹنڈو محمد خان میں دھرنا دیا۔ 9 دسمبر کو ٹنڈو الہ یار میں بھی ایسی ہی مزاحمت کا مظاہرہ کیا گیا تھا۔ کسان گنے کی سرکاری قیمت کے اعلان میں تاخیر کے خلاف مظاہرہ کررہے تھے۔ کسانوں نے گنے کی امدادی قیمت 185 روپے فی من مقرر کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ (دی ایکسپریس ٹربیون، 11 دسمبر، صفحہ 11)

18 دسمبر: سکھر پریس کلب کے باہر سندھ پروگریسو کمیٹی (SPC) کی قیادت میں کئی کسان تنظیموں نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ کسانوں کا کہنا تھا کہ وہ بہتر پیداوار کے لیے دن رات کھیتوں میں کام کرتے ہیں لیکن جب فصل منڈی میں جاتی ہے تو انہیں ایسی قیمت ملتی ہے جس سے پیداواری اخراجات بھی پورے نہیں ہوتے۔ کسانوں نے گنے کی امدادی قیمت 200 روپے فی من اور اری 9 چاول کی قیمت 1,000 روپے فی من مقرر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ (ڈان، 19 دسمبر، صفحہ 19)

XII۔ بیرونی امداد

عالمی بینک

23 ستمبر: سیکریٹری زراعت سندھ گلزار شیخ نے وزیر اعلی کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ عالمی بینک کا زرعی ترقی کا منصوبہ سندھ ایگریکلچرل گروتھ پروجیکٹ (SAGP) 30 جون، 2019 تک مکمل ہوگا۔ منصوبے کے تحت بینک سندھ حکومت کو 6236.77 ملین روپے زرعی ترقی کے لیے فراہم کرے گا جس میں کھجور کی فصل کے لیے 1210.975 ملین روپے، پیاز کے لیے 140.775 ملین روپے، سرخ مرچ کی فصل کے لیے 1812.25 ملین روپے اور دھان کی فصل

کے لیے 15.5 ملین روپے خرچ ہونگے۔ (ڈان،24 ستمبر،صفحہ18)

22 دسمبر: عالمی بینک نے پاکستان میں دریائے سندھ کے آبی وسائل کی منصوبہ بندی، ترقی، انتظامی امور کی بہتری میں مدد کے لیے 35 ملین ڈالرز کے اضافے قرضے کی منظوری دے دی ہے۔ (ڈان،23 دسمبر،صفحہ5)

ایشیائی ترقیاتی بینک

5 ستمبر: ADB (اے ڈی بی) نے 2015 تا 2019 کے دوران زرعی شعبے کے لیے 500 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 150 ملین ڈالرز محکمہ آبپاشی پنجاب کے منصوبوں، 100 ملین ڈالرز خیبر پختون خواہ اور 100 ملین ڈالرز بلوچستان کے آبی وسائل کی ترقی کے منصوبوں، 50 ملین ڈالرز کی اضافی سرمایہ کاری پنجاب اریگیٹڈ ایگریکلچر انویسٹمنٹ پروگرام (PIAIP) اور 105 ملین ڈالرز جلال پور آبپاشی منصوبے کو دیے جائیں گے۔ (ڈان، 6 ستمبر،صفحہ5)

جاپانی امداد

13 اکتوبر: ہنزہ نگر سے اس سال کے آخر تک 28 ٹن خشک خوبانی جاپان برآمد کی جائے گی۔خوبانی کی درآمد جاپان کی مدد سے جاری منصوبے کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ چار سال پر محیط یہ منصوبہ جاپانی حکومت کے ذریعے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) نے 2012 میں گلگت بلتستان میں مقامی کسانوں کی آمدنی میں اضافے کے لیے شروع کیا تھا۔ (ڈان،14 اکتوبر،صفحہ5)

15 اکتوبر: JICA (جائیکا) نے ایبٹ آباد میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے منصوبے کا اعلان کیا ہے جس کی مالیت 40 ملین ڈالرز ہے۔منصوبے سے عوام کو پینے کے پانی تک رسائی میں درپیش مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،16 اکتوبر،صفحہ11)

جرمن امداد

16 ستمبر: ایک خبر کے مطابق جرمنی پاکستان کو کے پی کے میں دریائے کابل پر تعمیر شدہ 50 سال پرانے وارسک پن بجلی گھر کی مرمت کے لیے 40 ملین یورو قرض فراہم کرے گا۔ واپڈا کے مطابق بجلی گھر کی مرمت اور جدت کے بعد اس کی معیاد میں 30 سے 40 سال اضافہ ہوگا۔ (ڈان، 17 ستمبر، صفحہ 5)

اقوام متحدہ کی امداد

2 اکتوبر: اقوام متحدہ نے ضلع چترال میں آنے والے سیلاب کے بعد زرعی معیشت اور پینے کے پانی کے لیے 362,000 ڈالرز کی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔ (ڈان، 3 اکتوبر، صفحہ 5)

ب۔ عالمی زرعی خبریں

ا۔ زرعی مواد

زمین

30 دسمبر: چینی کمپنیاں درجنوں ممالک میں کارخانے، صنعتی پارک اور بجلی گھر قائم کرنے کے لیے زمینیں حاصل کررہی ہیں۔ چینی کمپنیاں بھی امریکہ، جاپان اور یورپی بڑی معیشتوں کی طرح نئی منڈیوں کی تلاش میں سرگرم ہیں۔ پچھلی ایک دہائی میں چین نے زمین اور دیگر صنعتی مشینری کی مد میں جو غیر ملکی سرمایہ کاری کی وہ 20 بلین ڈالرز سالانہ تھی جو گزشتہ سال 120 بلین ڈالرز تک جا پہنچی ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 31 دسمبر، صفحہ 1)

II۔ زرعی مداخل

قدرتی اور صنعتی زراعت

28 ستمبر: ایک مضمون کے مطابق بھوٹان نے سال 2011 میں نیشنل آرگینک پروگرام (NOP) کے نام سے قدرتی طریقہ زراعت کو ملک میں عام کرنے کا آغاز کردیا تھا اور سال 2020 تک ملک میں زرعی شعبے کو مکمل طور پر قدرتی طریقے کی طرف منتقل کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت کسانوں کو نامیاتی اور قدرتی طریقہ زراعت کی تربیت بھی دی گئی ہے۔ کاشت کاروں کا کہنا ہے قدرتی طریقہ زراعت کے تحت اگائی جانے والی فصلیں نہ صرف صحت کے لیے مفید ہیں بلکہ خوش ذائقہ بھی ہوتی ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 29 ستمبر، صفحہ 13)

- کھاد

9 نومبر: بھارت میں کھاد اور زرعی ادویات پر مشتمل کیمیائی شعبہ تیزی سے پھیل رہا ہے۔ دی فیڈریشن آف انڈین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FICCI) نے حال ہی میں بھارت میں غیر معیاری زرعی ادویات کے حوالے سے ایک رپورٹ جاری کی تھی جس کا مقصد ملک میں غیر قانونی زرعی ادویات کے پھیلاؤ کو اجاگر کرنا تھا۔ رپورٹ کے مطابق فصلوں کے تحفظ کی یہ صنعت اندازاً 250 بلین (بھارتی) روپے کی ہے۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ اگر

فوری اقدامات نہ کیے گئے تو جعلی ادویات کی شرح 2019 تک انتہائی تشویش ناک سطح تک پہنچ جائے گی۔ (آنند کمار، ڈان، 9 نومبر، صفحہ 5، بزنس اینڈ فنانس)

III۔ غربت اور غذائی تحفظ

غربت

2 اکتوبر: فرانس کے ماہر معاشیات تھومس پکیٹی (Thomas Piketty) نے بین الاقوامی امدادی اداروں کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ امداد براعظم افریقہ میں مستحکم معاشی بڑھوتری کے باوجود لاکھوں لوگوں کو غربت سے نکالنے کی جدوجہد کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ افریقی اقوام کو اپنے قدرتی وسائل سے حاصل شدہ دولت پر اختیار کے لیے بھی کام کرنا چاہیے۔ امداد سماجی خدمت فراہم کرنے کا ایسا طریقہ ہے جس میں انتہائی اہم شعبوں عوامی تعلیم اور صحت کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ (ڈان، 3 اکتوبر، صفحہ 11)

5 اکتوبر: عالمی بینک نے دعویٰ کیا ہے کہ تاریخ میں پہلی بار اس سال کے اواخر تک شدید غربت میں زندگی گزارنے والے افراد کی تعداد کم ہو کر دنیا کی کل آبادی کے 10 فیصد سے بھی کم ہو جائے گی جو کہ سال 2012 میں 12.8 فیصد تھی۔ مشرقی ایشیاء میں 82.6 ملین افراد انتہائی غربت میں زندگی گزارتے ہیں۔ سال 2012 میں یہ کل آبادی کا 7.2 فیصد حصہ تھے جو اب کم ہو کر 4.1 فیصد ہو گئے ہیں۔ افریقہ کے جنوبی حصے (Sub-Saharan) میں اب بھی 42.2 فیصد افراد انتہائی غربت میں زندگی گزارتے ہیں۔ (ڈان، 6 اکتوبر، صفحہ 11)

26 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق دنیا میں ایک بلین افراد شدید غربت میں زندگی گزار رہے ہیں۔ معیشت دان کہتے ہیں کہ اس کی وجہ قلت ہے۔ اتنے وسائل نہیں کہ انہیں خوراک دی جاسکے اس کے لیے ضروری ہے کہ پیداوار میں اضافہ کیا جائے۔ یہ حل جان بوجھ کر اصل مسئلے سے توجہ ہٹانے کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔ غربت کی وجہ وسائل کی کمی نہیں بلکہ وسائل کی تقسیم ہے۔ آکسفیم کی 2014 کی رپورٹ کے مطابق دنیا کے 80 امیر ترین افراد کے پاس 1.3 ٹریلین ڈالرز سے زیادہ دولت ہے جو دنیا کی کل نجی ملکیت کا آدھا حصہ ہے۔ صرف ان 80 افراد پر 33 فیصد ٹیکس عائد کیا جائے تو پوری دنیا میں شدید غربت کے شکار افراد کو تعلیم، خوراک، لباس، گھر اور صحت کے وسائل فراہم کرنے

کے لیے کافی ہے جبکہ دنیا بھر کے دفاعی بجٹ کا صرف 33 فیصد حصہ دنیا سے غربت کو مٹا سکتا ہے۔ (ڈاکٹر اسد زمان، دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 اکتوبر، صفحہ 6)

غذائی تحفظ

16 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق بھارت میں 39 فیصد بچے غذائی کمی کی وجہ سے نشو ونما میں کمی (stunting) کا شکار ہیں۔ یہ صورتحال ہیٹی، بنگلہ دیش اور بارکینا فاسو سے بھی بدتر ہے۔ 200 ملین آبادی پر مشتمل بھارت کی شمالی ریاست اتر پردیش میں غذائی صورتحال مزید ہولناک ہے جہاں پانچ سال سے کم عمر بچوں کی اکثریت غذائی کمی کی شکار ہے۔ ملک میں 42 فیصد عورتیں زچگی کے وقت کم وزن کا شکار ہوتی ہیں۔ ملک کی آدھی آبادی بیت الخلا کی سہولت سے محروم ہے اور سالانہ 117,000 بچے اسہال کی وجہ سے موت کا شکار ہوتے ہیں۔ (نکولس کرسٹوف، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 16 اکتوبر، صفحہ 13)

23 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق WHO (ڈبلیو ایچ او) بچوں کو کم از کم چھ ماہ تک ماں کا دودھ پلانے پر زور دیتا ہے۔ دودھ پلانے والی ماؤں کا تناسب بھارت میں 46 فیصد، نائیجیریا میں 17 فیصد، یمن میں 10 فیصد جبکہ امریکہ میں 22 فیصد ہے۔ اندازے کے مطابق ترقی پزیر ممالک میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو ماں کا دودھ پلانے سے 800,000 بچوں کو ہر سال موت سے بچایا جاسکتا ہے جس سے عالمی سطح پر بچوں کی اموات میں 12 فیصد کمی ہوگی۔ (نکولس کرسٹوف، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 23 اکتوبر، صفحہ 7)

IV۔ غذائی اور نقدآور فصلیں

غذائی فصلیں

- گندم

31 اکتوبر: امریکہ میں گندم کی صنعتی بنیادوں پر کاشت کے حوالے سے واشنگٹن اسٹیٹ یونیورسٹی کے ماؤنٹ ورنن کیمپس کے ڈائریکٹر اسٹیفن جونز کا کہنا ہے کہ صنعتی زراعت کے آغاز سے پہلے امریکی مقامی آٹا چکیوں کا مختلف اقسام کے گندم سے تیار کردہ آٹا استعمال کرتے تھے جو ڈبل روٹی بنانے میں استعمال ہوتا تھا۔ گندم کی یہ اقسام حیرت

انگیز ذائقے اور غذائیت کی حامل تھیں لیکن اب قریب ایک صدی سے امریکہ صنعتی نظام کے تیار کردہ کم غذائیت کے آٹے اور خوراک کو محفوظ کرنے والے کیمیائی اجزا سے بھرپور ڈبل روٹی کے لیے موزوں گندم اگا رہا ہے۔ (فیرس جبر / Ferris Jabr، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 31 اکتوبر، صفحہ 2)

• دالیں

12 اکتوبر: بھارت میں لاکھوں کسانوں اور صارفین کو ہر سال حکومتی منصوبہ بندی اور اداروں کے درمیان روابط کے فقدان کی بھاری قیمت اجناس کی قلت کی صورت ادا کرنی پڑتی ہے جیسے کے دالوں کی پیداوار جو اس سال بھی 14 فیصد کمی کا شکار ہے۔ کرناٹک اور مہاراشٹر میں کسان جولائی اور اگست کے دوران بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے شدید نقصان سے دوچار ہیں۔ (آنند کمار، ڈان، 12 اکتوبر، صفحہ 5، بزنس اینڈ فنانس)

V۔ تجارت

14 دسمبر: نیروبی میں ہونے والے ڈبلیو ٹی او کے وزراتی اجلاس میں امریکہ نے کہا ہے کہ اشیاء اور خدمات کی 23 ٹریلین ڈالرز کی عالمی تجارت کو آزاد کرنے کے لیے ہونے والے مزاکرات میں گزشتہ چودہ سالوں سے جاری تعطل ختم کرکے پھر سے مزاکرات شروع کیے جائیں۔ دوحہ میں 2001 میں تجارتی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے شروع ہونے والے عمل سے کامیابی کے امکانات بہت کم رہے ہیں۔ یہ وقت ہے کہ دنیا خود کو دوحہ پابندیوں سے آزاد کرلے۔ (ڈان، 15 دسمبر، صفحہ 11)

برآمدات

13 اکتوبر: ایک اخباری مراسلے کے مطابق بھارت کی گائے کے گوشت کی برآمدات 4.8 بلین ڈالرز تک پہنچ گئی ہیں۔ یو ایس ڈی اے کے مطابق بھارت گائے کے گوشت کی برآمد میں برازیل اور آسٹریلیا سے آگے نکل گیا ہے۔ بھارت بڑے پیمانے پر سرخ گوشت برآمد کرتا ہے جو بیل کا ہوتا ہے لیکن اسے گائے کا گوشت ہی کہا جاتا ہے کیونکہ یو ایس ڈی اے بیل کے گوشت کو بھی گائے کا گوشت ہی شمار کرتا ہے۔ (فرحان زہیر، دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 اکتوبر، صفحہ 12)

15 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق بھارت گائے کا گوشت برآمد کرنے والا دنیا کا پانچواں بڑا ملک اور ساتواں بڑا صارف ہے۔ اس کے علاوہ بھارت سے سالانہ 600 ملین ڈالرز مالیت کے مویشی غیر قانونی طریقوں سے بنگلہ دیش بھیجے جاتے ہیں۔ (ڈان،16 اکتوبر،صفحہ16)

VI۔ کارپوریٹ شعبہ

21 اکتوبر: چین میں مسلمان اقلیت کے حلال ہوٹل اپنے منفرد اور مزیدار کھانوں کی وجہ سے دیگر قومیتوں میں بھی مقبول ہورہے ہیں۔ بیجنگ اور شنگھائی میں بھی حلال کھانے فراہم کیے جارہے ہیں جہاں غیر مسلم متواتر آتے ہیں۔ حلال کھانوں کے ہوٹل اپنے ذائقے کی وجہ سے مقامی چینیوں کو بھی اپنی طرف متوجہ کررہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون،22 اکتوبر،صفحہ11)

خوردہ فروش کمپنیاں

- وال مارٹ

27 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق وال مارٹ اپنے امریکی گاہکوں کو سامان کی ترسیل کے لیے ڈرون کے استعمال پر غور کررہی ہے اور گزشتہ چند مہینوں سے کمپنی میں اس عمل کی آزمائش جاری ہے۔ (ڈان،28 اکتوبر،صفحہ11)

غذائی کمپنیاں

- نیسلے انڈیا

16 نومبر: فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز اتھارٹی آف انڈیا (FSSAI) نے سپریم کورٹ میں زیریں عدالت کی جانب سے نیسلے کے حق میں سنائے جانے والے فیصلے کے خلاف اپیل کی ہے۔ واضح رہے کہ بھارت میں نیسلے کے تیار کردہ میگی نوڈلز میں بھاری مقدار میں سیسہ (Lead) پایا گیا تھا۔ (ڈان،17 نومبر،صفحہ11)

- مکڈونلڈ

10 ستمبر: امریکی غذائی کمپنی مکڈونلڈ نے کہا ہے کہ وہ اپنی مصنوعات میں فارم کے انڈوں کا استعمال نہیں کرے گی

بلکہ صرف آزاد ماحول میں پالی گئی مرغیوں (cage-free) کے انڈے استعمال کرے گی۔ کمپنی سالانہ دو بلین انڈے استعمال کرتی ہے جو امریکہ میں انڈوں کی کل پیداوار کا چار فیصد ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 11 ستمبر، صفحہ16)

زرعی ادویات کی کمپنیاں

11 دسمبر: امریکی کیمیکل کمپنیاں، ڈاؤ اور ڈوپونٹ نے ضم ہوکر دنیا کی سب سے بڑی کیمیکل کمپنی بنانے کا فیصلہ کیا ہے جس کی مالیت 130 بلین ڈالرز ہوگی۔ ڈاؤ اور ڈوپونٹ تین الگ الگ شعبوں کی کمپنیوں میں بٹ جائیں گی جس میں ایک شعبہ زراعت بھی ہے۔ (ڈان، 12 دسمبر، صفحہ11)

VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی

مال مویشی

1 دسمبر: ایک خبر کے مطابق چینی سائنسدان نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ انتہائی جدید کلون ٹیکنالوجی کی بدولت انسان کا متبادل بھی بناسکتے ہیں یعنی کسی انسان کا دوسرا ویسا ہی نمونہ بنا سکتے ہیں۔ عوامی ردعمل کے پیش نظر اس پر کام معطل ہے۔ بویا لائف گروپ (Boya Life Group) اور دیگر شراکت داروں کا کلون ٹیکنالوجی کا حامل پلانٹ شمالی چین کے شہر ٹرانجن (Tranjin) میں ہے جہاں سات ماہ بعد کلون شدہ گائے کی پیداوار شروع ہوجائے گی۔ اس پلانٹ سے 2020 سے سالانہ ایک ملین کلون کی گئی گائے کی کھیپ تیار ہوگی۔ (ڈان، 2 دسمبر، صفحہ14)

ماہی گیری

- جینیاتی مچھلی

2 دسمبر: امریکہ کی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (FDA) کی جانب سے حال ہی میں سامن مچھلی کی جینیاتی قسم کو ماحول اور خوراک کے لیے محفوظ قرار دینے اور ادارے کی جانب سے ماحول اور غذائی تحفظ کی انجمنوں کی جانب سے جینیاتی مچھلی پر لیبل لگانے کی درخواست مسترد کیے جانے کے حوالے سے انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز نے اپنے اداریے میں لکھا ہے کہ کانگریس اس فیصلے کو واپس لے، صارفین کو یہ جاننے کا حق ہے کہ وہ کیا کھا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق یہ

جینیاتی سامن مچھلی ایکوا باؤنٹی ٹیکنالوجیز (AquaBounty Technologies) نے بنائی ہے۔ کمپنی نے اس میں ایسا جینیاتی مواد داخل کیا ہے جس سے یہ مچھلی اس وقت منڈی میں دستیاب قدرتی سامن مچھلی کے مقابلے دگنے وزن تک بڑھ سکتی ہے۔ FDA (ایف ڈی اے) نے جینیاتی سامن کی افزائش صرف زمین پر قائم تالابوں میں دو مقامات پر کرنے کی اجازت دی ہے ایک کینڈا میں جہاں سامن مچھلی کے انڈوں میں جینیاتی مواد داخل کیا جاتا ہے اور دوسرا پانامہ میں جہاں ان کی مقررہ وزن تک افزائش کی جاتی ہے۔ جینیاتی سامن میں افزائش نسل کی صلاحیت نہیں ہوگی اس لیے یہ اگر سمندر میں چلی بھی جائے تو قدرتی سامن مچھلی کے ساتھ مل کر افزائش نسل نہیں کرسکے گی۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 2 دسمبر، صفحہ 8، اداریہ)

VIII۔ ماحول

9 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق میکونگ دریا، جو چین، میانمر، تھائی لینڈ، لاؤس، کمبوڈیا اور ویت نام سے گزرتا ہے پر مزید 12 ڈیم دریا پر اور 78 ڈیم دریا سے نکلنے والی شاخوں پر بنائے جارہے ہیں۔ پن بجلی اگرچہ ماحول دوست بجلی تصور کی جاتی ہے لیکن ڈیموں کی تعمیر سے ماحول اور لوگوں کے روزگار پر تباہ کن اثرات مرتب ہونگے۔ میکونگ دریا کے ساتھ رہنے والے 60 ملین افراد ماہی گیری کے ذریعے روزگار حاصل کرتے ہیں۔ اس تناظر میں ایک عالمی تحقیقی جریدے کا کہنا ہے کہ اب یہ نہایت ضروری ہوگیا ہے کہ کسی بھی ڈیم کی تعمیر سے پہلے ماحول، خاص کر آبی ماہرین کی رائے کو سامنے لایا جائے تاکہ انجینئر اس کے مطابق ڈیم کا خاکہ تیار کریں۔ (اریکا گائز، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 9 دسمبر، صفحہ 2، اسپیشل رپورٹ)

زمین

7 نومبر: ایک خبر کے مطابق امریکی صدر اوبامہ نے کینڈا کی جانب سے امریکہ میں تعمیر کی جانے والی کی سٹون ایکس ایل آئل پائپ لائن (Keystone XL Oil Pipeline) پر پابندی لگا دی ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ یہ پائپ لائن قومی مفاد میں نہیں ہے اور ماحولیات کے لیے بھی نقصاندہ ہے جس سے موسمی تبدیلی کے خلاف اقدامات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 نومبر، صفحہ 11)

جنگل

جنگلی حیات

13 ستمبر: افریقی ملک بوٹسوانا (Botswana) کے کچھ دیہاتی قانونی طور پر شکار ٹرافی ہنٹنگ (Trophy Hunting) پر لگائی گئی پابندی کے فیصلے سے ناخوش ہیں۔ ان کہنا ہے کہ شیر اور دیگر جنگلی جانور نہ صرف ان کے ذریعہ معاش کو نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ لوگ بعض اوقات خوف کی وجہ سے گھروں میں محصور ہو کر رہ جاتے ہیں۔ جنگلی جانور مال مویشی پر حملہ کرتے ہیں اور ہاتھی دیہاتیوں کے کھیتوں اور فصلوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 14 ستمبر، صفحہ 1)

21 ستمبر: ایک خبر کے مطابق جکارتہ کے جنگلات میں نامعلوم افراد سماٹرن (Sumatran) ہاتھی کو مار کر ہاتھی دانت لے گئے۔ واضح رہے کہ اس ہاتھی کی نسل کا شمار خطرے سے دوچار جنگلی حیات میں ہوتا ہے اور اندازے کے مطابق 3,000 سے بھی کم سماٹرن ہاتھی بچے ہیں۔ (ڈان، 22 ستمبر، صفحہ 14)

23 ستمبر: ایک خبر کے مطابق اوبامہ انتظامیہ نے اپنے ملک کی 11 مغربی ریاستوں میں پائے جانے والے پرندے سیج گروس (Sage Grouse) کو خطرے سے دوچار پرندوں کی اقسام میں شامل نہیں کیا ہے۔ مزکورہ پرندے کی تعداد میں گزشتہ صدی میں 80 فیصد کمی واقع ہوچکی ہے۔ اس پرندے کو خطرے سے دوچار اقسام میں زمین سے تیل اور گیس نکالنے کی صنعت اور مقامی معیشت کو دھچکہ لگنے کے پیش نظر شامل نہیں کیا گیا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 24 ستمبر، صفحہ 15)

23 اکتوبر: برفانی چیتے کے عالمی دن کے موقعے پر ڈبلیو ڈبلیو ایف کی جانب سے جاری کی گئی تحقیق کے مطابق بڑھتے درجہ حرارت کی وجہ سے برفانی چیتے کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ پہاڑوں پر برف کے پگھلنے کی وجہ سے یہ جانور اپنے مسکن سے محروم ہوجاتا ہے۔ ادارے کے اہلکار رشی کمار شرما کا کہنا ہے برفانی چیتے کی بقاء کے لیے ہنگامی اقدامات کی ضرورت ہے ورنہ اس کی نسل ختم ہوجائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 اکتوبر، صفحہ 3)

28 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق افریقہ کے کئی حصوں میں افریقی شیروں کی تعداد میں تیزی سے کمی واقع ہوئی ہے۔ افریقی شیروں کے تحفظ کے لیے اقدامات نہ کیے گئے تو اگلی دو دہائیوں میں ان کی تعداد کم ہو کر آدھی رہ جانے کا اندیشہ ہے۔ سائنسدانوں کا اندازہ ہے کہ اس وقت افریقہ میں شیروں کی تعداد 20,000 ہے۔ (اریکا گوڈی، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 28 اکتوبر، صفحہ 8)

پانی

- آلودگی

6 اکتوبر: چلے میں منعقد ہونے والی دوسری سالانہ آور اوشین کانفرنس (Our Ocean Conference) میں امریکہ نے غیر قانونی ماہی گیری، سمندری آلودگی اور سمندر میں جاری دیگر جرائم کے خاتمے کے لیے اقدامات کا اعلان کیا ہے جس میں دو سمندری حیات کے تحفظ کے لیے محفوظ علاقے (نیشنل مرین سینگچریز) کا قیام بھی شامل ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 7 اکتوبر، صفحہ 5)

فضا

- آلودگی

2 دسمبر: بھارت کی ماحولیاتی عدالت نیشنل گرین ٹریبونل نے دہلی میں فضائی آلودگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکام اس مسئلے پر ایک اجلاس بلائیں۔ بھارتی دارالحکومت میں دھند کی وجہ سے صورت حال سنگین ہوگئی ہے۔ ڈبلیو ایچ او نے دہلی کو فضائی آلودگی کے اعتبار سے بدترین شہر قرار دیا ہے۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 14)

7 دسمبر: چین کے شہر بیجنگ میں سخت دھند کی وجہ سے پہلی بار انتہائی خطرے (ریڈ الرٹ) کا انتباہ جاری کر دیا گیا ہے جس کے بعد شہر کے اسکول تین دن کے لیے بند کر دیے گئے۔ کارخانوں اور ذرائع آمد و رفت پر پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ ماحولیاتی تحفظ کے شہری ادارے نے یہ اقدام صحت عامہ اور فضائی آلودگی کو کم کرنے کے لیے کیا۔ (ڈان، 8 دسمبر، صفحہ 16)

IX۔ موسمی تبدیلی

10 ستمبر: اے ڈی بی کی ایک تجزیاتی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر عالمی درجہ حرارت کو دو ڈگری سینٹی گریڈ تک محدود رکھا جائے تو بھی سال 2050 تک جنوبی ایشیاء کی مجموعی معیشت کو 1.3 فیصد نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بینک کی ڈائریکٹر برائے موسمی تبدیلی پریتی بنداری نے کہا ہے کہ جنوبی ایشیاء موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا خطہ ہے۔ (ڈان، 11 ستمبر، صفحہ 12)

1 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق چھ سال قبل امریکہ کی سیکریٹری اسٹیٹ ہیلری کلنٹن نے موسمی تبدیلی سے متاثرہ غریب ممالک کی مدد کے لیے سال 2020 تک 100 بلین ڈالر فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا اور ترقی یافتہ صنعتی اقوام نے ساتھ دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اس ہدف کے لیے مقررہ وقت ختم ہونے میں چند سال باقی رہ گئے ہیں اور اب پیرس میں امیر غریب تمام ممالک اگلے ماہ ایک نیا معاہدے طے کرنے جا رہے ہیں۔ پچھلے 100 بلین ڈالر کی امداد کے معاہدے کے بارے میں UNFCCC (یو این ایف سی سی سی) کی ایگزیکٹو سیکریٹری کرسٹینا فیگیرز (Christiana Figueres) نے کہا ہے کہ اس امداد کی کوئی حکمت عملی (road map) نہیں ہے۔ (ایڈارڈو پورٹر، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 1 اکتوبر، صفحہ 12)

2 اکتوبر: بھارت نے دسمبر میں پیرس میں موسمی تبدیلی کے حوالے سے ہونے والے سربراہی اجلاس سے قبل اخراج میں کمی سے متعلق اپنی منصوبہ بندی جاری کی ہے جس میں رکازی ایندھن کے استعمال کو کم کرکے فضا میں گرین ہاوس گیسوں کے اخراج میں کمی شامل ہے۔ بھارتی سربراہ کا کہنا ہے کہ ان کی ترجیح اپنے عوام کو غربت سے نکالنا ہے۔ بھارت کا کہنا ہے کہ وہ کاربن اخراج میں مکمل طور پر کمی کا وعدہ نہیں کرسکتا البتہ کسی حد تک اخراج کی سطح کو کم کرے گا۔ واضح رہے کہ بھارت فضا میں کاربن خارج کرنے والا دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 3 اکتوبر، صفحہ 3)

9 اکتوبر: پیرو کے دارلحکومت لیما میں اس ہفتے دنیا میں موسمی تبدیلی کے خلاف سرگرم بااثر سربراہان کا اجلاس ہونے جا رہا ہے جس میں موسمی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے سالانہ 100 بلین ڈالرز اکھٹا کرنے کے حوالے سے بات ہوگی۔ یہ رقم موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ممالک کو فراہم کی جائے گی۔ (ڈان، 10 اکتوبر، صفحہ 12)

16 اکتوبر: دنیا کی 10 معروف تیل اور گیس کمپنیاں جن میں برٹش پٹرولیم اور شیل بھی شامل ہیں، نے فضا میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کے عزم کا اظہار کیا ہے جسے ماحولیاتی تحفظ کی عالمی تنظیم گرین پیس نے عوامی پزیرائی کے حصول کی ایک چال قرار دیا ہے۔ کمپنیوں کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے پہلے ہی فضا میں کاربن گیسوں کے اخراج کو 20 فیصد کم کر دیا ہے۔ (ڈان، 17 اکتوبر، صفحہ 10)

عالمی حدت

16 ستمبر: چین اور امریکہ عالمی سطح پر فضا میں سب سے زیادہ گرین ہاؤس گیس خارج کرنے والے ممالک ہیں۔ دونوں ممالک نے حالیہ دنوں اس مسئلے پر بات کرنے کے لیے ایک اجلاس منعقد کیا تھا جس میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ سال 2025 تک فضا میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کریں گے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 17 ستمبر، صفحہ 3)

23 ستمبر: ایک خبر کے مطابق بین الاقوامی کمپنیوں نے موسمی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے قابل تجدید توانائی کے استعمال کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کمپنیوں میں وال مارٹ، جونسن اینڈ جونسن سمیت نو دیگر بین الاقوامی کمپنیاں شامل ہیں۔ پروکٹر اینڈ گیمبل نے سال 2020 تک 30 فیصد قابل تجدید توانائی پر منتقل ہونے کا ہدف مقرر کیا ہے جو اس وقت سات فیصد پر ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 24 ستمبر، صفحہ 11)

9 نومبر: ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن (WMO) نے اپنی سالانہ رپورٹ میں کہا ہے کہ 2014 میں ایک مرتبہ پھر فضا میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ فضا میں مجموعی طور پر کاربن ڈائی اکسائیڈ، میتھین اور نائٹرس آکسائیڈ کے اضافے نے ایک بار پھر گزشتہ سال کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ (ڈان، 10 نومبر، صفحہ 14)

6 نومبر: اقوام متحدہ کے گرین کلائمٹ فنڈ (GCF) نے ترقی پذیر ممالک میں موسمی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے اپنے پہلے منصوبے کے تحت امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ادارے نے ایک اعلامیے میں کہا ہے کہ آٹھ منصوبوں کے تحت 168 ملین ڈالرز پیرو، ملاوی، سینیگال، بنگلہ دیش، فجی اور مالدیپ کو فراہم کیے جائیں گے۔ (ڈان، 7 نومبر، صفحہ 12)

19 نومبر: بینکاک، تھائی لینڈ میں موسمی تبدیلی کے حوالے سے نوجوانوں کے لیے منعقد کی گئی دو روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے سابق سیکرٹری جنرل کوفی عنان نے کہا ہے کہ موسمی بحران سے نمٹنے کے لیے ترقی یافتہ ممالک اپنا کردار ادا کرنے میں زیادہ ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ کانفرنس میں 196 ممالک سے 1,300 نوجوان مندوبین نے شرکت کی۔ (ڈان،20 نومبر،صفحہ15)

30 نومبر: چین کی سرکاری ویب سائٹ نے پچھلے ہفتے ملک میں موسمی تبدیلی کے حوالے سے تیسری تجزیاتی رپورٹ میں بتایا ہے کہ 1980 سے 2012 تک سطح سمندر میں سالانہ 2.9 ملی میٹر اضافہ ہوا ہے جبکہ 1970 سے اب تک برفانی پہاڑ 10 فیصد تک سکڑ چکے ہیں۔ اس صدی کے آخر تک درجہ حرارت پانچ ڈگری سلیسس تک بڑھ جانے کا خطرہ ہے جو سطح سمندر میں مزید اضافے کا سبب بنے گا جس سے چین کے سب سے زیادہ آبادی والے ساحلی شہر خطرے کی زد میں آ جائیں گے۔ (ڈان، 1 دسمبر،صفحہ 5)

عالمی سربراہی کانفرنس

30 نومبر: امریکی صدر بارک اوبامہ نے پیرس میں موسمی تبدیلی پر شروع ہونے والے سربراہی اجلاس کے موقع پر اپنے خطاب میں کہا ہے کہ کاربن اخراج کے حوالے سے امریکہ دوسرا بڑا ملک ہونے کے ناطے عالمی حدت میں اضافے میں اپنے کردار کو قبول کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمی تبدیلی کے خطرناک اثرات اس صدی میں نمایاں ہوں گے۔ کاربن خارج کرنے والی توانائی کا کم استعمال اور اقتصادی ترقی دو مختلف باتیں نہیں ہیں۔ اس موقع پر چینی صدر ذی جن پنگ (Xi Jinping) نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کو ترقی یافتہ اور ترقی پزیر ممالک کی ترقی میں فرق کا اعتراف کرنا ہوگا تاکہ غریب ممالک کے لیے اہداف کی سختی کو کم کیا جاسکے۔ (ڈان، 1 دسمبر،صفحہ15)

30 نومبر: بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے موسمی تبدیلی پر سربراہی اجلاس کے حوالے سے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ غریب ممالک کو معاشی ترقی کے لیے کاربن کے اخراج کا حق حاصل ہے۔ ترقی پزیر ممالک اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ترقی یافتہ ممالک، جنہوں نے طویل عرصے فضاء کو آلودہ کیا، کو کاربن کے اخراج میں زیادہ کمی کرنی چاہیے کیونکہ اقوام متحدہ کے تحت 20 سال پہلے شروع ہونے والی موسمی تبدیلی پر بات چیت میں ''مختلف طرح کی ذمہ داریوں''

(common but differentiated responsibilities) کا اصول شامل ہے۔ (ڈان، 1 دسمبر، صفحہ 15)

30 نومبر: زمبابوے کے صدر رابرٹ موگابے نے پیرس سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ افریقی ممالک پر موسمی تبدیلی کی وجوہات کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے لیکن اس سے پیدا ہونے والے خطرات افریقہ پر منڈلا رہے ہیں۔ افریقی ممالک کے پاس وہ ذرائع نہیں جن سے وہ خشک سالی اور سطح سمندر میں اضافے جیسے خطرات کا مقابلہ کرسکیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ''ہم اس سلسلے میں نہ زیادہ ذمہ داری لے سکتے ہیں اور نہ لیں گے کیونکہ ایسا کرنے سے افریقی ممالک کی ترقی اور غربت دور کرنے کی کوششیں متاثر ہونگی''۔ (ڈان، 1 دسمبر، صفحہ 15)

1 دسمبر: پیرس میں موسمی تبدیلی کے حوالے سے جاری کانفرنس میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ''موسمی تبدیلی کا ذمہ دار بھارت نہیں پھر بھی اسے الزام دیا جاتا ہے۔ یہ خوشحالی اور صنعتی انقلاب کو طاقت رکازی ایندھن سے ملی ہے لیکن آج ہم بھارت میں اس کے نتائج کا سامنا کررہے ہیں''۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 2 دسمبر، صفحہ 1)

1 دسمبر: بھارت جو دنیا میں گرین ہاؤس گیس خارج کرنے والا تیسرا بڑا ملک ہے پیرس اجلاس میں سخت موقف اختیار کیے ہوئے ہے۔ ترقی یافتہ ممالک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کا مطالبہ کررہے ہیں جبکہ بھارت جیسے ترقی پزیر ممالک کا موقف ہے کہ انہیں اپنی معاشی ترقی کے لیے رکازی ایندھن کے استعمال میں اضافے کی ضرورت ہے یا پھر انہیں کئی بلین ڈالرز امداد کے طور پر چاہیے تاکہ وہ ماحول دوست توانائی کی طرف سفر آسانی سے طے کرسکیں۔
(انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 2 دسمبر، صفحہ 1)

1 دسمبر: ایک خبر کے مطابق موسمی تبدیلی پر پیرس میں جاری بات چیت 54 صفحات پر مشتمل دستاویز پر ہورہی ہے۔ اس مسودے کو دنیا کے سب سے مشکل معاہدے کا مسودہ تصور کیا جارہا ہے جس میں ہر لفظ پر اختلافات ہیں۔ اس تاریخی دستاویز کو 11 دسمبر تک یہ ہدف حاصل کرنا ہے کہ کرہ ارض کا درجہ حرارت صنعتی انقلاب سے پہلے کی سطح سے 1.5 یا 2.0 ڈگری سلیس اضافے تک محدود رہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 دسمبر، صفحہ 11)

2 دسمبر: موسمی تبدیلی پر عالمی سربراہی کانفرنس کے موقع پر آکسفیم نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ دنیا کی آبادی کے 10 فیصد امیر افراد دنیا میں کاربن اخراج کی آدھی مقدار کے ذمہ دار ہیں جبکہ دنیا کی آدھی غریب آبادی دس فیصد اخراج کی ذمہ دار ہے۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 11)

5 دسمبر: ایک خبر کے مطابق فرانس میں پیرس کے نواحی علاقے لی بورگیٹ (Le Bourget) میں 195 ممالک کے نمائندوں نے ایک مسودہ تیار کرنے میں کامیابی حاصل کرلی ہے جو موسمی تبدیلی پر معاہدے کی بنیاد بن سکتا ہے۔ (ڈان، 6 دسمبر، صفحہ 14)

7 دسمبر: ایک خبر کے مطابق پیرس کے نواحی علاقے لی بورگیٹ (Le Bourget) میں جاری موسمی تبدیلی پر بین الاقوامی بات چیت میں یہ بات اب واضح ہوچکی ہے کہ موسمی تبدیلی پر عالمی معاہدہ اگر قانونی طور سے نافذ ہوبھی جاتا ہے تب بھی اس پر عمل درآمد کروانے کے لیے کسی طرح کی سزا کا طریقہ کار نہیں اپنایا جائے گا کیونکہ کاربن اخراج کے حوالے سے اپنے ہدف کو حاصل نہ کرنے والے ممالک کے لیے تمام دنیا کے ممالک کا دباؤ ہی کافی ہوگا۔ (ڈان، 8 دسمبر، صفحہ 13)

11 دسمبر: پیرس میں اب تک 184 ممالک نے فرانس میں جاری موسمی تبدیلی پر عالمی اجلاس میں اپنے تفصیلی منصوبے جمع کروا دیے ہیں جن میں یہ بتایا گیا ہے کہ وہ کس طرح اپنے ملک میں کاربن اخراج کو 2020 کے بعد سے کم کریں گے۔ ممالک سے توقع کی جارہی ہے کہ وہ ہر 10 سال بعد اکھٹا ہوکر اپنے لیے کاربن اخراج کو مزید کم کرنے کے لیے سخت اہداف طے کریں۔ امریکہ چاہتا ہے کہ موسمی تبدیلی کے اہداف کی نگرانی کے لیے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (IAEA) جیسا ادارہ ہو۔ ترقی پزیر ممالک کو صاف توانائی کی طرف منتقل کرنے میں سرمایہ درکار ہے جسے ترقی یافتہ ممالک کو ادا کرنے کا وعدہ پورا کرنا ہے۔ بھارت نے واضح کیا ہے کہ یہ سرمایہ ترقی یافتہ ممالک اپنے عوامی فنڈ سے فراہم کریں جبکہ امریکہ اس حوالے سے سرمایہ کاری کو فروغ دینے پر زور دے رہا ہے۔ (انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 11 دسمبر، صفحہ 1)

12 دسمبر: فرانس میں تقریباً دو سو ممالک نے موسمی تبدیلی سے لڑنے کے لیے پیرس کے عالمی معاہدے پر دستخط

کردیے۔ اس معاہدے میں دنیا بھر کے ممالک سے کہا گیا ہے کہ وہ اجتماعی طور پر گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج پہلے کم کریں اور پھر مکمل طور پر ختم کریں۔ لیکن یہ معاہدہ ان ممالک پر کوئی جرمانہ عائد نہیں کرتا جو اخراج میں کمی نہیں کرتے ہیں۔ (ڈان، 13 دسمبر، صفحہ 1)

X۔ قدرتی بحران

5 اکتوبر: انٹرنیشنل فیڈریشن آف ریڈ کراس اینڈ ریڈ کریسنٹ سوسائٹیز (IFRC) کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق ال نینو (El Nino) اور سخت موسم کی وجہ سے افریقہ کے جنوبی حصوں میں 10 ملین افراد بھوک کا شکار ہورہے ہیں۔ 60 ملین افراد سیلاب، خشک سالی اور غیر متوقع بارشوں کی وجہ سے غذائی قلت کا شکار ہیں۔ (ڈان، 6 اکتوبر، صفحہ 15)

27 اکتوبر: اقوام متحدہ کی ایشیا پیسیفک ڈیزاسٹر رپورٹ 2015 (UN Asia-Pacific Disaster Report 2015) کے مطابق ایشیا پیسیفک موسمی تبدیلی کے باعث ہونے والی سب سے زیادہ تباہی کا شکار خطہ ہے۔ گزشتہ دہائی کے دوران 1,625 قدرتی آفات کی وجہ سے 500,000 افراد جاں بحق ہوئے۔ یہ آفات پوری دنیا میں آنے والی آفات کا 40 فیصد ہیں۔ ان آفات سے 1.4 ملین افراد متاثر ہوئے ہیں اور خطے کو اقتصادی طور پر 523 بلین ڈالرز کے نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ (ڈان، 28 اکتوبر، صفحہ 15)

3 دسمبر: موسمی تبدیلی پر تجزیہ کاروں کے مطابق ہونڈراس، میانمار اور ہیٹی سیلاب، خشک سالی، پہاڑی تودے گرنے کے واقعات کے حوالے سے سرفہرست ہیں۔ ان ممالک کے بعد فلپائن، نکاروگا، بنگلہ دیش، ویت نام، پاکستان، تھائی لینڈ اور گوئٹے مالا کے نام آتے ہیں۔ (ڈان، 4 دسمبر، صفحہ 15)

سیلاب

10 ستمبر: جاپان میں ہونے والی شدید بارش کے بعد سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلا دی۔ 17 افراد زخمی اور سات لاپتہ ہیں۔ سیلاب کی وجہ سے 100,000 افراد گھر بار چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہونے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ (ڈان، 11 ستمبر، صفحہ 14)

4 اکتوبر: فرانس میں گزشتہ دنوں ہونے والی بارشوں کی وجہ سے 16 افراد جاں بحق اور پانچ افراد لاپتہ ہوگئے ہیں۔ تین گھنٹوں تک مسلسل جاری رہنے والی بارش 180 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی۔ امدادی اداروں کا کہنا ہے کہ پانی گدلا ہونے کی وجہ سے ڈوبنے والوں کی تلاش میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ (ڈان، 5 اکتوبر، صفحہ 14)

7 اکتوبر: امریکی ریاست کیرولینا کا وسیع رقبہ سیلاب کی وجہ سے زیر آب آ گیا ہے جس کے نتیجے میں 17 افراد جان بحق ہوگئے ہیں۔ (ڈان، 8 اکتوبر، صفحہ 15)

7 نومبر: اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق سومالیہ کے جنوبی حصے میں سیلاب کی وجہ سے گزشتہ ماہ کی 23 تاریخ سے اب تک 90,000 سے زائد افراد متاثر ہوئے اور 42,000 افراد بے گھر ہوگئے ہیں۔ (ڈان، 8 نومبر، صفحہ 14)

3 دسمبر: بھارتی ریاست تامل ناڈو کے شہر چنائی میں بدترین بارشوں کے بعد سیلاب سے اب تک 269 افراد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ بھارتی فوج نے سیلاب میں پھنسے ہوئے 2,000 افراد کی جان بچالی ہے۔ (ڈان، 4 دسمبر، صفحہ 15)

جنگلی آگ

3 ستمبر: یوکرین کے دارالحکومت کیو (Kiev) میں حکام نے جنگل میں لگی آگ اور دھویں کی وجہ سے ایک دن اسکولوں کو بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ شمالی علاقے کے جنگل میں لگی آگ نے تین دنوں کے دوران 24 ہیکٹر پر مبنی جنگلات کو نقصان پہنچایا ہے۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 14)

8 ستمبر: انڈونیشیا میں جنگل میں لگی آگ کے دھوئیں سے معمول کی زندگی متاثر ہوگئی ہے، پروازیں ملتوی کردی گئیں اور لوگوں کو متنبہ کیا گیا ہے کہ گھروں میں رہیں۔ مضر صحت دھوئیں سے پڑوسی ممالک سنگاپور اور ملیشیا کی فضا بھی متاثر ہورہی ہے۔ (ڈان، 9 ستمبر، صفحہ 14)

15 ستمبر: شمالی کیلی فورنیا میں جنگل میں لگنے والی آگ کی وجہ سے ایک عورت ہلاک اور ہزاروں افراد اپنا گھر بار چھوڑ

کر دیگر مقامات پر منتقل ہوگئے ہیں۔ آگ بجھانے کے دوران عملے کا ایک اہلکار بھی زخمی ہوگیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ (ڈان، 16 ستمبر، صفحہ 14)

30 ستمبر: انڈونیشیا کے صدر جوکو ویڈوڈو (Joko Widodo) نے متعلقہ اتھارٹی کو ہدایت جاری کی ہے کہ ملک کے مغربی حصے میں لگی آگ کو جلد بجھایا جائے جس کے گہرے دھویں سے ملک کا مغربی حصہ، ملیشیاء اور سنگاپور متاثر ہو رہے ہیں۔ واضح رہے کہ انڈونیشیا کے دو صوبوں سماٹرا اور کالی منتن میں زمین کو زراعت کے لیے صاف کرنے کی غرض سے جنگل کو آگ لگائی گئی تھی۔ (ڈان، 1 اکتوبر، صفحہ 15)

زلزلہ

15 ستمبر: چلے میں 8.3 میگنی ٹیوٹ کی شدت سے آنے والے زلزلے سے 10 افراد جاں بحق ہوگئے اور سمندر کے قریب واقع بستیاں مکمل طور پر تباہ ہوگئیں ہیں۔ سونامی کے خدشے کے پیش نظر لوگ محفوظ اور اونچے مقامات کی طرف منتقل ہو رہے ہیں۔ (ڈان، 18 ستمبر، صفحہ 14)

XI۔ مزاحمت

8 ستمبر: ایک خبر کے مطابق برسلز، بلجیم میں ہزاروں کسانوں نے یورپی یونین ممالک کے وزراء زراعت کے اجلاس کے موقع پر احتجاجی مظاہرہ کیا اور مطالبہ کیا ہے کہ دودھ، گوشت اور دیگر زرعی پیداوار کے لیے ہنگامی امداد فراہم کی جائے۔ اجلاس کسانوں کو 500 سے 560 ملین یورو امداد دینے پر غور کرنے کے لیے بلایا گیا تھا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 9 ستمبر، صفحہ 13)

XII۔ بیرونی امداد

27 ستمبر: چین کے صدر زی جن پنگ (Xi Jinping) نے اقوام متحدہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے چین غریب ممالک میں ترقی کے لیے ابتدائی طور پر دو بلین ڈالرز فراہم کرے گا۔ اس ترقیاتی امداد میں چین اگلے 15 سالوں میں 12 بلین ڈالرز تک اضافہ کرے گا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 28 ستمبر، صفحہ 13)

روٹس فار ایکوٹی کا تعارف

روٹس فار ایکوٹی استحصال کا شکار اور پسماندہ آبادیوں کے مسائل کو سامنے لانے میں سرگرداں ہے۔ ان شہری اور دیہی علاقوں میں بسنے والی مذہبی اقلیتیں، عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے روٹس ایسی راہ ہموار کرنے پر یقین رکھتی ہے، جس سے آبادیاں اپنے معاشی، سماجی اور سیاسی حقوق کو سمجھتے ہوئے بین الاقوامی انسانی حقوق کے معاہدوں کے مطابق بہتر معیار کا مطالبہ کر سکیں۔

روٹس فار ایکوٹی نے ابتداء ہی سے اپنی توجہ اسٹرکچرل ایڈجسٹمنٹ پروگرام، ڈبلیو ٹی او اور دوسرے آزاد منڈی کے نیولبرل معاہدوں سے دیہی آبادیوں پر مرتب ہونے والے اثرات کو سمجھنے میں کوشاں ہے۔ اس پس منظر میں ادارہ بنیادی طور پر تین سطحوں پر کام کرتا ہے۔

1۔ عالمگیریت کے اثرات اور مسائل پر عملی تحقیق۔

2۔ مقامی، قومی اور عالمی سطح پر باشعور مزاحمت کے لیے مختلف طرح کے لائحہ عمل مثلاً تحقیق، تصانیف اور بین الاقوامی رابطہ کاری وغیرہ سے مقامی آبادیوں کو متحرک کرنا اور اس کے ذریعے مزاحمت کو بڑھانا۔

3۔ وہ آبادیاں جو جاگیرادارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے معاشی، سیاسی اور سماجی تلخیاں جھیل رہی ہیں ان کو براہ راست مدد فراہم کرنا۔

ان تین طریقوں سے کام کرتے ہوئے روٹس فار ایکوٹی نے کامیابی کے ساتھ مقامی آبادیوں کے ساتھ صحت مندانہ روابط قائم کیے ہیں۔

پاکستان میں تبدیلی کے لیے سب سے ضروری بات یہ ہے کہ ملک کی معاشی و معاشرتی ترقی عوام کے گرد ہو۔ یہ بنیادی تبدیلی آبادیوں کو متحرک کیے بغیر ممکن نہیں۔ روٹس فار ایکوٹی یہ پختہ یقین رکھتی ہے کہ سماجی شعور اور سیاسی طور پر بیدار آبادیاں ہی اپنے لیے سماجی اور معاشی انصاف حاصل کر سکتی ہیں۔ روٹس مقامی آبادیوں کے ساتھ مل کر سیاسی، معاشرتی اور معاشی انصاف کی جدوجہد پر پختہ یقین رکھتی ہے۔

اشاعت: روٹس فار ایکوٹی

تعاون: میزریور